ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور

October 2018 Rs.60/-

نیا پاکستان

وزیراعظم عمران خان کے

زائچہ حلف برداری کی روشنی میں

سحر کیا ہے؟

قرآن سے علاج

طبی مشورے

برج عقرب

اعمال چشتیہ

مقدر کا سکندر

مسائل کا نورانی حل

لوحِ شرف قمر	روزمرہ زندگی سے متعلق کسی بھی معاملہ کے فوری روحانی حل کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔
لوحِ شرف شمس	عزت، شہرت، کامیابی، حکومت، سیاست، حصول عہدہ، اعلیٰ پوزیشن، نوکری میں استحکام اور ترقی، اولادِ نرینہ، سرکاری نوکری
لوحِ شرف عطارد	تعلیم، حافظہ اور زبان دانی، کاروبار تجارت اور رزق، نوکری، دماغی امراض، اندرون و بیرون ملک سفر
لوحِ شرف زہرہ	عوام و خواتین میں مقبولیت، تسخیر محبوب، رجوع خلقت، شادی، خوبصورتی اور کشش پیدا کرنے کے لیے
لوحِ شرف مریخ	مخالفین پر غلبہ، دشمنوں کو شکست، مقدمہ یا لڑائی میں کامیابی، سحری و آسیبی امراض سے بچاؤ، تحفظ صحت، قوت جسمانی اور مردانہ حیوانی طاقت۔
لوحِ شرف مشتری	مال و دولت، تجارت و کاروبار میں اضافہ، جائیداد، انعامی بانڈ، لاٹری، خاتمہ غربت مالی۔
لوحِ شرف زحل	جب چلتے کام رکنے لگ جائیں اور کام ہوتے ہوتے رہ جائیں تو آپ کو اس لوح کی ضرورت ہے۔ مختلف قسم کی ناکامیوں اور پریشانیوں سے تحفظ کے لیے۔ وراثتی جائیداد کا مسئلہ
لوح خوش قسمتی	جب مسائل کا کوئی حل نظر نہ آئے تو عمومی خوش قسمتی کے لیے واحد علاج، بہترین مثبت اثرات۔
لوح بدنظری	بچہ کا ایک دم دودھ یا پڑھائی چھوڑ دینا، کاموں نوکری کا اچانک خاتمہ یا خرابی، چلتے کاروبار کی بندش، اچانک بیماری کا جکڑ لینا، بھوک کا خاتمہ، مرتبہ سے بلاوجہ گرنا۔
زعفرانی نقوش	بیماری چاہے کوئی بھی ہو اور کتنی پرانی یا موذی کیوں نہ ہو، ایک کورس اپنا اثر دیکھائے گا۔
طلسم تسخیر و حاجت	رزق، دولت، شادی، تسخیر مطلوب، تسخیر خلق، حصول عہدہ، انعامی بانڈ، تسخیر دشمن، حصول اولاد، صحت، جادو سحر سے حفاظت، حفظ و امان یا کسی بھی مطلب و مقصد کے لیے حاصل کر سکتے ہیں۔
لوح نورانی و کبیر	حروف نورانی کی یہ لوح نوکری، روزگار، بزنس، اولاد، سفر، خوش قسمتی، صحت تندرستی، تعلیم حافظہ عقل و دانش، روحانیات، رد سحر، تحفظ یا جو بھی کوئی اور نیک مقصد ہو اس کے لیے موثر۔
لوح زچگی	زچہ و بچہ کی حفاظت، ان کو سحر، جادو، ٹونا اور ہر قسم کے سحری اور جسمانی نقائص اور اثرات سے حفاظت۔

ماہنامہ
راہنمائے عملیات
لاہور

سرپرست
خالد اسحاق راٹھور، ایم اے ہسٹری

ایڈیٹر
عبدالباسط راٹھور

سب ایڈیٹر
عبدالحی راٹھور

قیمت
راہنمائے عملیات -/60 فی شمارہ
راہنمائے عملیات (12 شمارہ) -/850 زرسالانہ
راہنمائے عملیات (12 شمارہ) -/55 ڈالرز سالانہ (بیرون ملک)
خالد روحانی جنتری -/250
خالد ہندی جنتری -/250

جملہ حقوق
جملہ حقوق بحق خالد روحانی جنتری، خالد ہندی جنتری اور راہنمائے عملیات محفوظ ہیں۔ کسی بھی جریدہ میں شائع شدہ تحریر کو ادارہ کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہیں کیا جاسکتا۔ ایسا کرنے پر کاپی رائٹ ایکٹ کے تحت کاروائی کا حق ادارہ کو حاصل ہے۔

ویب سائٹ
www.khalidrathore.com

ای میل
kirathor@yahoo.com

فیس بک
Rehnuma-e-amliyat
Eastern Artist

دفتری اوقات کار
صبح 11:00 تا شام 06:00 تک
تعطیل اتوار و دیگر حکومتی اعلانات کے مطابق

فون نمبرز
0300-8442060
0321-4753240
0300-4783518
042-36293245
042-36374864

ترسیل زر:
آئی لائن بینک اکاؤنٹ
A/C # 05570017139203
Khalid Ishaq Rathore, Habib Bank Limited, Allama Iqbal Road, Lahore, Pakistan.

بیرون ملک
Western Union, Xpress money, Ria

منی آرڈر
خالد اسحاق راٹھور، راٹھور مینشن، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو لاہور، پاکستان۔

ایزی پیسہ
عبدالباسط راٹھور
Account & Phone No.
03464387683

عبدالحی راٹھور
Account & Phone No.
03464387682

موبی کیش
Account & Phone No.
03008442060

فہرست مضامین

محبان رسول ﷺ	3
دنیا ستاروں کی روشنی میں	5
عملیاتی، روحانی وظائف و اعمال	7
خالد روحانی جنتری اکتوبر 2018	9
کونسی نظرات موثر ہیں کون سی نہیں؟	10
نیا پاکستان وزیراعظم عمران خان کے زائچہ حلف برداری کی روشنی میں	11
آپ کا ماہ کیسا گزرے گا؟	14
قرآن سے علاج	23
سحر کیا ہے	24
طبی مشورے	27
اعمال چشتیہ	31
برج عقرب	33
دشمن کی ہلاکت (حصہ دوم)	36
اعمال عشق و محبت	38
حب کے سربستہ راز	39
لکی نمبرز	48
آئیں دماغ لڑائیں	49
کرشماتی نمبرز	49
مقدر کا سکندر	50
مہورت	51
آج کا دن کیسا گزرے گا؟	54

خالد اسحاق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو لاہور

ناشر۔ شائستہ خالد راٹھور
پرنٹر۔ الامین ٹریڈرز لاہور
جلد 22 شمارہ 8

خوشبویات

بخور، عطر، اگربتیاں، مومی خوشبویں، بخوردان

عام طور پر عملیات سے متعلق بخور وعطر وغیرہ زیادہ قیمتی ہونے کی وجہ سے بہت سے لوگوں کی پہنچ سے دور رہتے ہیں۔ کسی چھوٹے عمل یا وظیفہ یا زکات وغیرہ جیسے امور پر خرچہ اس قدر ہوتا ہے کہ بہت سے لوگ سوچتے ہیں کہ یہ خرچہ کس طرح پورا ہوگا۔ خاص کر طالب علموں کو زیادہ ایسے مسائل ہوتے ہیں۔ ان مسائل کو دیکھتے ہوئے ادارہ راہنمائے عملیات نے اپنے سال ہا سال کے تجربہ کی بنیاد پر مختلف بخور، عطر، اگر بتیاں اور مومی خوشبویں وغیرہ انتہائی کم قیمت میں فراہم کرنے کا بندوبست کیا ہے۔ آپ بھی ان کم قیمت عطریات، بخورات اور اگربتیوں سے مستفید ہو سکتے ہیں۔

خیال رہے یہ کم قیمت ضرور ہیں لیکن موثر ہیں۔ کم قیمت ہونے کا مطلب ان کا بے مقصد اور غیر موثر ہونا ہرگز نہیں۔ یہ عملی لحاظ سے آپ کی تمام ضرورتیں پوری کریں گی اور آپ خود ان کی موثریت کے قائل ہوں گے۔

کواکبی بخور

مختلف کواکب کی نظرات یا شرف واوج کے دوران عاملین نے جو اعمال تیار کرنے ہوتے ہیں، ان کے لئے ہر کوکب سے متعلق خاص بخور درکار ہوتا ہے۔ آپ ادارہ سے کواکبی بخور انتہائی مناسب قیمت پر حاصل کر سکتے ہیں۔

نام بخور	قیمت فی تولہ
قمر	275
شمس	275
عطارد	275
زہرہ	275
مریخ	275
مشتری	275
زحل	275

بخورات (عملیاتی)

ایک عامل نے متفرق اعمال سرانجام دینے ہوتے ہیں۔ ادارہ نے کوشش کر کے مختلف اعمال کیلئے خاص بخورات ترتیب دیئے ہیں۔ جو آپ اپنے عملیات میں مکمل اعتماد سے استعمال کر سکتے ہیں۔

قسم بخور	قیمت فی تولہ
بخور اعمال سعد (عام)	300
بخور سعد اعمال (خاص)	850
بخور نحس اعمال	400
بخور رد سحر وجادو	850
بخور نورانی	1500
بخور العرب	250
بخور الہند	250
بخور	225

بخوردان

بخورات کو استعمال کرنے یعنی جلانے کیلئے، روایتی طور پر کوئلہ کا سہارا لیا جاتا ہے۔ تاہم بخور دان کی مدد سے آپ کو کوئلہ وغیرہ جلانے جیسا مشکل کام نہیں کرنا پڑے گا، کیونکہ یہ بخوردان بجلی سے چلتے ہیں اور سوئچ آن کرنے کے بعد آپ کی پریشانی ختم۔ آپ ان کو UPS پر بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

قسم بخوردان	قیمت
بخوردان (لکڑی)	800
بخوردان سادہ	1500
بخوردان فینسی	2600
بخوردان برائے عطر	2200

مومی خوشبویں

یہ عموماً کپڑوں یا جسم پر لگائی جاتی ہے ان کی خوشبو جہاں بہت سستی ہے، وہاں کافی وقت تک قائم رہتی ہے۔ عام استعمال کیلئے بھی مفید ہیں۔

قسم خوشبو	قیمت
مشک	75
عنبر	75
عنبر خاص	200

850 روپے

میں گھر بیٹھے 12 ماہ تک راہنمائے عملیات کا شمارہ بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک حاصل کریں۔

فون نمبرز | 0300-8442060 | 0321-4753240 | 0300-4783518 | 042-36293245 | 042-36374864

رسول محبان صلی اللہ علیہ وسلم

جناب براء رضی اللہ عنہ بن مالک انصاری

ان صفحات کو ان محبان رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے مخصوص کیا گیا جن کی زندگی نبی اکرم ﷺ کی خدمت اور اسلام کی سربلندی کے لیے بسر ہوئی۔

وہ پراگندہ مو، نحیف الجثہ، ہلکے پھلکے، دبلے پتلے اور چھریرے بدن کے مالک تھے۔ بظاہر ان کی شخصیت میں کوئی کشش نہ تھی۔ دیکھنے والے ان کے اوپر ایک اچٹتی ہوئی نظر ڈال کر اپنی نگاہیں پھیر لیتے تھے۔ لیکن اس کی باوجود ان کی شجاعت و جواں مردی کا یہ حال تھا کہ جنگ مغلوبہ میں دشمن کی کثیر تعداد کو قتل کرنے کے علاوہ انہوں نے انفرادی جنگ میں ایک سو مشرکین کو موت کے گھاٹ اتارا تھا۔ وہ تلوار کے دھنی، نہایت شجاع اور جنگ کے وقت آگے بڑھ بڑھ کر حملہ کرنے والے تھے۔ اسی لیے جناب عمر فاروقؓ نے مختلف صوبہ جات کے گورنروں کو یہ حکم دیا تھا کہ انہیں لشکر مجاہدین کے کسی دستے کی قیادت پر مامور نہ کیا جائے، کیونکہ اس بات کا اندیشہ ہے کہ وہ اپنے اقدام کے ذریعہ سے انہیں ہلاکت میں ڈال دیں گے۔

جناب براء رضی اللہ عنہ بن مالک انصاری
ان کی شجاعت و جواں مردی کا یہ حال تھا کہ جنگ مغلوبہ میں دشمن کی کثیر تعداد کو قتل کرنے کے علاوہ انہوں نے انفرادی جنگ میں ایک سو مشرکین کو موت کے گھاٹ اتارا تھا۔

یہ ہیں خادم رسول ﷺ جناب انسؓ کے بھائی جناب براء بن مالک انصاریؓ۔ انتقال رسول ﷺ سے اس کہانی کا آغاز ہوتا ہے، جب عرب قبائل بڑی تعداد میں دین اسلام کو چھوڑ کر وہ اس طرح اس میں سے نکل گئے جس طرح وہ فوج در فوج داخل ہوئے تھے۔ مکہ، مدینہ اور طائف کے علاوہ ادھر اُدھر کے چند قبائل ہی مسلمان رہ گئے تھے۔ جناب ابوبکر صدیقؓ ان ہلاکت خیز اور تباہ کن فتنوں کے سامنے سینہ سپر ہو گئے۔

ان فتنوں میں ایک مسیلمہ بن حبیب کذاب بھی تھا۔ مسیلمہ نے مسلمانوں کے پہلے لشکر کو، جو اس سے لڑنے کے لیے جناب عکرمہؓ بن ابی جہل کی قیادت میں نکلا تھا، شکست دے کر الٹے پاؤں واپس ہونے پر مجبور کر دیا۔ اس کی جگہ جناب ابوبکر صدیقؓ نے جناب خالد بن ولیدؓ کی سرکردگی میں دوسری فوج روانہ کی جس میں انہوں نے انصار و مہاجرین میں سے بڑے بڑے صحابہ کرامؓ کو جمع کر دیا تھا۔ اس فوج کے ہراول میں جناب براء بن مالک انصاریؓ کی اور کچھ دوسرے بہادر اور جانباز مسلمان مجاہدین شامل تھے۔

دونوں فوجیں مجد میں یمامہ کے مقام پر ایک دوسرے کے ساتھ ٹکرائیں اور جنگ شروع ہونے کے تھوڑی ہی دیر بعد مسیلمہ کا پلہ بھاری ہونے لگا، اس کے حامیوں نے جناب خالد بن ولیدؓ کے خیمے پر حملہ کر کے اسے جڑ سے اکھاڑ پھینکا اور اگر بنو حنیفہ ہی کے ایک شخص (مجاعہ) نے امان نہ دی ہوتی تو انہوں نے ان کی بیوی (ام حکیمؓ) کو قتل بھی کر دیا ہوتا۔ اس وقت مسلمانوں کو زبردست خطرے کا احساس ہوا انہوں نے بڑی شدت کے ساتھ اس بات کو محسوس کیا کہ اگر وہ مسیلمہ سے شکست کھا جاتے ہیں تو آج کے بعد نہ کوئی اسلام کی حمایت میں کھڑا رہ سکے گا نہ پورے جزیرہ عرب میں اللہ وحدہ لا شریک کی پرستش ممکن ہوگی۔ یہ احساس ہوتے ہی جناب خالد بن ولیدؓ بڑی سرعت کے ساتھ فوج کی طرف متوجہ ہوئے اور اس کی اس طرح از سر نو ترتیب قائم کی کہ مہاجرین کو انصار سے اور بادیہ نشین قبائل کو ایک دوسرے سے الگ کر دیا اور ہر قبیلہ کے افراد کو انہیں میں سے کسی کی قیادت میں منظم کیا تاکہ جنگ میں ہر ایک فریق کی کارکردگی کا صحیح صحیح اندازہ ہو سکے اور یہ معلوم ہو جائے کہ مسلمان فوج کس محاذ پر کمزور پڑ رہی ہے۔

دونوں فوجوں میں ایسی سخت اور خونریز جنگ ہوئی کہ اس سے قبل مسلمانوں کی جنگ کی تاریخ میں اس کی کوئی مثال نہیں گزری تھی۔ مسیلمہ کی قوم نے غیر معمولی ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا، وہ معرکہ کارزار میں مضبوط چٹانوں کی طرح ڈٹ گئے اور انہوں نے مقتولین کی کثرت کی کوئی پرواہ نہ کی۔ ادھر مسلمانوں نے جرات و شجاعت کے ایسے شاندار اور فقید المثال کارنامے انجام دیے کہ ان کو مرتب کر دیا جائے تو ایک لاجواب رزمیہ وجود میں آ جائے۔

یہ ہیں انصار کے علم بردار جناب ثابت بن قیسؓ وہ اپنے جسم پر خوشبو لگاتے ہیں، کفن پہنتے ہیں اور زمین میں گڑھا کھود کر اس میں پنڈلیوں تک اتر کر کھڑے ہو جاتے ہیں، اپنی جگہ پر جم کر لڑتے ہیں۔ اپنے قبیلے کے جھنڈے کی حفاظت کرتے اور لڑتے لڑتے شہید ہو جاتے ہیں، اور یہ ہیں عمر فاروقؓ کے بھائی جناب زید بن خطابؓ جو مسلمانوں کو للکار رہے ہیں "لوگو!

دشمن پر کاری ضرب لگاؤ اور اس کو مارتے کاٹتے آگے ہی بڑھتے رہو۔ لوگوں! میں اس کے بعد اب اس وقت تک کوئی بات نہیں کروں گا جب تک مسیلمہ کو شکست نہ ہو جائے یا میں اللہ کی بارگاہ میں حاضر نہ ہو جاؤں تا کہ وہاں اپنی معذرت پیش کر سکوں''۔ پھر انہوں نے دشمن پر ایک زبردست حملہ کیا اور برابر لڑتے رہے یہاں تک کہ جام شہادت نوش فرما لیا اور یہ ہیں جناب ابو حذیفہؓ کے مولیٰ، جناب سالمؓ۔ مہاجرین کا علم ان کے ہاتھ میں ہے۔ ان کے متعلق مہاجرین کو کمزوری یا پسپائی کا اندیشہ ہوا تو انہوں نے جواب دیا کہ اگر میری طرف سے کسی قسم کی کمزوری کا اظہار ہو اور دشمن میری طرف سے تمہارے اوپر حملہ کرنے کی راہ پالے تو میں بدترین حامل قرآن ٹھہروں گا'' یہ کہہ کر وہ دشمن پر ٹوٹ پڑے اور لڑتے لڑتے شہید ہو گئے لیکن یہ سارے کارنامے جناب براء بن مالکؓ کی دلیری و شجاعت کے آگے ہیچ ہیں۔

جناب خالد بن ولیدؓ نے جنگ کے شعلوں کو تیزی سے بھڑکتے ہوئے دیکھا تو جناب براءؓ بن مالک کی طرف متوجہ ہوتے ہوئے بولے کہ ''انصاری نوجوان! دشمن پر حملہ کرو''۔

تو جناب براء بن مالکؓ نے اپنے قبیلے کو مخاطب کرتے ہوئے کہا ''انصار کے لوگو! تم میں سے کوئی شخص مدینہ واپس جانے کی بات نہ سوچے۔ آج کے بعد تمہارے لیے مدینہ نہیں۔ آج تو صرف اللہ وحدہ، لاشریک کی رضا کی طلب ہے اور... اور پھر جنت ہے''۔ پھر انہوں نے قبیلے کے لوگوں سمیت مشرکین پر حملہ کر دیا۔ دشمن کی صفوں کو تباہ کرتے رہے یہاں تک کہ مسیلمہ اور اس کے سپاہیوں کے قدم اکھڑ گئے اور انہوں نے بھاگ کر اس باغ میں پناہ لی جو اس کے بعد تاریخ میں ''حدیقۃ الموت'' کے نام سے مشہور ہوا۔ اس لیے کہ اس روز اس باغ میں بہت کثیر تعداد میں لوگ قتل ہوئے اور کشتوں کے پشتے لگ گئے تھے۔

''حدیقۃ الموت'' ایک بہت وسیع و عریض باغ تھا اور اس کی فصیلیں نہایت بلند و بالا تھیں۔ مسیلمہ اور اس کے ہزاروں ہمنواؤں نے اس میں پناہ لینے کے بعد اس کے دروازے اندر سے بند کر لیے اور اس کی اونچی دیواروں کے پیچھے خود کو محفوظ کر لیا اور اندر سے مسلمانوں پر تیروں کی بارش کرنے لگے۔ اس وقت اسلام کے جانباز اور بہادر فرزند جناب براء بن مالکؓ آگے بڑھے اور بولے کہ ''لوگو! مجھے ڈھال پر بٹھا کر نیزوں کے سہارے اوپر اٹھاؤ اور دروازے کے قریب باغ کے اندر پھینک دو تا کہ یا تو میں شہادت کا درجہ حاصل کر لوں یا تمہارے لیے دروازہ کھول دوں'' جناب براءؓ نہایت ہلکے پھلے اور دبلے پتلے تھے۔ وہ فوراً ایک ڈھال پر بیٹھ گئے اور دسیوں نیزوں نے انہیں اوپر اٹھا لیا اور ان کو حدیقۃ الموت کے اندر مسیلمہ کے ہزاروں فوجیوں کے درمیان پھینک دیا گیا۔ اندر پہنچتے ہی وہ دشمنوں کے اوپر بجلی بن کر گرے۔ وہ دروازے کے پاس برابر لڑتے رہے اور ان کی گردنیں تلوار سے قلم کرتے رہے۔ یہاں تک کہ دس آدمیوں کو قتل کر دیا اور دروازہ کھول دیا۔ اس وقت ان کے جسم پر تیروں اور تلواروں کے اسی سے اوپر زخم تھے۔ مسلمانوں نے دیواروں اور دروازوں کے راستے سے حدیقۃ الموت پر دھاوا بول دیا اور اس میں پناہ لینے والے مرتدین کو اپنی تلواروں کی دھار پر رکھ لیا اور تقریباً بیس ہزار مشرکین کو واصل جہنم کرنے کے بعد مسیلمہ تک پہنچ کر اسے بھی فنا کے گھاٹ اتار دیا۔ جناب براءؓ کے زخموں کا علاج کرنے کے لیے ان کو خیمے میں اٹھا کر لایا گیا۔ جناب خالد بن ولیدؓ دوا و علاج کے سلسلے میں ایک ماہ تک ان کے پاس ٹھہرے رہے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو شفاء کامل سے نوازا اور ان کے ہاتھوں سے مسلمانوں کو شاندار فتح عنایت فرمائی۔

جناب براء بن مالکؓ دولت شہادت کی حسین خواہش کو پورا کرنے کے لیے بہت سے معرکوں میں شریک ہوئے حتی کہ وہ وقت آ گیا جب مسلمانوں نے ایران کے مشہور شہر ''تستر'' کو فتح کرنے کے لیے اس کا چاروں طرف سے محاصرہ کر لیا۔ اہل فارس ایک نہایت مستحکم و مضبوط قلعے میں پناہ گیر ہو گئے۔ محاصرہ کا سلسلہ کافی طویل ہو گیا اور اہل ایران کی پریشانیاں حد سے بڑھ گئیں تو وہ قلعہ کی فصیلوں سے لوہے کی زنجیریں لٹکانے لگے جن کے سروں سے فولادی انکس جڑے ہوئے تھے جن کو آگ میں تپا کر انگاروں کی طرف سرخ کر دیا جاتا۔ وہ نوکیلے اور دہکتے ہوئے انکس مسلمانوں کے جسموں میں دھنس جاتے اور وہ ان میں پھنس کر رہ جاتے، ایرانی ان کو زنجیروں کے ذریعہ اپنی طرف کھینچ لیتے تھے، ان انکسوں میں پھنس کر مسلمان یا تو موت کے گھاٹ اتر جاتے یا قریب الموت ہو جاتے تھے۔ انہی میں سے ایک انکس جناب براءؓ کے بھائی جناب انس بن مالکؓ کے جسم میں دھنس گیا۔ یہ دیکھتے ہی براءؓ قلعے کی دیوار کی طرف لپکے اور جھپٹ کر اس زنجیر کو مضبوطی کے ساتھ پکڑ لیا جو ان کے بھائی کو اٹھائے لیے جا رہی تھی۔ آپؓ نے بھائی کو چھڑائے بغیر زنجیر کو اپنے ہاتھوں سے نہیں چھوڑا، بھائی کو نجات دلانے کے بعد وہ زمین پر گر گئے اور آپ کے ہاتھ جل گئے، صرف ہڈیاں رہ گئیں۔

اسی غزوہ میں آپ نے شہادت کی دعا مانگی جو بارگاہ رب العزت میں قبول ہوئی۔ وہ میدان جنگ میں شہید ہو کر گرے اور دیدار الٰہی کی بیش بہا اور قابل رشک نعمت سے سرفراز ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ جناب براءؓ کے چہرے کو جنت میں شگفتہ اور تر و تازہ رکھے اور ان سے راضی ہو جائے اور ان کو خوش کر دے، آمین!

علوم مخفی کی تمام شاخوں پر کتب دستیاب ہیں۔
مکمل فہرست جوابی خط ارسال کر کے طلب کریں

از: عبدالباسط راٹھور

دنیا ستاروں کی روشنی میں

ملکی اور بین الاقوامی حالات ■ سٹاک مارکیٹ کا جائزہ

پاکستان

اس ماہ کے پہلے دو عشرے ملک میں کرائم کی شرح میں اضافے کی طرف اشارہ کر رہے ہیں۔ ملک میں فحاشی بڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں کے ساتھ ہونے والے ظلم و زیادتی کے واقعات میں بھی اضافہ دیکھا جائے گا۔

حکومت کی طرف سے بیان کردہ نئی تعلیمی اصلاحات پر فی الحال عمل ہوتا یا اس کی کوئی عملی صورت نکلتی نظر نہیں آتی۔ بنیادی تعلیم سے محروم طبقہ کو کوئی خاطر خواہ حقوق ملتے نظر نہیں آتے اور نہ ہی امیر اور غریب کا تعلیمی معیار یکساں ہوتا نظر آتا ہے۔

یہ ماہ بیرونی سرمایہ کاری کے حوالے سے قدرے بہتری لاتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ نیز اگر حکومت بہتر حکمت عملی کا مظاہرہ کرے تو بیرونی امداد بھی حاصل ہوگی۔ نیز امریکہ کی طرف سے بند کی گئی امداد میں کسی حد تک بحالی کی بھی توقع ہے۔

اس ماہ دوسرے ممالک کے ساتھ بہتر تعلقات استوار کرنے پر خصوصی توجہ دی جائے۔ نیز ہمسایہ ممالک جن کے ساتھ معاملات اکثر کشیدہ رہتے ہیں۔ ان کے ساتھ بھی بہتری کی کاوش کی جائے گی مگر اس میں کوئی خاطر خواہ کامیابی کی توقع نہیں۔ بلکہ اس ماہ ہمسایہ ممالک انڈیا، ایران اور افغانستان کے ساتھ تعلقات خراب ہونے کا خدشہ ہے۔ ممکن ہے وہ پاکستان کے دوستی کے ہاتھ کو اپنی دوغلی پالیسی کے تحت وقتی طور پر خوش آمدید کہیں۔ مگر ان کی غیر قانونی مداخلت اور سازشوں میں اضافہ ہوتا ہوا نظر آتا ہے۔ پاکستان کو کمزور کرنے کے حوالے سے مختلف بیرونی ہاتھ سرگرم ہوتے نظر آتے ہیں۔



حکومت طب کے شعبے میں خاص دلچسپی لیتی ہوئی نظر آئے گی اور اس شعبے میں قدرے تیزی سے تبدیلی اور بہتری لانے کے لیے ہر ممکن اقدامات بھی اٹھائے جائیں گے۔ مگر بہتری کے لیے اٹھائے گئے بعض اقدامات ان کے لیے کافی زیادہ تنقید کا باعث بھی بن سکتے ہیں۔ لہٰذا حکومت کو چاہیے کہ کافی سوچ و بچار سے فیصلے کرے ورنہ اپنے ہی فیصلوں میں بعد میں ردوبدل کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

قانون اور عدالتی نظام میں بہتری آنے کی بجائے مزید خرابی آتی ہوئی نظر آتی ہے۔ ستاروں کی موجودہ صورتحال اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ چھوٹوں یا غریب طبقے کو سخت سزائیں دی جائیں گی اور طاقتور بچ نکلنے میں کامیاب ہوں گے یا صرف ذاتی انا پر چند طاقتور سزا پائیں گے۔ آئندہ آنے والا وقت عوام کے اندر قانون کے حوالے سے بے اعتمادی کی فضاء کو بحال کرتا نظر آتا ہے۔ ممکن ہے کہ عدالتوں یا دیگر متعلقہ اداروں نے چند ماہ میں اپنا جو مقام بنایا ہے وہ مقام اور عمارت قدرے گرتی ہوئی نظر آئے۔

وزیراعظم عمران خان کے لیے موجودہ وقت کافی بہتر ہے۔ ان کی شہرت میں قدرے اضافہ ہوگا۔ مگر بعض اقدامات پر بھرپور تنقید ہوتی ہوئی نظر آتی ہے۔ ملک میں صحت اور نچلے طبقے میں بیروزگاری کی شرح کو کم کرنے کے حوالے سے کافی سرگرم رہیں گے۔ طب کے شعبے میں بہتری کے حوالے سے جدید ٹیکنالوجی اور آلات درآمد کرنے پر بھی زور دیا جائے گا۔ غریب عوام کے لیے طبی سہولیات کو مزید سستا کیے جانے کا امکان ہے۔

اسٹاک مارکیٹ

اونچ نیچ کے ساتھ مجموعی طور پر تیزی دیکھنے کو ملے گی۔

مالیاتی ادارے

پہلا عشرہ قدرے تیزی کو ظاہر کر رہا ہے۔ دوسرے اور تیسرے عشرے میں اونچ نیچ کے ساتھ تیزی دیکھنے کو ملے گی۔

آئل اینڈ گیس سیکٹر

مجموعی طور پر تیزی رہے گی، البتہ آخری ہفتہ میں مندی کا رجحان بڑھے گا۔

انرجی سیکٹر

اس سیکٹر میں مجموعی طور پر مندی کا رجحان رہے گا۔

فوڈ سیکٹر

پہلا عشرہ ملے جلے رجحان کو ظاہر کر رہا ہے۔ دوسرے عشرہ میں تیزی کا رجحان بڑھے گا۔ تیسرا عشرہ اونچ نیچ کے ساتھ بہتری کو ظاہر کر رہا ہے۔

ٹیلی کام سیکٹر

پہلا عشرہ قدرے مندی کو ظاہر کر رہا ہے۔ آخری دو عشرے اونچ نیچ کے ساتھ بہتری لے کر آئیں گے۔

سیمنٹ سیکٹر

کافی زیادہ اونچ نیچ دیکھنے کو ملے گی۔ البتہ مجموعی طور پر معمولی بہتری آئے گی۔

بین الاقوامی حالات

امریکہ

ملک کے معاشی حالات میں بہتری آتی ہوئی دکھائی دے گی۔ اسٹاک مارکیٹ میں تیزی کا رجحان رہے گا۔ ملک میں اسٹریٹ کرائم کی شرح میں اضافہ ہوگا۔ لاقانونیت بڑھے گی۔ رشوت کا بازار گرم رہے گا۔ بعض ممالک کے ساتھ وقتی طور پر تعلقات بہتر بنانے پر زور دیا جائے گا۔ البتہ مخالف اور دشمن ممالک پر مزید تجارتی پابندیاں لگانے پر زور دیا جائے۔ شرح پیدائش میں کمی آئے گی۔ ملک میں اجناس کی پیداوار میں اضافہ ہوگا۔

برطانیہ

ملکی درآمدات میں اضافے اور برآمدات میں کمی کی توقع ہے۔ اسٹاک مارکیٹ میں بھی مجموعی طور پر مندی کا رجحان رہے گا۔ دوسرے ممالک کے ساتھ تعلقات میں کشیدگیاں بڑھیں گی۔ البتہ ہمسایہ ممالک کے ساتھ تجارتی تعلقات میں بہتری آئے گی۔ ملک میں طب اور تعلیم کے شعبے میں مزید بہتری لائی جائے گی۔ اسٹریٹ کرائم کی شرح میں کمی متوقع ہے۔

چین

ملک معاشی ترقی میں تیزی آئے گی۔ دوسرے ممالک خصوصاً دوست ممالک کے ساتھ تجارتی تعلقات میں مزید اضافہ ہوتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ امریکہ کے ساتھ جاری تجارتی تنازعات کا کوئی مستقل حل نکلتا ہوا نظر نہیں آتا۔ ملک کے عدالتی نظام کو مزید بہتر بنانے پر توجہ دی جائے گی، البتہ اقلیتوں کے ساتھ ہونے والی ناانصافیوں میں اضافے کا خدشہ ہے۔ ہمسایہ ممالک کے ساتھ وقتی طور پر حالات کشیدہ ہو سکتے ہیں۔

انڈیا

فصلوں کی پیداوار بڑھانے اور جدید طریقہ کار چھوٹے کسانوں تک متعارف کروانے پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ قدرتی آفات کی وجہ سے فصلوں کی تباہی کے بھی امکانات ہیں۔ حکومت عوام کو مطمئن کرنے کے لیے طب کے شعبے پر خصوصی توجہ دے گی۔ نیز بے روزگاری کی شرح میں کمی لانے کے حوالے سے مثبت اقدامات کیے جائیں گی۔ مگر عوام کا عدم اعتماد بڑھتا ہوا دکھائی دے رہا ہے۔ مہنگائی میں اضافہ ہوگا۔ نیز ہتھیاروں کی خریداری پر ضرورت سے زائد سرمایہ کاری معاشی عدم استحکام میں اضافہ کرے گی۔ ہمسایہ ممالک کے ساتھ تعلقات کشیدہ رہیں گے۔

ایران

ملک کے بین الاقوامی تعلقات میں کوئی بہتری آتی ہوئی نظر نہیں آتی۔ بلکہ معاملات ملک کے لیے مزید سخت ہوں گے۔ ملک میں فصلوں کی پیداوار بھی متاثر ہونے کے قوی امکانات ہیں۔ جس کی وجہ سے اشیاء خوردنوش کی قیمتوں میں بھی اضافہ ممکن ہے۔ حکومت کو معاشی استحکام کے لیے لچک دکھانے کی ضرورت پڑے گی۔

افغانستان

ملک کے اندر جاری جنگ میں ایک بار پھر قدرے شدت آتی ہوئی نظر آتی ہے۔ ملک میں خون ریزی بڑھے گی۔ ہمسایہ ممالک کے ساتھ تجارت بڑھانے اور تعلقات بہتر بنانے پر زور دیا جائے گا۔

☆☆☆☆

اس ماہ کے خاص

عملیاتی روحانی وظائف و اعمال

تحریر: عبدالباسط راٹھور

نظرات کواکب پر مضامین کا ایک خاص سلسلہ

ملازمت کے قائم رہنے کے لیے

عطارد تسدیس زحل

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	11-10-18	12-10-18	13-10-18
وقت	21:05	13:21	05:43

اکثر ملازمت پیشہ افراد نوکری سے نکالے جانے کے ڈر میں رہتے ہیں۔ خصوصاً پرائیوٹ سیکٹر میں تو یہ ڈر اور فکر ہر لمحے انسان کے ساتھ رہتی ہے۔ لہٰذا ملازمت پیشہ افراد کی ملازمت کی حفاظت کے حوالے سے خصوصی عمل دیا جا رہا ہے۔ یہ عمل آپ کی ملازمت میں بہتری کے ساتھ ساتھ آپ کی ملازمت کو قائم رکھنے میں بھی آپ کی مدد کرے گا۔

الاسماء الحسنٰی:۔

یا اللہ یا وھاب یا واسع یا وکیل یاحی یا قیوم

بادی نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا اللہ یا وھاب یا واسع یا وکیل یاحی یا قیوم

۱۲۰	۱۰۶	۱۱۴	۱۱۷
۱۱۳	۱۱۸	۱۱۹	۱۰۷
۱۱۵	۱۱۲	۱۰۸	۱۲۲
۱۰۹	۱۲۱	۱۱۶	۱۱۱

یا اللہ یا وھاب یا واسع یا وکیل یاحی یا قیوم

بادی چال سے عمل تیار کریں اور گلے میں پہنیں۔

بخور:

عمل کے دوران عطر مشک اور لوبان اگربتی کا استعمال کریں۔

صدقہ:

مرغا سرخی مائل رنگ کا ذبح کریں۔

دشمن کو جسمانی نقصان پہنچانے کے لیے

حضیض مریخ

	ابتداء حضیض مریخ	اختتام حضیض مریخ
تاریخ	26-10-18	28-10-18
وقت	12:19:07	08:04:51

کسی دشمن یا بدکار شخص کو جسمانی نقصان پہنچانا مقصود ہو یا چاہتے ہوں کہ اس کا کوئی بڑا حادثہ ہو جائے تو یہ عمل اس کے لیے نہایت مجرب اور تیر بہدف ہے۔ مگر یاد رکھیں کہ کسی کے ساتھ زیادتی نہ کریں۔ کسی کے ساتھ زیادتی یا بغیر اجازت عمل کرنے کی صورت میں رجعت کے شکار ہو سکتے ہیں۔ لہٰذا احتیاط برتیں۔

الاسماء الحسنٰی:۔

یا اللہ یا قھار یا جبار

بادی نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا اللہ یا قھار یا جبار

۱۵۰	۱۳۷	۱۴۴	۱۴۷

۱۴۳	۱۴۸	۱۴۹	۱۳۸
۱۴۵	۱۴۲	۱۳۹	۱۵۲
۱۴۰	۱۵۱	۱۴۶	۱۴۱

یا اللہ یا قھار یا جبار

خاکی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا قھار یا جبار

۱۴۷	۱۴۴	۱۳۷	۱۵۰
۱۳۸	۱۴۹	۱۴۸	۱۴۳
۱۵۲	۱۳۹	۱۴۲	۱۴۵
۱۴۱	۱۴۶	۱۵۱	۱۴۰

یا اللہ یا قھار یا جبار

خاکی چال سے چار عدد نقش تیار کریں اور ہر نقش دشمن کے گھر کے کچھ فاصلے پر چاروں اطراف میں دبا دیں۔ بادی چال سے نقش دشمن کی تصویر کی پشت پر بنائیں اور کسی ایسی جگہ لٹکائیں جہاں آپ مسلسل 7 دن اس پر 7 پتھر مار سکیں۔ ہر پتھر مارنے سے قبل درج ذیل آیت 7 دفعہ پڑھیں۔

ترمیھم بحجارۃ من سجیل o فجعلھم کعصف ماکول o (سورۃ الفیل 4-5)

عمل شروع کرنے سے قبل اچھی طرح سوچ لیں کیونکہ ایک دفعہ عمل شروع کر دیا تو واپسی کی کوئی گنجائش باقی نہ رہے گی اور درمیان میں چھوڑنے والا رجعت کا شکار ہوگا۔

صدقہ:

عمل کے شروع اور اختتام پر سرخی مائل رنگ کا مرغ ذبح کریں۔

بخور:

بخور اعمال نحس کا استعمال کریں۔

مکار اور منافق شخص کو نقصان پہنچانے کے لیے

حضیض مریخ

	ابتداء حضیض مریخ	اختتام حضیض مریخ
تاریخ	26-10-18	28-10-18
وقت	12:19:07	08:04:51

حضیض مریخ ایک نہایت نحس وقت ہے۔ آپ اس وقت یہ عمل شروع کر کے اس کی شدت میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ اس وقت کے علاوہ بھی یہ عمل کیا جا سکتا ہے۔ مگر بہترین وقت کا انتخاب بہتر نتائج لے کر آتا ہے۔

ایسا شخص جو آپ کی پیٹھ پیچھے آپ کی برائی کرتا ہو یا منافقوں کی طرح منہ پر کچھ اور بعد میں کچھ اور ہو تو ایسے شخص کو نقصان پہنچانے کے لیے درج ذیل عمل کریں۔

آیت عمل:۔

''ویل لکل ھمزۃ لمزۃ'' (سورۃ الھمزۃ. 1)

21 عدد کالی مرچ کے دانے لے کر 3 دن اس آیت کو دشمن کے نام معہ والدہ کے اعداد کے مطابق پڑھیں پھر ہر روز 7 عدد دانے ایک ایک کر کے آگ میں ڈالیں۔ ہر دانہ ڈالتے وقت بھی یہی آیت پڑھیں اور دشمن کی خرابی کا تصور کریں۔

صدقہ:

سوا کلو بڑا گوشت صدقہ کریں۔

بخور:

عنبر کی اگربتی سلگائیں۔

مفلسی کا خاتمہ

وہ لوگ جن کے گھر میں مفلسی اور غربت نے ڈیرے ڈال رکھے ہوں اور کوئی بھی روزگار نہ مل رہا ہو تو گھر کے تمام افراد مل کر روزانہ 700 بار اس آیت کو پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی کوسبب بن جائے گا۔

آیت:

''الذی اطعمھم من جوع وء امنھم من خوف'' (سورۃ القریش 4)

خالد روحانی جنتری.....اکتوبر 2018 / محرم 1440 / اسوج 2075

	ماہانہ تقویم						امور قمر			لاہور		کراچی		پشاور		کوئٹہ		راولپنڈی		ملتان	
دن	اکتوبر	محرم	اسوج	میزان	حمل	روزانہ نمبر	برج	ابتداء	منزل	ابتداء	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب
پیر	1	20	15	9	م	5	سرطان	23:00	ذراعہ نثرہ 23:00	00:38	05:56	17:48	06:24	18:19	06:08	17:58	06:26	18:18	06:02	17:53	06:08	18:01
منگل	2	21	16	10	ن	6			طرفہ	21:06	05:57	17:47	06:25	18:18	06:09	17:57	06:26	18:17	06:02	17:52	06:08	18:00
بدھ	3	22	17	11	ن	7			جبہ	18:57	05:58	17:45	06:25	18:17	06:10	17:56	06:27	18:15	06:03	17:51	06:09	17:59
جمعرات	4	23	18	12	س	8	اسد	02:12	زہرہ	16:36	05:58	17:44	06:25	18:15	06:10	17:54	06:27	18:14	06:04	17:49	06:10	17:58
جمعہ	5	24	19	13	ن	9			صرفہ	14:04	05:59	17:43	06:26	18:14	06:11	17:53	06:28	18:13	06:04	17:48	06:10	17:56
ہفتہ	6	25	20	14	ن	1	سنبلہ	04:19	عوا	11:26	05:59	17:42	06:26	18:13	06:12	17:52	06:29	18:12	06:05	17:47	06:11	17:55
اتوار	7	26	21	15	س	2			سماک	08:45	06:00	17:40	06:27	18:12	06:12	17:50	06:29	18:11	06:06	17:45	06:11	17:54
پیر	8	27	22	16	س	3	میزان	06:09	غفرہ	06:09	06:01	17:39	06:27	18:11	06:13	17:49	06:30	18:10	06:07	17:44	06:12	17:53
منگل	9	28	23	17	س	4			زبانہ	03:47	06:01	17:38	06:28	18:10	06:14	17:48	06:30	18:08	06:07	17:43	06:13	17:52
بدھ	10	29	24	18	س	5	عقرب	09:09	اکلیل	01:43	06:02	17:37	06:28	18:09	06:15	17:46	06:31	18:07	06:08	17:42	06:13	17:50
جمعرات	11	صفر	25	19	ن	6			قلب شولہ 23:10	00:09	06:03	17:36	06:29	18:08	06:16	17:45	06:32	18:06	06:09	17:40	06:14	17:49
جمعہ	12	2	26	20	س	7	قوس	14:52	لغائم	22:51	06:03	17:34	06:29	18:07	06:16	17:44	06:32	18:05	06:10	17:39	06:14	17:48
ہفتہ	13	3	27	21	ن	8			بلدہ	23:13	06:04	17:33	06:30	18:06	06:17	17:43	06:33	18:04	06:10	17:38	06:15	17:47
اتوار	14	4	28	22	س	9					06:05	17:32	06:30	18:05	06:18	17:41	06:34	18:03	06:11	17:37	06:16	17:46
پیر	15	5	29	23	ن	1	جدی	00:16	ذابح	00:16	06:06	17:31	06:31	18:04	06:19	17:40	06:34	18:02	06:12	17:35	06:16	17:45
منگل	16	6	30	24	س	2			بلعہ	01:53	06:06	17:30	06:31	18:03	06:19	17:39	06:35	18:00	06:13	17:34	06:17	17:44
بدھ	17	7	کاتک	25	س	3	دلو	12:35	سعود	03:52	06:07	17:29	06:32	18:03	06:20	17:38	06:36	17:59	06:13	17:33	06:18	17:43
جمعرات	18	8	2	26	س	4			اخبیہ	06:02	06:08	17:28	06:32	18:02	06:21	17:36	06:36	17:58	06:14	17:32	06:18	17:42
جمعہ	19	9	3	27	س	5			مقدم	08:06	06:08	17:26	06:33	18:01	06:22	17:35	06:37	17:57	06:15	17:30	06:19	17:41
ہفتہ	20	10	4	28	ن	6	حوت	01:20	موخر	09:53	06:09	17:25	06:33	18:00	06:23	17:34	06:38	17:56	06:16	17:29	06:20	17:39
اتوار	21	11	5	29	س	7			رشا	11:11	06:10	17:24	06:34	17:59	06:24	17:33	06:38	17:55	06:17	17:28	06:20	17:38
پیر	22	12	6	30	س	8	حمل	11:58	شرطین	11:58	06:11	17:23	06:34	17:58	06:24	17:32	06:39	17:54	06:17	17:27	06:21	17:37
منگل	23	13	7	عقرب	ن	9			بطین	12:09	06:11	17:22	06:35	17:57	06:25	17:31	06:40	17:53	06:18	17:26	06:22	17:36
بدھ	24	14	8	2	س	1	ثور	19:33	ثریا	11:46	06:12	17:21	06:35	17:56	06:26	17:30	06:40	17:52	06:19	17:25	06:23	17:35
جمعرات	25	15	9	3	س	2			دبران	10:55	06:13	17:20	06:36	17:56	06:27	17:28	06:41	17:51	06:20	17:24	06:23	17:35
جمعہ	26	16	10	4	ن	3			ہقعہ	09:41	06:14	17:19	06:37	17:55	06:28	17:27	06:42	17:50	06:21	17:23	06:24	17:34
ہفتہ	27	17	11	5	ن	4	جوزا	00:40	ہقعہ	08:08	06:14	17:18	06:37	17:54	06:29	17:26	06:43	17:49	06:22	17:22	06:25	17:33
اتوار	28	18	12	6	س	5			ذراعہ	06:21	06:15	17:17	06:38	17:53	06:30	17:25	06:43	17:49	06:22	17:21	06:25	17:32
پیر	29	19	13	7	س	6	سرطان	04:26	نثرہ	04:26	06:16	17:16	06:38	17:53	06:30	17:24	06:44	17:48	06:23	17:20	06:26	17:31
منگل	30	20	14	8	ن	7			طرفہ	02:27	06:17	17:15	06:39	17:52	06:31	17:23	06:45	17:47	06:24	17:19	06:27	17:30
بدھ	31	21	15	9	ن	8	اسد	07:41	جبہ زہرہ 22:17	00:22	06:18	17:15	06:40	17:51	06:32	17:22	06:46	17:46	06:25	17:18	06:28	17:29

آسان عملیات کتاب

یہ کتاب دراصل اُن عملیات اور روحانی اعمال پر مبنی ہے جن کو خالد اسحاق راٹھور، ایڈیٹر، راہنمائے عملیات نے مختلف لوگوں کو اِن کے مسائل کے حل کے حوالے سے تعلیم کیا۔ یہ عملیات اور اس کے نقوش ہر درجہ موثر اور صاحب قلم کی سند لیے ہوئے ہیں۔ ہر عامل اور عام فرد کو اس سے فائدہ اُٹھانا چاہیے۔

تحریر و تحقیق: خالد اسحاق راٹھور

کون سی نظرات موثر ہیں کون سی نہیں؟

اس مضمون کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ نقوش وعملیات تیار کرنے والے عامل یا عام لوگ جن کو نجوم وعملیات کی معمولی سمجھ ہے یا بالکل نہیں ہے اس مضمون کی مدد سے صرف ایسے وقت میں نقش یا اعمال تیار کریں جو موثر ثابت ہوں اور ان کا وقت، رقم اور محنت ضائع نہ ہو۔ بہت سے لوگ بلا علم ہر نظر کی ظاہری سعادت ونحوست پر اعمال تحریر کر دیتے ہیں جو کہ فائدہ مند ثابت نہیں ہوتے۔ سو راہنمائے عملیات کے قارئین کی خصوصی راہنمائی کے لیے ہر ماہ یہ مضمون تحریر کیا جاتا ہے۔ تاکہ کوئی بھی کواکبی نظر ہو آپ اس مضمون سے زیادہ سے زیادہ بہتر اور قوت اور طریق سے عمل تیار کر سکیں۔ یہ ایسے ہی ہے کہ زہرہ اور مشتری کی باہم سعد نظر کو ہر مسئلہ کا حل مانا جاتا ہے۔ لیکن اگر بلحاظ زائچہ بہ وقت اور نظر بلحاظ حساب قوی نہ ہو تو عمومی بیان کردہ احکامات کبھی پیدا نہ ہوں گے۔ اللہ آپ کو کامیابی عطا فرمائے۔

کواکبی نظر	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر	احکام نظر.....یعنی نقش، تعویذ و عمل تیار کریں یا نہ؟

اکتوبر

زہرہ تربیع مریخ	09-10-2018 17:56	11-10-2018 07:30	12-10-2018 17:24	نظراتی اعتبار سے نحس وقت ہے۔ اعمال ونقوش جو منفی اور نحس ہوں ان میں کامیابی کا امکان 60 فی صد تک ہے۔ ممکن ہے عملیاتی اثرات زیادہ دیر پا نہ ہوں۔
عطارد تسدیس زحل	11-10-2018 21:05	12-10-2018 13:31	13-10-2018 05:43	سعد وقت ہے جو بھی سعد عمل ولوح تیار کرنا چاہیں کر سکتے ہیں۔ کامیابی 70 فی صد کے قریب ہے۔
عطارد قران زہرہ	15-10-2018 12:31	16-10-2018 01:21	16-10-2018 14:06	ایک ملا جلا وقت ہے جس میں عام عامل کا کام کرنا زیادہ موزوں نہیں۔
عطارد تربیع مریخ	18-10-2018 20:40	19-10-2018 22:24	21-10-2018 00:40	نحس اعمال کا اثر مکمل طور پر واقع نہ ہوگا۔ تاہم 40 تا 50 فی صد تک منفی اُمور کے اعمال کامیاب رہیں گے۔
زہرہ تسدیس زحل	23-10-2018 05:47	24-10-2018 17:52	26-10-2018 05:07	یہ کواکبی حالت 40 تا 50 فی صد تک سعد اعمال میں کامیابی کی مظہر ہے۔ بہت ضروری نہ ہو تو اگلے کسی وقت عمل کر لیں۔
زہرہ قران شمس	26-10-2018 04:21	26-10-2018 19:17	27-10-2018 10:11	جاری کواکبی صورت میں کامیابی اعمال کی شرح کم رہے گی۔
شمس تسدیس زحل	27-10-2018 05:50	28-10-2018 07:53	29-10-2018 09:57	سعد نظر ہے۔ اس وقت تیار کردہ اعمال ونقوش میں کامیابی کا عنصر 60 فی صد کے قریب ہوگا۔ زیادہ توقع نہ رکھیں۔

کتاب
مسائل کا روحانی حل
انسانی زندگی خوشی اور غمی کا امتزاج ہے۔ مسائل کا روحانی حل نامی یہ کتاب فرد کو پیش آنے والے مختلف قسم کے مسائل کا روحانی اور عملیاتی حل لیے ہوئے ہے۔ اس میں روزمرہ سے لے کر خصوصی نوعیت اور جسمانی و ذہنی ہر طرح کے مسائل کا روحانی حل شامل ہے۔

نیا پاکستان

تحریر: عبدالباسط راٹھور

وزیراعظم عمران خان کے زائچہ حلف برداری کی روشنی میں

علم نجوم کی روشنی میں وزیراعظم عمران خان کے زائچہ پر سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے کہ نیا وزیراعظم ملک پاکستان کے لیے کیا کیا مثبت اور منفی تبدیلیاں لے کر آئے گا۔

اس سے قبل قارئین کے لیے الیکشن 2018ء کا زائچہ پیش کیا گیا تھا۔ جس میں کی گئی پیشن گوئیاں اللہ کے فضل وکرم سے درست ثابت ہوئیں۔ الیکشن میں منظم دھاندلی اور فسادات و دھماکوں کی وجہ سے جانی نقصانات کی پیشن گوئیاں بھی کی گئی تھیں۔

اس کے ساتھ یہ واضح کیا گیا تھا کہ آئندہ بننے والی پی ٹی آئی کی حکومت مخلوط اور کمزور ہوگی۔ جس کی عملی شکل اب آپ کے سامنے آچکی ہے۔ اسی طرح ایم کیو ایم کی گرتی ہوئی ساکھ اور مذہبی جماعتوں کی ناکامی کا بھی ذکر کیا گیا تھا۔ پیپلز پارٹی سندھ میں دوبارہ حکومت بنانے میں کامیاب رہی اور مسلم لیگ (ن) شہباز شریف کے قوی زائچے کی بدولت پنجاب میں اکثریتی جماعت تو بن گئی مگر حکومت نہ بنا سکی۔

اب اگر وزیراعظم عمران خان کے حلف برداری کے زائچے پر غور کیا جائے تو ان کا طالع برج میزان ہے۔ جس کا مالک اپنے ہی گھر میں بیٹھا ہوا ہے۔ اس برج سے تعلق رکھنے والے افراد فیصلے کرنے میں کمزور شخصیت کے حامل ہوتے ہیں۔ پھر طالع کے مالک کی اپنے ہی گھر میں موجودگی ان کی اپنی انا اور شخصیت کو اہمیت بھی دے رہی ہے



جیسا کہ پہلے ذکر کیا گیا ہے کہ برج میزان کے تحت لوگ فیصلے میں تھوڑا کمزور ہو جاتے ہیں۔ نیز زائچے کے دسویں گھر کا مالک قمر ہبوط میں ہے اور طالع کے مالک کے ساتھ ساقط النظر ہے یعنی ان کے فیصلوں میں تبدیلی کا عنصر کافی واضح رہے گا۔ ان کے بیانات میں تبدیلی کے آثار عمران خان کے پیدائشی زائچے میں بھی موجود ہیں اور پھر کمزور حلف برداری کی وجہ سے اس کے اثرات میں شدت آجائے گی۔ جس کے کچھ نمونے آپ 2 ہفتوں میں ہی دیکھ چکے ہیں۔ اگر اس حوالے سے انہوں نے احتیاط نہ برتی تو فیصلوں میں ردو بدل اور تبدیلی میں اضافہ ہی ہوگا۔

اب اگر عوام کے سب سے اہم سوال پر غور کیا جائے کہ آیا کہ وزیر اعظم صاحب اپنا پانچ سالہ دور مکمل کر جائیں گے کہ نہیں؟ تو اس حوالے سے زائچہ کا طالع اور دسواں گھر سب سے اہم ہیں۔ زائچہ کے دسویں گھر کا مالک قمر ہے اور وہ ہبوطی برج میں بیٹھا ہوا ہے۔ ان کے زائچے میں قمر سب سے نحس پوزیشن میں موجود ہے اور اقتدار مکمل نہ کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ البتہ طالع کا مالک زہرہ اپنے ہی گھر میں ہے جس کی وجہ سے ہم کہہ سکتے ہیں کہ جب تک یہ پریشر گروپس کی بات مانتے رہیں گے تب تک چلتے رہیں گے۔ انہیں چاہیے کہ قمر کی نحوست کے خاتمے کے لیے زیادہ سے زیادہ دودھ کا صدقہ نکالا کریں۔ ورنہ معاملات بدلنے میں دیر نہ لگے گی۔

زائچے کے دوسرے گھر میں قمر ہبوطی برج میں موجود ہے نیز وہاں

عطر مشک

جنسی قوت میں اضافہ، روحانی قوت کا حصول، بخار، کھانسی، ذہنی قوت، دل کے مریضوں کے لیے مفید، ذہنی اور نروس سسٹم کی بہتری کے لیے، جوڑوں کے درد کا خاتمہ، درد سے جلد آرام، زخموں کے جلد بھرنے کے لیے، جلد کی بہتری اور تر و تازہ رکھنے کے لیے، نظام ہضم کو بہتر بنانے، قوت مدافعت بڑھانے۔

مشتری بھی موجود ہے۔ دوسرے گھر کا مالک مریخ زائچے کے چوتھے گھر میں زحل کے ساتھ مقیم ہے۔ ہم کہہ سکتے ہیں کہ ان کے دور میں معاشی معاملات کافی زیادہ اتار چڑھاؤ کا شکار رہیں گے۔ مہنگائی بڑھے گی۔ بیرونی امداد اور فنڈنگ میں اضافہ ہوگا۔ زراعت کے شعبے میں سرمایہ کاری بڑھے گی اور برآمدات میں اضافے کی مثبت کوششیں کی جائیں گی۔ البتہ قدرتی آفات کی وجہ سے زراعت کے شعبے میں نقصان کی بھی توقع ہے۔ ملک کے بیرونی قرضوں میں بھی اضافہ ہوگا۔

زائچے کے تیسرے گھر کا مالک مشتری دوسرے گھر میں مقیم ہے۔ گیارہویں گھر کا مالک شمس اپنے ہی گھر میں مقیم ہے اور مشتری کے ساتھ تربیع کی نظر بنا رہا ہے۔ عطارد اور مشتری بھی آپس میں تربیع کی نظر بنا رہے ہیں۔ جس کی بنا پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ ہمسایہ ممالک خصوصاً دوست ممالک کی پاکستان میں سرمایہ کاری بڑھے گی۔ مگر اس کا سارا دارومدار ذاتی مفاد پر ہوگا۔ چین کے علاوہ دیگر ہمسایہ ممالک کے ساتھ بھی مثبت تعلقات قائم کیے جائیں گے اور تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دیا جائے گا۔

زائچے کے چوتھے اور پانچویں گھر کا مالک زحل ہے۔ زحل برج جدی میں مریخ کے ساتھ بیٹھا ہوا ہے اور طالع کے ساتھ تربیع کی نظر بنا رہا ہے۔ زراعت کے شعبے میں بہتری کے ساتھ ساتھ جدت بھی آئے گی۔ مگر قدرتی نقصانات کا بھی اندیشہ ہے۔ زائچہ، تعلیم کے شعبے میں وزیر اعظم کی خصوصی دلچسپی کو ظاہر کر رہا ہے۔ تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے اور شرح خواندگی میں اضافے کے حوالے سے مثبت اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ اور اس سے ملک کو خاطر خواہ فائدہ ہوگا۔ کھیل کے میدانوں کو بہتر بنانے اور کھیل کے شعبوں کو فروغ دینے کے لیے بہتر اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ شرح پیدائش میں بہتری آئے گی۔

چھٹے گھر کا مالک مشتری برج عقرب میں قمر کے ساتھ بیٹھا ہوا ہے اور عطارد کے ساتھ تربیع کی نظر بنا رہا ہے۔ جس کی وجہ سے ہم کہہ سکتے ہیں۔ طب کے شعبے میں بہتری آئے گی۔ مگر اس کے لیے بنائی گئی پالیسیوں میں بار بار ردوبدل معاملات میں التواء اور تنقید کا باعث بنے گا۔ البتہ مجموعی طور پر طب کے شعبے میں جدت لانے کی بھرپور کوشش کی جائے گی۔

ساتویں گھر کا مالک مریخ برج جدی میں مقیم ہے۔ جو عوام کی زیادہ تر خواہشات کے ٹوٹنے کی طرف اشارہ کر رہا ہے یا یوں کہیں کہ حکومت اپنے وعدوں میں سے زیادہ تر میں ناکام اور کچھ میں کامیاب ہوگی۔

نویں اور بارہویں گھر کا مالک عطارد برج اسد میں شمس کے ساتھ مقیم ہے۔ جہاں شمس اپنے ہی گھر برج اسد میں گیارہویں گھر میں ہے۔ جس کی بدولت عدالتی نظام میں بہتری لانے کے ساتھ ساتھ عدالت کو غیر جانبدار بنانے کی بھی کوشش کی جائے گی۔

جدید اسلحوں کی خریداری میں اضافہ ہوگا۔ فوج کے بجٹ میں اضافہ ممکن ہے، نیز فوج کے تجارتی اداروں میں وسعت آئے گی۔ پولیس کے نظام میں بہتری کے ساتھ ساتھ جیلوں میں بھی بہتری لائی جائے گی۔

تمام تر پیشن گوئیاں وزیر اعظم عمران خان کے حلف برداری کے زائچے کے تناظر میں کی گئی ہیں۔ آخر میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کے حق میں بہتری فرمائے اور پاکستان کو دن دگنی رات چگنی ترقی دے۔

واللہ اعلم بالصواب

کتب ابن عربی

ابن عربی کا نام تصوف و روحانیت کے متوالوں کے لیے نیا نہیں ہے۔ اِن کا ایک خاص مقام تصوف کے حوالے سے ہے۔ زیر بحث کتاب اِن کے چار رسائل کے اُردو ترجمے پر مشتمل ہے۔ ادارہ راہنمائے عملیات نے خصوصی کوشش سے اِن رسائل کو اُردو دان طبقے کے لیے پیش کیا ہے۔ تصوف و روحانیات سے تعلق رکھنے والوں کے لیے اُردو میں ایک لاجواب کتاب ہے۔

جواہرات اور تسبیحاں

ادارہ راہنمائے عملیات اصل جواہرات اور اصل پتھروں کی تسبیحاں ایک طویل عرصہ سے فراہم کر رہا ہے۔ یہ دراصل ادارہ راہنمائے عملیات پر اعتماد کی وجہ ہی ہے کہ ملک عزیز کے کونے کونے سے لوگ جواہرات اور تسبیحاں گھر بیٹھے طلب کرتے ہیں اور ادارہ بھی ان کے اعتماد پر پورا اترتا ہے۔ سو آپ بھی اصل جواہر و پتھر مناسب قیمت پر دفتر آ کر یا بذریعہ ڈاک طلب کر سکتے ہیں۔ جواہرات کی مزید تفصیل آپ ہماری ویب سائٹ پر بھی دیکھ سکتے ہیں۔

ذیل میں جواہرات کی کم سے کم قیمت دی گئی ہے۔ آپ ہمارے سے چاہے سستا سے سستا پتھر خریدیں یہ یقین رکھیں کہ ہوگا وہ اصل۔ جواہر کے اصل ہونے کی ہماری گارنٹی ہے۔ جو لوگ خود نہیں آسکتے وہ ہماری ویب سائٹ پر پتھروں کی تصویر اور قیمت دیکھ سکتے ہیں۔ آپ ادارہ سے اپنے پسندیدہ پتھر کی انگوٹھی یا لاکٹ وغیرہ بھی بنوا سکتے ہیں۔

جواہرات

نام پتھر	قیمت	گاؤمیدک	1600	سنگ موسی	3000
عقیق	500	پیری ڈاٹ	1100	بلڈسٹون	1500
لاجورد	550	نیلم	2600	مقناطیس	1500
مرجان	1600	لہسینیا	900	مانک	3000
فیروزہ	2400	ٹائیگر	900	سنگ یشیب	4000
مون سٹون	1200	گارنٹ	950	سنگ حدید	1250
ریمبومون سٹون	3600	موتی	2000	زہر مہرہ	1000
اوپل	2200	فونکس/جیڈ	1500	ترلین	2200
زمرد	4200	زبرجد	1500	اونیکس	1400
یاقوت	2600	دانہ فرہنگ	1500	کنزائٹ	4000
پکھراج سنہلا	950	کوارڈز	2000	جیسپر	1200
پکھراج پیلا	2500	روزکوارڈز	1500	لیبروڈرائٹ	2100
پکھراج سفید	6000	ایمے تھیسٹ (کٹیلا)	2000		
سنگ مریم	800	موئے نجف	1100		
ایکوامرین	3200	درنجف	750		

پتھروں کے اصل ہونے کی گارنٹی ہے

جواہراتی تسبیحاں

ذیل میں مختلف جواہرات سے بنی تسبیحوں کا ذکر ہے۔ خیال رہے یہ سب اصل ہیں کوئی بھی تسبیح ان میں سے نقلی نہیں ہے۔ یہ کم سے کم قیمت ہے۔

تسبیحات	قیمت 33 دانے	قیمت 99 دانے
عقیق یمنی لال	1200	3000
عقیق سلیمانی	1500	4400
عقیق لال کٹنگ والی	5000	---
عقیق کالا	2000	4000
عقیق سبز سلیمانی	7500	---
موتی	1650	4000
صدف	2800	8000
ٹائیگر	2000	3000
لاجورد	2200	6500
جیڈ	2750	4000
دانہ فرہنگ	2500	4000
سنگ یشیب	16,000	---
گارنٹ	12,500	---
پیری ڈاٹ	15,500	---
چاندی اللہ و محمد کندہ	8500	---

فون نمبرز	0300-8442060	0321-4753240	0300-4783518	042-36293245	042-36374864

عبدالحئی راٹھور

ملانجو کی نجومی میں آپ کا ماہ کیسا گزرے گا

حمل

عرصہ حکومت	21 مارچ تا 20 اپریل
منسوبی کوکب	مریخ
منسوبی حروف	ا، ل، ع، ی
خوش قسمت اعداد	9'7'2'1

خوش قسمت پتھر	مرجان، یاقوت
خوش قسمت دن	ہفتہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	لال، نارنجی، ہلکا آسمانی

یکم تا 8 اکتوبر

مالی حالات میں خرابی متوقع ہے۔ آپ کے ذہن پر غصہ سوار رہے گا اور آپ اکثر فیصلے اور کام جلد بازی میں کریں گے۔ امتحانی نتائج کو لے کر پریشانی کی کوئی بات نہیں، انشاء اللہ بہتر نتائج سامنے آئیں گے۔ بانڈ، ریس وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے کوئی خاص فائدہ حاصل نہ کر سکیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔ وراثتی مکان یا جائداد کا مسئلہ چلا آ رہا ہے تو حل نہ ہو سکے گا۔ وہ افراد جو مکان یا سواری کی خریداری کرنا چاہتے ہیں ان کو بہتر چیز مناسب قیمت کے ساتھ ملنے کی توقع ہے لیکن اس کے لیے ان کو کافی محنت کرنا ہوگی۔ بیماری طوالت اختیار کر گئی تھی تو اب صحت میں بہتری کے اُمید پیدا ہوتی نظر آ رہی ہے۔

9 تا 16 اکتوبر

یار دوستوں سے میل ملاقات کریں گے۔ اندرون ملک سفر کرنا پڑ سکتا ہے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو کام سے حاصل ہونے والے فائدہ میں اضافہ ہوگا۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات میں بہتری آئے گی۔ اگر ان سے وابستہ کوئی کام ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہو جائیں گے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل رواں عرصے میں حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے خاص فائدہ حاصل نہ ہو سکے گا۔ خواہشات کو حقیقی شکل دینے کے لیے کوشش کریں کامیابی کے امکانات ہیں۔

17 تا 24 اکتوبر

ان دنوں میں غیر مستقل ذرائع سے آمدن کا حصول ہوگا۔ وہ افراد جو انعامی سکیمیں

آپ کا برج؟

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں یا کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہو گا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں:.....

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں کہ کون سا برج آپ کا ہے۔ اگلے صفحات میں ہر برج کے ساتھ اس کا عرصہ حکومت بھی تحریر ہے۔

☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

رجعتِ کواکب

جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت رجعت و نحوست سیارگان کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ دیں۔

يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نَحُوْسَةِ الْكَوَاكِبِ وَ رُجُوْعِهٖ وَ وَبَالِهٖ وَ سُوْءِ نَظْرِهٖ بِحَقِّ يَا اَللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

عددی جدول

ا ی ق غ	۱
ب پ ک گ ر ز	۲
ج چ ل ش	۳
د ڈ م ت ٹ	۴
ھ ن ث	۵
و س خ	۶
ز ژ ع ذ	۷
ح ف ض	۸
ط ص ظ	۹

مثال

اکبر ا گ ب ر

۱ ۲ ۲ ۲ =۷

کھیلتے ہیں۔ ان دنوں میں انعام نکلنے کے امکانات ہیں۔ اندرون ملک سفر کرنا آپ کے لیے پریشانی کا باعث بنے گا۔ ممکن ہے کہ آپ کا کسی کے ساتھ لڑائی جھگڑا ہو جائے اور سامان چوری ہونے کا اندیشہ بھی ہے۔ دوستوں کے ساتھ تعلقات وسیع ہوں گے۔ تعلیم و تربیت سے متعلقہ اُمور میں کامیابی حاصل ہو گی۔ صحت کا خاص طور پر خیال رکھیں۔ صحت بگڑ سکتی ہے۔ ادویات کے استعمال میں احتیاط برتیں۔ قانونی نوعیت کے مسائل درپیش ہیں تو رواں عرصے میں حل ہو جائیں۔ علاوہ ازیں اس حوالے سے جو بھی فیصلہ یا بات کریں اس کو ہر پہلو سے دیکھ کر کریں۔ منگنی اور شادی بیاہ کرنے کے لیے یہ وقت بہتر نہیں۔

25 تا 31 اکتوبر

حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ اگر ان کو کام میں کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ پریشانی بھی دور ہو جائے گی۔ خاندان یا عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو حل نہ ہو سکیں گے۔ یار دوستوں اور بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ ملنا جلنا ہو گا، لیکن بہت کم۔ سیر و تفریح یا تجارت کے لیے اندرون ملک سفر کرنے کے لیے یہ وقت بہتر ہے۔ شریک حیات اور اولاد کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔ سواری امکان کی مرمت پر اخراجات ہوں گے۔

سعد تاریخیں	5-13-14-18-19-28
نحس تاریخیں	9-16
لکی نمبر	0-5-8



عرصہ حکومت	21 اپریل تا 20 مئی
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ب، و
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	ہیرا، نیلم
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	سفید، لائٹ بلیو

یکم تا 8 اکتوبر

اخراجات میں غیر ضروری اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔ شریک حیات کی چھوٹی چھوٹی غلطیوں کو نظر انداز کرنے کی کوشش کریں، ورنہ حالات زیادہ خراب ہو سکتے ہیں۔ دشمنوں اور مخالفوں سے محتاط رہنے کی ضرورت ہے یہ آپ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کریں گے۔ انعامی سکیمیں، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو ان سے مالی فائدے کی امید بھی ہے۔ بیرون ملک سفر کرنا موزوں نہیں، حادثہ کا شکار ہو سکتے ہیں۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ نیز ان کے ساتھ گھومنے پھرنے کا پروگرام بھی بنائیں گے۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو ان کو تھوڑا بہت کھلائیں پلائیں آپ کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

9 تا 16 اکتوبر

سرکاری نوکری کی تلاش میں ہیں تو کوشش کریں مثبت نتائج آنے کی توقع کی جا سکتی ہے۔ رواں عرصے میں آپ کے لیے قرضہ لینا فائدہ مند نہ رہے گا کیونکہ اگر قرضہ مل بھی جائے تو آپ اُسے صحیح مقصد کے لیے استعمال نہ کر سکیں گے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ جس کی وجہ سے ان کی چند ایک مالی مشکلات بھی دور ہو جائیں گی۔ زمین و جائیداد اور زیورات وغیرہ کی خرید و فروخت کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ دوران ڈرائیونگ احتیاط کریں حادثہ کا اندیشہ ہے۔ علوم مخفی کی طرف آپ کی توجہ کم رہے گی۔

17 تا 24 اکتوبر

وراثتی اُمور کا فیصلہ التواء کا شکار ہے تو رواں عرصے میں وہ حل ہو جائے گا۔ انعامی سکیمیں، بانڈ، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کوئی خاص فائدہ حاصل نہ کر سکیں گے، صرف پیسے کا ضیائع ہو گا۔ صحت بہتر رہے گی اور خوراک کی طرف خاص توجہ رہے گی۔ داماد کے ساتھ ملاقات ہو گی۔ آپ کا مزاج خوشگوار رہے گا۔ لوگوں کے ساتھ خوش مزاجی کے ساتھ ملیں گے۔ مخالف اور دشمن آپ کو نقصان پہنچانے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔ رشتہ داروں اور بہن بھائیوں سے ملنا جلنا ہو گا اور آپ کے ان پر اخراجات بھی ہوں گے۔ عشق و محبت کے معاملات میں بدنامی ملتی نظر آ رہی ہے۔

25 تا 31 اکتوبر

رواں دنوں میں آپ کی توجہ علوم مخفی کی طرف زیادہ رہے گی، سیکھنے کے لیے یہ وقت بہتر ہے۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ بھی دور ہو جائے گی۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے، نیز ان سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ بھی حل نہ ہو سکیں گے۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو ان دنوں میں سفر ممکن نہیں ہے۔ حکومتی عہدیداروں اور قانونی نوعیت کے درپیش مسائل حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ عمر میں بڑے لوگوں کے ساتھ ناچاقی رہے گی کوشش کریں تو غیر ضروری اخراجات میں کمی لا سکتے ہیں رشتے داروں اور یار دوستوں سے میل جول کم رہے گا۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی اور تعلیم سے ہٹ کر جو کام کر رہے تھے ان پر توجہ کم دیں گے۔ ملازمین سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل نہ ہو سکیں گے۔

سعد تاریخیں	2-3-7-24-30
نحس تاریخیں	10-18-19
لکی نمبر	1-4-7

عرصہ حکومت	21 مئی تا 20 جون
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	ک، ق
خوش قسمت اعداد	9'5'1
خوش قسمت پتھر	زمرد، پکھراج
خوش قسمت دن	منگل، بدھ، جمعرات
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، بسنتی

یکم تا 8 اکتوبر

آپ کا رجحان خط و کتابت اور فنون لطیفہ کی طرف بڑھے گا۔ امیدوں اور خواہشات کو عملی شکل دینے کے لیے موزوں وقت ہے لیکن اس کے لیے آپ کو محنت بہت زیادہ کرنا ہوگی۔ اولاد کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ انعامی سکیمیں، بانڈ ریس وغیرہ کھیلتے ہیں تو ان سے مالی فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ قانونی معاملات میں آپ کے دخل اندازی سے آپ کو پریشانی کے سوا کچھ حاصل نہ ہو گا۔ گھریلو حالات بہتر رہیں گے اور گھریلو سکون میسر آئے گا۔

9 تا 16 اکتوبر

مالی معاملات میں آپ کو نشیب و فراز کا سامنا رہا گا۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں یا کوشش کر رہے ہیں تو آپ کی محنت رنگ لاتی نظر آ رہی ہے۔ ساس کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات میں بہتری آئے گی۔ چھوٹے بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا کم رہے گا۔ اگر ان سے وابستہ کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ ملازمین سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل نہ ہو سکیں گے۔ آپ کا رجحان خط و کتابت کی طرف کم رہے گا۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل ہیں تو وہ حل ہو جائیں گے۔ بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو کوشش کریں آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔

17 تا 24 اکتوبر

گھر کی تزئین و آرائش پر آپ کی توجہ کم رہے گی۔ صحت کے حوالے سے آپ کو پریشانی کا سامنا رہے گا۔ اس عرصے میں آپ بیماری سے پوری طرح باہر نہ آ سکیں گے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے یہ وقت بہتر ہے۔ ان کے کام میں اضافہ ہو گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ اپنے مسائل کے حوالے سے شریک حیات سے مشورہ کریں، ممکن ہے کہ بہتر حل مل جائے۔ ڈرائیونگ کرتے وقت اور سڑک پر پیدل چلتے وقت احتیاط کریں، حادثہ کا اندیشہ ہے جس میں آپ کو چوٹیں لگ سکتی ہیں۔ خفیہ دشمنوں سے آپ کو کسی پریشانی کا اندیشہ نہیں ہے۔ بلکہ آپ اپنے دشمنوں پر حاوی رہیں گے۔

25 تا 31 اکتوبر

شریک حیات کے ساتھ معاملات میں خرابی آئی نظر آ رہی ہے۔ آپ اپنا مال رفاہی کاموں میں خرچ کریں گے۔ زمین و جائیداد اور گاڑی وغیرہ کی خرید و فروخت کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ اندرون یا بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں تو آپ کی یہ خواہش اس عرصے میں عملی شکل اختیار کرتی نظر آ رہی ہے۔ نیز اس سلسلے میں چھوٹے بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں کی طرف سے بھی مدد ملے گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو یہ فائدہ مند نہ رہے گا۔ شراکتی اکاونٹ کا مسئلہ ہے تو کوشش کریں وہ حل ہو جائے گا۔ ساس ہیں تو آپ کے تعلقات اپنی بہو کے ساتھ بہتر نہ رہیں گے۔ ساتھ کام کرنے والے لوگوں سے محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ آپ کے خلاف سازش کرتے نظر آتے ہیں۔

سعد تاریخیں	5-9-18-19-28
نحس تاریخیں	13-14-21
لکی نمبر	0-7-8

عرصہ حکومت	21 جون تا 22 جولائی
منسوبی کوکب	قمر
منسوبی حروف	ح، ھ
خوش قسمت اعداد	8'6'2
خوش قسمت پتھر	سفید موتی، ہیرا، مرجان
خوش قسمت دن	پیر، منگل، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سفید، بسنتی، پیلا

یکم تا 8 اکتوبر

رشتے داروں کے ساتھ تعلقات میں ناراضگی آتی نظر آ رہی ہے۔ مکان یا سواری کی خرید و فروخت کرنے کے لیے موزوں وقت نہیں، ڈیل مکمل نہ ہو سکے گی اور اگر ہو بھی گئی تو وہ شخص آپ کے ساتھ بے ایمانی کی ہر ممکن کوشش کرے گا۔ مالی حالات بہتر رہیں گے۔ انعامی سکیمیں کھیلتے ہیں تو نقصان کے علاوہ کچھ حاصل نہ ہو گا۔ صحت کے حوالے سے پریشان ہونے کی کوئی بات نہیں آپ ذہنی اور جسمانی طور پر صحت یاب ہوتے دکھائی دے رہے ہیں۔ بیرون ملک سفر کرنے کے لیے سعد وقت ہے۔ رواں دنوں میں کیا گیا سفر خوشگوار ثابت ہو گا اور اگر کسی خاص مقصد کے لیے سفر کرتے ہیں تو وہ مقصد بھی ضرور پورا ہو گا۔

9 تا 16 اکتوبر

کاروباری افراد کے کام میں تیزی آئے گی تیز ان دنوں میں آپ کام میں وسعت کے حوالے سے بھی سوچیں گے۔ وراثت وغیرہ جیسے مسئلہ کا شکار ہیں تو کوشش کریں معاملات کے حل ہونے کی امید ہے۔ الٹ پلٹ چیزیں کھانے سے صحت خراب رہے گی۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ سخت رہے گا جو کہ آپ کے معاملات کے حل کے لیے نقصان دے ثابت ہو گا۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے

ہیں تو کوشش کریں سفر ممکن ہے۔ ملازمت سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ اس کی وجہ آپ کے خاندان کے لوگ یا آپ سے نچلے درجے کے ملازمین ہوں گے۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہو جائے گی اور اچھے تعلقات استوار ہوں گے۔

17 تا 24 اکتوبر

اشیاء کی خریداری کی جائیں گے۔ ادھار دی ہوئی رقم واپس ملنے کے امکانات ہیں۔ اندرون ملک تجارت کے حوالے سے یہ وقت مناسب نہیں ہے۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں نماز، پرہیز، زکوۃ وغیرہ میں زیادہ رہے گا۔ اپنے دوستوں سے ملنا جلنا ہوگا اور آپ کے ان پر اخراجات بھی ہوں گے۔ انعامی سکیمیں کھیلنے کے لیے یہ وقت مناسب نہیں، کیونکہ آپ کوئی خاص کامیابی حاصل نہ کرسکیں گے۔ قانونی نوعیت کے مسائل درپیش ہیں تو اس میں آپ کے اخراجات بھی ہوں گے اور کوئی خوشخبری بھی سننے کو نہ ملے گی۔

25 تا 31 اکتوبر

شراکتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں اگر کسی مسئلہ کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تو وہ پریشانیاں دور ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ آپ کے لوگوں کے ساتھ انداز گفتگو میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ قرضہ لینے کی کوشش کر رہے ہیں تو آپ کی کوششیں رنگ لاتی نظر آ رہی ہیں اور آپ کو اپنے مقصد میں بھی کامیابی مل جائے گی۔ انعامی سکیمیں، میچ، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات میں بہتری آئے گی۔ دشمنوں اور مخالفوں پر حاوی رہیں گے۔

سعد تاریخیں	2-3-7-24-30
نحس تاریخیں	9-16-23
لکی نمبر	1-5-8



عرصہ حکومت	23 جولائی تا 23 اگست
منسوبی کوکب	شمس
منسوبی حرف	م
خوش قسمت اعداد	9'6'5'1
خوش قسمت پتھر	یاقوت، مرجان
خوش قسمت دن	اتوار، منگل، بدھ
خوش قسمت رنگ	سنہرا، سبز، سرخ

یکم تا 8 اکتوبر

نوکری کی تلاش میں ہیں تو کوشش جاری رکھیں روزگار کا سبب بنتا نظر آ رہا ہے۔ کاروباری افراد کے کام میں کمی آئے گی نیز کاروبار سے حاصل ہونے والا منافع بھی کم رہے گا۔ بڑے بہن بھائیوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہے تو وہ آسانی سے حل ہو جائے گا۔ سفر کے لیے جاتے ہیں تو اپنے سامان کا دھیان رکھیے، چوری ہونے کا اندیشہ ہے۔ انعامی سکیمیں، بانڈ نمبر کھیلتے ہیں تو ان سے فائدہ حاصل کرتے نظر آ رہے ہیں۔ ماموں اور خالہ یا ان کے بچوں سے ملاقات ہوگی۔ زمین یا مکان کی خرید و فروخت کی کوشش کرتے ہیں تو بات پکی نہ ہو سکے گی۔ ہمسایوں اور رشتے داروں کے ساتھ بول چال بند رہے گی۔

9 تا 16 اکتوبر

آپ اپنے دماغ کا استعمال کر کے مختلف ذرائع سے آمدن حاصل کرتے نظر آ رہے ہیں۔ علاوہ ازیں اس سلسلے میں اندرون ملک سفر بھی ممکن ہے۔ آپ کی چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ انعامی سکیمیں، بانڈ، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔ اولاد کے ساتھ تعلقات میں ناراضگی رہے گی۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو آپ کو اپنے مقصد میں کامیابی ملتی نظر نہیں آ رہی۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام میں اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ پریشانی دور ہو جائے گی۔ زیورات وغیرہ کی خرید و فروخت کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ داماد سے ملنا جلنا زیادہ ہوگا۔

17 تا 24 اکتوبر

گھریلو معاملات میں تناؤ آتا نظر آ رہا ہے۔ چھوٹی سے چھوٹی بات پر بھی اختلاف ہوگا۔ والدہ کا مزاج تلخی آمیز رہے گا۔ کتابیں پڑھنے کا شوق اجاگر ہوگا نوکری کی تلاش میں ہیں تو کوشش جاری رکھیں سبب بنتا نظر آ رہا ہے۔ بچوں کی وجہ سے آپ کی عزت میں اضافہ ہوگا۔ کاروباری معاملات کو بہتر طریقہ سے سرانجام دے پائیں گے۔ جس کی وجہ سے آپ کو فوائد کا حصول ہوگا۔ بیرون ملک سفر کی خواہش رکھنے والوں کو اس عرصے میں سفر سے گریز کرنا چاہیے۔ ہمسایوں کے ساتھ آپ کے تعلقات خوشگوار رہیں گے۔

25 تا 31 اکتوبر

صحت کے حوالے سے اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو یہ پریشانی دور ہوتی نظر آ رہی ہے۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں اگر کسی مسئلہ کا سامنا ہے تو کوشش سے وہ پریشانی دور ہو جائے گی۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ آپ کا رویہ پیار محبت والا رہے گا۔ یار دوستوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا رہے گا۔ حکومتی اداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ ذاتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ مقدمہ وغیرہ جیسے قانونی نوعیت کے مسئلہ کا شکار ہیں تو اس کا فیصلہ آپ کے حق میں نہ ہوگا۔

سعد تاریخیں	5-13-14-23-28
نحس تاریخیں	10-18-19
لکی نمبر	4-5-7

عرصہ حکومت	24 اگست تا 22 ستمبر
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	پ، غ
خوش قسمت اعداد	6'5'3
خوش قسمت پتھر	پنا، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، سفید

یکم تا 8 اکتوبر

مالی حالات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ ضروریات کو پورا کرنے کے لیے آپ کو اپنی جمع پونجی استعمال کرنا پڑے گی۔ وراثتی معاملات بھی آپ کے لیے پریشانی کا باعث بنیں گے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام میں کسی قسم کا مسئلہ پیش آئے تو ان کو چاہیے کہ افسران سے رابطہ کریں وہ اس کا بہتر حل نکال دیں گے۔ غیر ضروری سفر سے گریز کریں، حادثہ ہونے کا خدشہ ہے۔ یار دوستوں سے میل جول زیادہ ہوگا۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ پچھلے کچھ دنوں میں اگر کوئی چیز گم ہوئی تھی وہ واپس مل جائے گی۔ دشمنوں سے مقابلے کی پوزیشن میں رہیں گے۔ ان کی طرف سے پریشان ہونے کی کوئی ضرورت نہیں۔

9 تا 16 اکتوبر

انعامی سکیمیں، لاٹری، میچ، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے آپ کو مالی فائدہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ غیر ضروری اخراجات میں اضافہ ممکن ہے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام حل ہو جائیں گے۔ اندرون ملک سفر کرنا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ حکومتی عہدے کا حصول چاہتے ہیں تو وہ رواں عرصے میں ممکن ہے۔ یار دوستوں اور بڑے بہن بھائیوں سے ملنا جلنا کم رہے گا۔ مکان یا سواری خریدنا چاہتے ہیں تو اس کام کے لیے یہ وقت آپ کے لیے فائدہ مند نہیں ہے۔ رواں عرصے میں آپ پُرجوش رہیں گے اور ہر کام میں بڑھ چڑھ کر شرکت کریں گے۔ مال خیرات اور زکوۃ کے لیے استعمال کریں گے۔ انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔

17 تا 24 اکتوبر

رواں عرصے میں آپ چھوٹی چھوٹی بات کو لے کر پریشان ہو جائیں گے۔ جس کی وجہ سے آپ دماغی طور پر حاضری کا مظاہرہ نہ کر پائیں گے۔ گھریلو معاملات بہتری کی شکل اختیار کریں گے۔ وہ لوگ جو رشتہ ڈھونڈنے کی کوشش کر رہے ہیں، اپنی کوشش جاری رکھیں، کیونکہ اس عرصے میں اچھی، خوبصورت اور مالی لحاظ سے بہتر شریک حیات ملنے کی توقع ہے۔ آپ کے ساتھ کوئی حادثہ بھی ہو سکتا ہے، جس میں چوٹ لگنا کا اندیشہ ہے۔ مقدمات کا فیصلہ آپ کے حق میں ہوگا۔ چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ لڑائی جھگڑے ہوں گے۔ بچوں سے زیادہ پیار و محبت کریں گے۔ اُمیدوں اور خواہشات اس حد تک پوری نہ ہو سکیں گے جہاں تک آپ نے سوچ رکھا ہے۔

25 تا 31 اکتوبر

ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں اگر کسی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تو وہ مسئلہ آپ کی خواہش کے مطابق حل ہوتا نظر آ رہا ہے۔ اولاد کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہوتی نظر آ رہی ہے۔ کاروباری حضرات کو کام میں چھوٹی موٹی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انعامی سکیمیں، میچ، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس میں اُمید کے مطابق فائدہ نہ ہو سکے گا۔ یار دوستوں اور بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ ملنا جلنا کم رہے گا۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا، نیز آپ اپنا مال رفاعی کاموں میں خرچ کرتے نظر نہیں آ رہے۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل حل نہ ہو سکیں گے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام ہیں تو وہ حل ہو جائیں گے۔ رشتے کی تلاش میں ہیں تو ان دنوں میں بات پکی ہونے کے امکانات ہیں۔

سعد تاریخیں	2-3-7-24-30
نحس تاریخیں	13-14-21
لکی نمبر	3-7-9

عرصہ حکومت	23 ستمبر تا 23 اکتوبر
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ت، ظ
خوش قسمت اعداد	9'6'4'1
خوش قسمت پتھر	ہیرا، سفید موتی
خوش قسمت دن	جمعہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	پیلا، نارنجی، گندمی

یکم تا 8 اکتوبر

ساس اور شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ کاروبار کا آغاز کرنے کے لیے موثر تاریخیں نہیں۔ اگر کاروبار کی شروعات کی گئی تو فائدہ کم اور نقصان زیادہ ہوگا۔ سفر کرنے کے لیے بہتر وقت ہے نیز آپ کا مقصد بھی پورا ہو جائے گا۔ سفر کے دوران اگر آپ خود ڈرائیونگ کرتے ہیں تو حادثہ کا خدشہ ہے۔ اس لیے بہتر یہی ہے کہ ہوائی جہاز، ریل یا بس کے ذریعے مطلوبہ جگہ پر جائیں۔ آپ کی خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ عبادات کی طرف رجحان بڑھے گا۔ مالی معاملات کے حوالے سے دشواری کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ہمسایوں سے میل ملاقات ہوگی۔ دشمنوں سے مقابلے کی پوزیشن میں رہیں گے۔

9تا16اکتوبر

انعامی سکیمیں، لاٹری، میچ وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ لڑائی جھگڑے جیسے معاملات سے دور ہیں، دوران لڑائی آپ کو جسمانی چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ حکومتی عہدے کا حصول چاہتے ہیں تو وہ رواں عرصے میں ممکن نہیں ہے۔ یار دوستوں اور بڑے بہن بھائیوں سے ملنا جلنا کم رہے گا۔ مکان یا سواری خریدنا چاہتے ہیں تو اس کام کے لیے یہ وقت آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ گھریلو معاملات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ آپ اپنا مال خیرات اور زکوۃ کے لیے استعمال کریں گے۔ ہمسایوں اور قریبی رشتے داروں سے ملنا جلنا ہوگا۔ اولاد کے معاملات میں توجہ طلب ہوں گے۔ نیز ان کے ساتھ وقت بھی گزاریں گے۔

17تا24اکتوبر

مالی حوالے سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ شریک حیات کے ساتھ ان بن ہوتی نظر آ رہی ہے۔ یار دوستوں سے ملاقات کے لیے جانا ہوگا۔ خواہشات کو پورا کرنے کے کوشش کریں کامیابی ملنے کی توقع ہے۔ مکان یا سواری کی خرید و فروخت کے حوالے سے مناسب وقت نہیں ہے۔ ان دنوں میں لین دین کرنا آپ کے لیے نقصان دہ ثابت ہوگی۔ غیر ضروری اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ اولاد کے معاملات کی طرف توجہ دیں گئے۔ نیز ان کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے جانا بھی ہوگا۔ بہن بھائیوں سے میل ملاقات ہوگی۔ اپنی ذات کی طرف توجہ دیتے نظر نہیں آ رہے۔ مخالفوں سے محتاط رہنے کی ضرورت ہے آپ کے خلاف سازشیں کر کے نظر آ رہے ہیں۔

25تا31اکتوبر

انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ بڑے بہن بھائیوں سے تعلیم کے سلسلے میں بہتر مشورہ بھی ملتا نظر آ رہا ہے۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ حکومتی اداروں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔ قرضہ لینے کی کوشش کر رہے ہیں تو وہ ملتا نظر نہیں آ رہا ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، جوا وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے فائدہ اُمید کے مطابق نہ ہو سکے گا۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ ضرورت کے مطابق نہ ہو گا۔ شریک حیات اور اولاد کے ساتھ ان بن ہوتی نظر آ رہی ہے۔

سعد تاریخیں	5-13-14-18-19-28
نحس تاریخیں	16-23
لکی نمبر	5-7-9



عرصہ حکو	24اکتوبر تا22نومبر
منسوبی کواکب	مریخ، پلوٹو
منسوبی حروف	ذ، ز، ض، ظ، ن
خوش قسمت اعداد	8'3'2'1
خوش قسمت پتھر	مرجان، روبی
خوش قسمت دن	اتوار، پیر، منگل، جمعرات
خوش قسمت رنگ	لال، سفید، کریم کلر

یکم تا 8 اکتوبر

خفیہ دشمن اور مخالف آپ کو نقصان پہنچانے اور آپ کے کاموں میں رکاوٹ بنتے نظر آ رہے ہیں۔ جسمانی اور ذہنی سکون کے لیے آپ کو روحانی علاج کی ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں آپ ہمارے ادارے سے رابطہ کریں۔ گھریلو حالات خراب رہیں گے۔ ساس اور شریک حیات دونوں کے ساتھ ناراضگی رہے گی۔ اولاد کو لے کر کسی قسم کی پریشانی تھی تو وہ دور ہو جائے گی۔ مالی حالات بہتر رہیں گے۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ اخراجات میں اضافہ بھی ہوگا۔ جس کی وجہ سے آپ مالی حالات میں بہتری محسوس نہ کر سکیں گے۔ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ یار دوستوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا ہوگا۔ عبادات کی طرف رجحان زیادہ رہے گا اور سکون بھی میسر آئے گا۔

9تا16اکتوبر

انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ اگر ان کو نتائج کا انتظار ہے تو وہ بھی رواں عرصے میں بہتر آئیں گے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ وراثت کا مسئلہ ہے تو مل بیٹھ کر حل کرنے کی کوشش کریں، حل ہو جائے گا۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ تلخ رہے گا۔ انعامی سکیمیں اور وغیرہ ہیں تو آپ کو نقصان کا اندیشہ ہے۔ اندرون ملک سفر کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ اپنی دماغی صلاحیتوں کا استعمال کر کے آپ کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ اولاد کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی، لیکن آپ اپنے فرائض پوری طرح ادا کریں گے۔

17تا24اکتوبر

صحت کے حوالے سے احتیاط کی ضرورت لیے خرابی آنے کی توقع ہے۔ کاروباری معاملات میں وقتاً فوقتاً بہتری آئے گی۔ غیر ضروری اخراجات پر قابو پانے میں کامیاب رہیں گے۔ سیر و تفریح کی طرف رجحان رہے گا۔ موسیقی کا شوق بڑھے گا۔ مالی لحاظ سے یہ عرصہ بہتر ثابت ہوگا۔ دشمنوں سے بدلہ لینے کے پلان بناتے رہیں گے۔ لڑائی جھگڑا بھی ہوگا۔ اس میں آپ کو بھی چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ خواہشات کو پورا کرنے کی طرف توجہ دیں گے اور اس کے لیے آپ سخت محنت بھی کریں گے۔ لیکن فی الحال اتنا اچھا رزلٹ نہیں آئے گا۔ وہ لوگ جو انٹر اور اس سے اوپر لیول کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں ان کے لیے اچھا وقت ہے، اور وہ اپنی تعلیم کی طرف دھیان بھی

دیں گے۔

25 تا 31 اکتوبر

اندرون ملک سفر کے بارے میں سوچ رہے ہیں تو سفر ممکن اور آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی نیز بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا بھی رہے گا۔ ملازمت میں مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تو رواں دنوں میں حالات نارمل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ ذاتی اور شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔ بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں تو اس دوران کامیابی ملتی نظر نہیں آ رہی۔ حکومتی اداروں اور عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام کے حل میں چند ایک مشکلات کا سامنا ہوگا۔ لیکن اگر آپ اپنی کوشش کو جاری رکھیں تو کام حل ہو جائیں گے۔ صحت کے حوالے سے پریشانی کا سامنا ہے تو صحت میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔

سعد تاریخیں	2-3-7-30
نحس تاریخیں	10-18-19
لکی نمبر	0-3-7

عرصہ حکومت	23 نومبر تا 21 دسمبر
منسوبی کوکب	مشتری
منسوبی حرف	ف
خوش قسمت اعداد	5'3'1
خوش قسمت پتھر	پکھراج، پنا، روبی
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، اتوار
خوش قسمت رنگ	پیلا، ہلکا زرد

یکم تا 8 اکتوبر

انعامی سکیمیں، بانڈ نمبر وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے کوئی مالی فائدہ حاصل نہ کر سکیں گے۔ غیر ضروری اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام کے حوالے سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ کاروباری افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ گھر کی تزئین و آرائش کی طرف رجحان رہے گا۔ ساس کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی۔ حکومتی افسران سے وابستہ اگر کوئی مسائل ہیں تو وہ ان دنوں میں حل ہو جائیں گے۔ لوگوں سے بہت زیادہ اُمیدیں وابستہ نہ کریں یہ آپ کے کام نہیں کریں گے۔ ظاہری اور خفیہ دشمن دونوں آپ کے لیے مسائل پیدا کرتے نظر آ رہے ہیں۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ سیر و تفریح کا پلان بنائیں گے لیکن جا نہ سکیں گے۔

9 تا 16 اکتوبر

رواں عرصے میں آپ کے لیے اپنی دماغی صلاحیتیں استعمال کرنا فائدہ مند ثابت ہوگا۔ اندرون ملک یا شہر سفر کرتے ہیں تو وہ آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل حل نہ ہو سکیں گے۔ آپ کی عزت و وقار برقرار رہے گا۔ سرکاری ملازمت سے وابستہ افراد کی ترقی کی فائل اگر رُکی ہوئی ہے تو رواں عرصے میں اُس پر دوبارہ نظر ثانی کی جائے گی اور امکانات ہیں کہ ترقی بھی ہو جائے گی۔ کسی خطرناک بیماری کا شکار ہیں تو اب صحت میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ نئی سواری یا زمین خریدنا چاہتے ہیں تو یہ وقت آپ کے لیے اس کام کے حوالے سے بہتر نہیں ہے۔ آپ کی توجہ مشروبات کی طرف زیادہ رہے گی۔ آپ کے مالی حالات میں بہتری آئے گی۔

17 تا 24 اکتوبر

ان دنوں میں آپ کے فضول اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس میں بھی کوئی کامیابی حاصل ہوتی نظر نہیں آ رہی ہے۔ بڑے بہن بھائیوں اور ننھیالی رشتے داروں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ان سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ بھی حل ہو جائیں گے۔ خفیہ دشمن اور مخالف آپ کے کاموں میں ٹانگ اڑاتے نظر آ رہے ہیں۔ آپ کو نقصان پہنچانے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔ ان کو اپنے مقصد میں کافی حد تک کامیابی ملے گی۔ جائداد، گاڑی وغیرہ کو خریدنا یا بیچنا چاہتے ہیں تو یہ وقت مناسب ہے، آپ کو بہتر قیمت مل جائے گی۔

25 تا 31 اکتوبر

قانونی نوعیت کے درپیش مسائل ہیں تو کوشش کریں وہ آسانی سے حل ہو جائیں گے۔ اس سلسلے میں بہن بھائیوں سے مدد لینا بھی فائدہ مند رہے گا۔ انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ ضرورت کے عین مطابق رہے گا۔ جس کی وجہ سے آپ کے لوگوں سے وابستہ اکثر کام حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ قرضہ لینے کی کوششیں کر رہے ہیں تو آپ کی کوششیں رنگ لاتی نظر نہیں آ رہی ہیں۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات بہتر ہو جائیں گے۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو وہ حل ہوتا نظر نہیں آ رہا اور اگر ہو بھی گیا تو اس کا فیصلہ آپ کے حق میں نہ ہوگا۔ صحت کے حوالے سے احتیاط کی ضرورت ہے۔ ورنہ پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

سعد تاریخیں	5-9-18-19-23
نحس تاریخیں	10-21
لکی نمبر	2-5-8

عرصہ حکومت	22 دسمبر تا 19 جنوری
منسوبی کوکب	زحل
منسوبی حروف	خ، ج، گ

خوش قسمت اعداد	8'6'5
خوش قسمت پتھر	نیلم، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، سفید، سبز

یکم تا 8 اکتوبر

مالی حالات بہتر رہیں گے۔ سواری کی مرمت پر اخراجات ہوں گے۔ وہ افراد جو نئی سواری خریدنا چاہتے ہیں ان کی یہ خواہش پوری نہ ہو سکے گا۔ قانونی مسائل کا شکار ہیں تو کوشش کرنے پر یہ مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ سفر کے امکانات بھی ہیں۔ کاروباری افراد کو کام کے حوالے سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ لیکن اگر یہ کام میں بہتری کے حوالے سے نئی سکیمیں بنائیں تو نقصان اور پریشانی کم ہو گی۔ وہ افراد جو ملٹی نیشنل فرموں اور کمپنیوں میں نوکری حاصل کرنے کی کوششیں کر رہے ہیں، ان کو کامیابی ملنے کی توقع ہے۔ انٹرلیول اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کا دھیان تعلیم کی طرف کم رہے گا۔ دشمنوں کی طرف سے کسی قسم کی پریشانی کا اندیشہ نہیں۔

9 تا 16 اکتوبر

زمین، جائیداد، گاڑی وغیرہ خریدنے کے لیے یہ وقت بہتر ہے۔ بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں تو آپ کی محنت رنگ لاتی نظر آ رہی ہے۔ وہ حضرات جو عمرہ کے لیے جانا چاہتے ہیں ان کی بھی خواہش پوری ہو جائے گی۔ غیر اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے، جو کہ بعد میں آپ کے لیے پریشانی کا سبب بنے گا۔ شراکتی اکاونٹ کا مسئلہ ہے تو وہ حل نہ ہو سکے گا۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل حل نہ ہو سکیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ مخالفین آپ کے خلاف سازشیں کرتے نظر آ رہے ہیں۔

17 تا 24 اکتوبر

آپ اپنی خواہشات کو پوری کرنے کے لیے کافی محنت کریں گے۔ لیکن کوئی مثبت نتائج سامنے نہ آئیں گے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو ان سے آپ کو مالی فائدہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ اندرون ملک سفر کے لیے جانا چاہتے ہیں تو وقت مناسب ہے۔ آپ کو اپنے مقصد میں کامیابی بھی ملے گی۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل کا فیصلہ آپ کے حق میں نہ ہو گا۔ کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے یہ وقت بہتری لے کر آ رہا ہے۔ ان کے کام میں اضافہ بھی ہو گا۔ لوگوں کی نظر میں آپ کی عزت اور زیادہ ہو جائے گی اور کسی حد تک اس کی وجہ آپ کی اولاد ہو گی۔

25 تا 31 اکتوبر

آپ کے اخراجات میں کمی آتی نظر آ رہی ہے۔ جس کی وجہ سے مالی حالات میں بہتری محسوس کریں گے۔ اگر کوئی شخص آپ کا مقروض ہے تو وہ رقم یا اشیاء واپس مل سکتی ہیں۔ کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ کاروبار سے حاصل ہونے والی آمدن میں بھی اضافہ ہو گا۔ کسی خطرناک بیماری کا شکار ہیں یا تھے تو اس بیماری کی وجہ سے دوبارہ پریشانی کا سامنا ہو گا۔ شریک حیات کے ساتھ تھوڑی بہت اَن بَن ہو گی۔ اندرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں تو آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے فائدہ آپ کی اُمید کے مطابق نہ ہو گا۔ آپکی چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔

سعد تاریخیں	7-24
نحس تاریخیں	9-16-23
لکی نمبر	6-7-8

عرصہ حکومت	20 جنوری تا 18 فروری

منسوبی کواکب	زحل، یورانس
منسوبی حروف	س، ش، ث، ص
خوش قسمت اعداد	8,6,3
خوش قسمت پتھر	نیلم، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، گلابی، ہرا

یکم تا 8 اکتوبر

گھریلو معاملات میں اونچ نیچ رہے گی۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو کام سے کوئی خاص فائدہ حاصل نہ ہو سکے گا۔ کسی کو رقم قرض دی ہوئی ہے تو اس کے واپس ملنے کے امکانات بن رہے ہیں۔ سفر کرنے سے گریز کریں، مقصد میں کامیابی نہ مل سکے گی، حادثہ کا بھی خدشہ ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری کی طرف رجحان بڑھے گا، نیز کامیابی ملنے کی توقع بھی ہے۔ مالک مکان سے مکان کی مرمت یا کرایہ کا مسئلہ چل رہا ہے تو وہ حل نہ ہو سکے گا۔ لڑائی جھگڑے کریں گے۔ دشمنوں میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف پوری طرح نہ ہو گی۔ یہ کتابیں پڑھنے میں تھکاوٹ محسوس کریں گے۔ خواہشات کو پورے کرنے کے لیے کافی محنت کریں گے اور بہتر نتائج سامنے آئیں گے۔

9 تا 16 اکتوبر

اولاد کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ خفیہ دشمنوں کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ بہن بھائیوں کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات میں بہتری آئے گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ رشتے داروں اور یار دوستوں کے ساتھ ملنا جلنا رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی، نیز ان کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ آپ کی توجہ اپنی ذات پر کم رہے گی۔ آپ کے اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں یا کوشش کر

رہے ہیں تو آپ کو کامیابی ملتی نظر نہیں آ رہی۔

17 تا 24 اکتوبر

اندرون ملک سفر کرنے کے حوالے سے یہ عرصہ مناسب نہیں ہے۔ اپنے مقصد میں کامیابی ملتی نظر نہیں آ رہی۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل کا فیصلہ رواں دنوں میں ممکن ہے اور یہ فیصلہ آپ کی خواہش کے مطابق ہو گا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ اولاد پر نظر رکھیں، ممکن ہے کہ وہ کوئی ایسا قدم اٹھائیں جس کی وجہ سے ان کو اور آپ کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑے۔ آپ کے مالی حالات بہتر رہیں گے۔ کھانے پینے کی اشیاء کی طرف آپ کا رجحان زیادہ رہے گا۔ رواں دنوں میں آپ کی توجہ علوم مخفی کی طرف زیادہ رہے گی۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام نامکمل رہیں گے۔

25 تا 31 اکتوبر

بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ غیر ضروری اخراجات میں کمی ہو گی۔ انعامی سکیمیں، بانڈ، لاٹری، میچ وغیرہ ہیں تو یہ آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ اولاد کے ساتھ ناراضگی ہے تو اب تعلقات استوار ہوں گے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چھوٹے موٹے مسائل کا سامنا رہے گا۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل کا فیصلہ پوری طرح آپ کے حق میں ہوتا نظر نہیں آ رہا۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی ہو گی، لیکن جلد صلح بھی ہو جائے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کاموں کے حل میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

سعد تاریخیں	9-13-14-23-28
نحس تاریخیں	10-16
لکی نمبر	0-4-8

عرصہ حکومت	19 فروری تا 20 مارچ
منسوبی کواکب	مشتری، نپچون
منسوبی حروف	چ، د
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	پکھراج، مرجان، مونگا
خوش قسمت دن	منگل، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	ہلکا براؤن، لال، نارنجی

یکم تا 8 اکتوبر

قانونی معاملات اور وراثتی معاملات مزید پیچیدگیاں لیتے نظر آئیں گے۔ اگر قانونی مقدمات کا حل نکلا بھی تو آپ کے لیے بہتر نہ ہو گا۔ غیر ضروری گفتگو سے باز رہیں، کیونکہ آپ کی زبان سے ایسے الفاظ نکل سکتے ہیں جو آپ کو لوگوں کی نظر میں بُرا بنا دیں۔ کاروبار سے وابستہ افراد کا کام چلتا رہے گا، لیکن ان کے لیے بہتر ہے کہ نئی سکیمیں بنائیں جس کے ذریعے ان کی دکانداری بڑھے گی۔ خاندان کے لوگوں سے ملنا جلنا ہو گا۔ شریک حیات اور ساس کے ساتھ بھی تعلقات بہتر رہیں گے۔ چھوٹے بہن بھائیوں کی وجہ سے اخراجات میں اضافہ ہو گا۔ عمر میں بڑے لوگوں اور حکومتی افسران سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل ہو جائیں گے۔ شادی بیاہ کی تقریبات میں شرکت کریں گے۔

9 تا 16 اکتوبر

ساس اور شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ سیر و تفریح کے لیے جانے کے امکانات ان دنوں میں نہیں ہیں۔ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ یار دوستوں اور بہن بھائیوں سے ملنا جلنا بھی ہو گا۔ ساس ہیں تو بہو کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں اونچ نیچ کا سامنا رہے گا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت نہ ہو گا۔ مزدوری کرنے والے افراد کو مالی حوالے سے پریشانی کا سامنا ہو گا۔ خط و کتابت کی طرف آپ کی توجہ زیادہ رہے گی۔ سرکاری اداروں سے وابستہ معاملات حل ہونے کی توقع ہے۔

17 تا 24 اکتوبر

ذاتی کاروبار سے وابستہ افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ اگر کاروبار کے سلسلے میں اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ بھی فائدہ مند رہے گا۔ شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کو ان دنوں میں پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ وراثتی اُمور کا فیصلہ التواء کا شکار تھا تو وہ ان دنوں میں حل ہو جائے گا۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طلباء علموں کی تعلیم کی طرف کوئی خاص توجہ نہ ہو گی۔ چھوٹے بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا ہو گا۔ مالی حوالے سے اس ہفتے میں پریشانی کا سامنا ہو گا۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی رہے گی۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام حل ہو جائیں گے۔

25 تا 31 اکتوبر

بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ ناراضگی ہے تو اب تعلقات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے، لیکن چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تھوڑی بہت اَن بن رہے گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے فائدہ ہوتا نظر نہیں آ رہا ہے۔ آپ کی خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا، لیکن مسائل جلد حل ہو جائیں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں آپ کو ملتا نظر آ رہا ہے۔ نیز اس سلسلے میں اپنے یار دستوں اور بہن بھائیوں سے رابطہ کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو کامیابی نہ مل سکے گی۔ سیر و تفریح کے پلان بنائیں گے لیکن جا نہ سکیں گے۔

سعد تاریخیں	2-3-24-30
نحس تاریخیں	13-14-21
لکی نمبر	0-3-6

☆☆☆☆☆

قرآن سے علاج

از قلم: قیصر احمد بی۔اے، کراچی

چوری ہوگئی ہو:

جس دروازے سے چوری کا مال گیا ہو اُس دروازے پر کھڑے ہو کر سورۃ الطارق روزانہ ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ چوری شدہ مال واپس مل جائے گا یا خواب میں چور کا پتا چل جائے گا۔

قید سے رہائی:

اگر قید خانہ سے رہائی چاہے تو روزانہ سورۃ جن پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ باعزت رہائی نصیب ہوگی اور آسیب ہو تو روزانہ سات مرتبہ پڑھنے سے آسیب بھاگ جائیگا۔

کسی بھی قسم کا درد ہو:

وبالحق انزلنہ وبا لحق نزل وما ارسلنک الامبشرا و نزیرا. (سورۃ بنی اسرائیل آیت ۱۰۵)

ہر قسم کے درد کے واسطے درد کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر اس آیت کو تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ بہت جلد درد جاتا رہیگا۔

بھوک نہ لگتی ہو:

ولولا فضل اللہ علیکم ورحمتہ وان اللہ تواب حکیم. (سورۃ النور۔ آیت ۱۰)

اگر کسی کو بھوک نہ لگتی ہو تو اس آیت کو 21 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے انشاء اللہ بھوک کھل کے لگے گی۔

گردے میں یا پتے میں پتھری ہو:

وان من الحجارۃ لما یتفجر منہ الا نھار وان منھا لما یشقق فیخرج منہ الما ئہ وان منھا لما یھبط من خشیۃ اللہ وما اللہ بغافل عما تعملون. (سورۃ البقرہ۔ آیت ۷۴)

اگر کسی کے گردے یا پتے میں پتھری ہو تو اس آیت کو 41 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے روزانہ پلاتے رہیں انشاء اللہ پتھری ختم ہوگی اور درد دور ہوگی۔

اولاد زندہ نہ رہتی ہو:

ونجینہ واھلہ من الکرب العظیم (سورۃ الصافات، آیت ۷۶)

اگر کسی کی اولاد مر جاتی ہو، اور زندہ نہ رہتی ہو یا کسی سخت مصیبت میں مبتلا رہتے ہوں۔ اس آیت کو روزانہ صبح و شام گیارہ مرتبہ پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ مفید ثابت ہوگا۔

برائے دفعیہ جادو:

اول و آخر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی اور مندرجہ ذیل آیت گیارہ بار لکھ کر سحر زدہ پر باندھے اور گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

علیقا ملیقا نالقا مخلوقا کافیا شافیا ارتضی مرتضی بحق یا بدوح وننزل من القرآن ماھو شفاء ورحمتہ للمومنین ولا یزید لظلمین الا خسارا بحق اشانا ساہ سالوسا .

بلڈ پریشر کیلئے:

والکاظمین الغیظ والعافین عن الناس واللہ یحب المحسنین. (سورۃ آل عمران۔ آیت ۱۳۴)

بلڈ پریشر کا مریض اگر اس آیت کو روزانہ 101 مرتبہ پڑھتا رہے تو انشاء اللہ ضرور فائدہ ہوگا۔

سانپ کاٹے کا علاج:

جس کسی کو سانپ نے کاٹا ہو اُس پر یہ دعا پڑھ کر دم کرے اور لکھ کر پلائے دعا یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم. قال القھایا موسیٰ فالقھا فاذا ھی حیۃ تسعی قال خذھا ولا تخف سنعیدھا سیرتھا الا ولیٰ.

اس آیت کو سانپ کے کاٹے کی خبر لانے والے کی پیشانی پر کلے کی انگلی سے لکھے اور سات بار درود اوّل و آخر کے ساتھ پڑھ کر دم کرے تو سانپ کا کاٹا ہوا جہاں ہوگا اچھا ہو جائیگا۔

مکان میں آسیبی خلل سے نجات:

چار عدد لوہے کی کیلیں لیں اور اُن پر **اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم** اور **والعصر** 5/ 5 بار پڑھ کر دم کرے چاروں کونوں میں دبا دیں انشاء اللہ مکان جنات کے اثر سے محفوظ رہیگا۔

دیمک اور ہر قسم کے کیڑوں سے حفاظت:

یہ عمل 41 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے دیواروں پر چھڑکیں ہر قسم کے کیڑوں سے نجات ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ۔

عمل: لاالہ الا اللہ .

برائے کشادگی روزی:

روزانہ سورج نکلتے وقت سورۃ فاتحہ 300 بار پڑھیں تو رزق کشادہ ہوگا۔ تجربہ شرط ہے۔

سب سحر کیا ہے

تحریر: عامل سحر کاظمی

یہ تو طے ہے جادو کی ایک حقیقت ہے جادو کس کس قسم کا ہوتا تھا یا ہوتا ہے۔ آج اس کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں ساتھ ساتھ چند عمل بھی جو نہایت آسان قسم کے ہیں اگر کوئی شخص عملیات کے ابتدائی کلیات سے واقفیت رکھتا ہو تو خود کر سکتا ہے۔

جادو کی ابتداء کہاں سے ہوئی یہ بہت پرانی تاریخ ہے۔ جادو کے بارے میں کتب میں لکھا ہے کہ صدیوں پہلے کلدانی جادو کے بہت ماہر تھے۔ نمرود کے زمانہ میں علمائے بابل نے ۱۲ ایسے طلسم تیار کئے تھے جو کہ عقل و فہم سے باہر تھے۔ کلدانیوں نے تانبے کی بط بنائی تھی اس کی خصوصیت یہ تھی کہ جب کوئی چور یا جاسوس شہر کی چار دیواری میں داخل ہوتا تو یہ بط خود بولنے لگتی تھی۔

اسی دور میں ایک نقارہ تیار کیا تھا اس کی خاصیت یہ تھی کہ اگر کسی شخص کا مال یا کوئی چیز گم ہو جاتی تو وہ شخص نقارہ بجاتا تھا اس سے آواز آتی تھی کہ تمھاری گمشدہ شے فلاں نے چرائی ہے۔

نمرود کے محل کے دروازے کے سامنے ایک ایسا درخت لگایا گیا تھا جس کا سایہ آدمیوں کے تعداد کے مطابق گھٹتا اور بڑھتا تھا۔ یہ سب طلسمات نمرود کے دارسلطنت شہر بابل میں موجود تھے۔

اسی شہر میں ایک ایسا عجیب و غریب حوض بنایا ہوا تھا جس میں مختلف قسم کے شربت ڈالے جاتے تھے۔ لیکن جو شربت جس کو درکار ہوتا تھا وہ اس حوض سے حاصل کر لیتا تھا۔ حالانکہ تمام مشروبات ایک ساتھ ڈالتے تھے۔ یہ حوض جشن وغیرہ کے موقعوں پر استعمال میں لایا جاتا تھا۔ اسی دور میں ایک ایسا آئینہ بنایا جو کہ غائب کا حال بتاتا تھا کہ وہ کہاں اور کس جگہ یا کس حال میں ہے۔

اسی طرح کتابوں میں لکھا ہے کہ جادو کے ایسے ایسے طریقے ایجاد کئے گئے تھے کہ عقل حیران رہ جاتی۔ کلدانیوں نے اپنے دور میں ایک ایسا آئینہ بنایا تھا جو کہ غائب حال بتاتا تھا کہ وہ کہاں اور کس جگہ ہے اور کس حال میں ہے۔

نمرود نے ایک ایسا تالاب بنوایا تھا جو کہ ایک چیز کے دو دعویدار ہونے پر ان کے مابین فیصلہ کرتا تھا یعنی اگر کسی ایک چیز کے دو دعویدار ہوتے تو وہ دونوں اس تالاب پر اتر جائے جو حق دار ہوتا تو پانی اس کی ناف تک ہی آتا اور جو جھوٹا ہوتا وہ اس میں ڈوبنے لگتا۔ (فقہا اسلام نے جادو کے بارے میں لکھا ہے کہ جن امور میں شیاطین ارواح خبیثہ سے مدد لی جائے وہ شرک کے برابر ہے ایسا کرنے والا کافر ہے)۔

جادو کے بارے میں ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ جادو سننے میں بہت آسان لیکن بہت ہی مشکل ہے اس کو حاصل کرنے میں سخت سے سخت محنت و مشقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اتنا ضرور ہے اس علم کا عامل اپنے علمی کمالات سے وہ کمالات اور امور خوارق و عادات لوگوں کو دکھلاتا ہے جن کو عقل سمجھنے سے قاصر ہے۔ جادو میں تمام ارواح کی تسخیر ہوتی ہے۔ جس مریض کو طبیب مہینوں کے علاج سے صحت یاب نہیں کر پاتا اس جادو کا جاننے والا ایک دن میں تندرست کر سکتا ہے اس قسم کا جادو بلاشبہ کفر ہے۔

عام طور پر جادو کی بے شمار شرطیں ہیں لیکن میں چند یہاں بیان کرتا ہوں۔

1. روحانیات کو اکب کی تسخیر میں سب سے پہلا طریقہ و عمل تسخیر ہے اور تسخیر قمر کی دعوت میں جو قدیم کلام پڑھا جاتا تھا۔ وہ کفریہ ہے۔ اس لیے اس کا تحریر کرنا بھی مناسب نہیں کیونکہ اصول اسلام کے خلاق اور توحید کے منافی ہے۔
2. سحر کی دوسری قسم جن و شیاطین کو تسخیر کرنے کی ہے۔ یہ پہلی قسم سے سہل اور آسان ہے۔ ہندوستان میں سحر کی یہ دوسری قسم بکثرت رائج ہے۔ دوسری قسم کے سحر میں بھوانی، ہنومان، دیوتاؤں کی خوشی کے لیے خوشبو جلا کر دھونی دیکر بھینٹ چڑھا کر کام لیا جاتا رہا ہے۔ یہ قسم بھی حرام و کفر ہے۔
3. تیسری قسم سحر کی تسخیر ارواح خبیثہ ہے اس میں کسی قوی ہیکل قوی الجثہ شخص

تجربات خالد

یہ کتاب ان روحانی اعمال اور نقوش پر مشتمل ہے جو خالد اسحاق راٹھور کے ذاتی تجربے پر پورے اترے ہیں۔ یہ کتاب ایسے اعمال لیے ہوئے ہے جن کو استعمال کرنے کے لیے عملیات کے میدان میں زیادہ مہارت یا تجربے کی ضرورت نہیں ہے۔ قریباً تمام اعمال آسان اور عام فہم ہیں۔ اپنی افادیت کے حوالے سے یہ کتاب اس درجہ معتبر ہے کہ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ عملیات کے علم سے نابلد افراد سے لے کر ماہرین عملیات تک کے لیے یہ زود اثر اور کامیاب اعمال لیے ہوئے ہے۔ جن کا مستند ہونا صاحب کتاب کے نام سے ظاہر ہے۔ وہ لوگ جو ایسی کتاب کی تلاش میں رہتے ہیں جو مسند اور تجربہ شدہ اعمال پر مشتمل ہو کے لیے لاجواب خزانہ ہے۔

کی روح کو کلام شیاطین پڑھ کر تسخیر کرتے ہیں اور اپنے تابع کر لیتے ہیں اور ان سے مثل نوکر کے کام لیتے ہیں۔ اس قسم کے جادو میں اکثر عام طور پر ارواح خبیثہ سے ہی کام لیا جاتا ہے۔ اس کی بھی اسلام نے اجازت نہیں دی یہ بھی ممنوع وحرام ہے۔

4. چوتھی قسم سحر کی یہ ہے کہ اس قسم میں معمول کی قوت واہمہ کو بعض ارواح خبیثہ یا جنات کے ذریعہ خراب کر دی جاتی ہے۔ یعنی معمول کو سامنے کی چیز نظر نہیں آتی اگر آتی ہے تو ہولناک صورت دکھلائی دیتی ہے۔

فرعون کے جادوگروں نے حضرت موسیٰؑ کے مقابلے میں اسی قسم کے سحر سے بنائے ہوئے سانپ چھوڑے تھے۔ اس قسم کے جادو کو سامری جادو بھی کہا جاتا ہے جو کہ فرعون کا سب سے بڑا جادوگر تھا اس میں شیطان اور ارواح خبیثہ سے مدد لی جاتی ہے یہ بھی کفر ہے۔

5. پانچویں قسم بھی ایسی ہے۔ اس میں لوگوں کو عجیب وغریب نظارے دکھلائے جاتے ہیں۔ اس طرح یا کسی قسم کے بھی جادو کفر ہے کرنے والا اور کروانے والا خارج اسلام ہے۔

مضرات سحر وعلامات سحر کی پہچان کے بارے میں مختصر بیان کرتا ہوں تاکہ ہر شخص آسانی سے سمجھ سکے۔

1. میاں بیوی آپس میں محبت والفت سے زندگی گزار رہے ہیں یکا یک مرد وعورت میں تنازعہ کی شکل کھڑی ہو جائے اور ایک دوسرے کی شکل سے بھی بیزار ہو جائیں۔

2. عورت اپنے شوہر کی محبت میں فریفتہ ہو اور سحر کر کے اس کو برگشتہ کر دیا جاتا ہے اور وہ شوہر کی شکل دیکھ کر آگ بگولہ ہو جاتی ہے۔

3. عورت اپنے شوہر کے اوصاف بیان کرتے کرتے نہیں تھکتی بلکہ رات دن شوہر کی محبت کا دم بھرتی ہے مگر سفلی سحر کے ذریعہ اس کو بدظن کر دیا جاتا ہے اور اس کو شوہر کی شکل مثل کتے کے نظر آتی ہے۔

4. نوجوان حسین خوبصورت لڑکی ہونے کے باوجود رشتہ نہیں ہو پاتا لڑکے والے آتے ضرور ہیں لیکن بعد میں انکار کر دیتے ہیں یا خاموش ہو جاتے ہیں اس طرح عرصہ گزر جاتا ہے۔

5. رشتے آنے بند ہو جاتے ہیں یعنی بغیر دیکھے ہی لوگ بدظن ہو جاتے ہیں اس کے ذکر سے نفرت اور اچاٹ پن دنوں میں ہونے لگتا ہے۔

6. مرد اپنی بیوی پر محبت میں جان دیتا ہے مگر سحر زدہ ہونے کے بعد نفرت کرنے لگتا ہے اور سمجھانے والا بھی دشمن لگتا ہے۔

7. یہ بھیڑ بکریوں، گائیوں یا دودھ دینے والے جانوروں پر کیا جاتا ہے۔ اس کے راستے میں کھوٹ پیدا کرنے کے لیے۔

8. یہ بھی چوپایوں کے لیے مخصوص ہے اس سحر کے کرنے سے جانوروں کے جوڑوں میں درد ہو جاتا ہے۔ وہ جانور گھاس کھانا چھوڑ دیتے ہیں اگر بروقت علاج نہ ہو تو مر جاتے ہیں۔

9. یہ جادو دودھ دینے والے جانوروں اور بچہ جننے والی ماؤں پر کیا جاتا ہے خواہ جانور ہوں یا عورتیں اس کے کرنے کے بعد بچہ پیٹ سے بے وقت ضائع ہو جاتا ہے۔

10. جادو کے ذریعے اولاد کو نشانہ بنایا جاتا ہے۔ یعنی نومولود اور شیر خوار بچوں پر یہ جادو کیا جاتا ہے اور بچہ سوکھ کر مر جاتا ہے۔

11. اکثر بروز جمعہ یا منگل طالع سنبلہ میں ایک تیلہ عطارد کا بنا کر راستے میں ڈال دیا جاتا ہے اور عورت کے پیروں میں آجانے پر عورت کے یہاں لڑکیاں ہی پیدا ہوں گی، لڑکا نہ ہوگا۔

12. مرد کو بستہ کر دیا جاتا ہے۔

13. دلہن کو اپنے شوہر سے بستہ کر دیا جاتا ہے۔

14. مرد کے مفاصل میں (یعنی جوڑوں میں) درد پیدا کر دیا جاتا ہے اور مرد بے کار ہو جاتا ہے۔

15. عورت رنگ بدلنے لگتی ہے۔ چہرہ بھیانک ہو جاتا ہے۔

16. عورت کو بانجھ کر دیا جاتا ہے۔

17. اچھا خاصہ کاروبار چل رہا ہے پھر زوال آجائے روز روز نقصان کا سامنا کرنا پڑے۔

18. عورت کے پیٹ میں اسر میں پانی پیدا ہو جاتا ہے۔

19. پیار ومحبت سے زندگی گزار رہے ہوں اچانک نوبت طلاق پر آجائے اور

جدا جدا ہو جائیں۔

20. گھر میں ویرانی آجائے۔ خیر و برکت اڑ جائے۔ محبت الفت جاتی رہے۔ ہر شخص ایک دوسرے کا دشمن بن جائے۔

21. بیماری سمجھ نہ آئے ہزاروں علاج کروایا جائے لیکن شفاء نظر نہ آئے۔

جادو کو کسی پر واقع کرنے کے اور بھی بہت سے طریقے ہیں بلکہ لاتعداد طریقے ہیں عام طور پر کھانے پینے کی چیزوں میں کوئی سفلی عمل کر دیا جاتا ہے اور یہ چیز کسی کو کھلا دی جاتی ہے یا پلا دی جاتی ہے۔ یہ چیز جس کے جسم میں داخل ہو جائے اپنا اثر دکھلاتی ہے اور ایسی کھانے پینے کی چیزوں کے ذریعے ہوا ہو کاٹ کرنا بھی قدرے دشوار ہوتا ہے۔ کیونکہ یہ جادو انسان کے رگ وریشے میں شامل ہو جاتا ہے اور خون بن کر رگوں میں دوڑنے لگتا ہے۔

ہمارے پاکستان میں بھی اکثر پیروں کے ناخن یا پھر استعمال شدہ کپڑا یا بال کے ذریعے بھی جادو کیا جاتا ہے۔ بعض عاملین کا خیال یہ ہے کہ بال صرف سر ہی کے کام میں آتے ہیں جسم کے دوسرے حصے کے بالوں پر جادو اثر انداز نہیں ہوتا۔ ناخن کے سلسلے میں بھی یہ رائے ہے اگر وہ بیس کے بیس انگلیوں کے ہوں تو کارگر ہوتے ہیں لیکن میری رائے یہ ہے کہ اگر ایک ہاتھ اور ایک پاؤں کے ناخن حاصل ہو جائیں تو جادوگر اپنے ناپاک مقصد میں کامیاب ہو جاتا ہے۔ استعمال شدہ کپڑے میں جادو اسی وقت اثر انداز ہوتا ہے جب کہ کپڑا دھلنے سے پہلے کسی کے ہاتھ لگ جائے۔ دھلنے کے بعد انسانی جسم کے اثرات ختم ہو جاتے ہیں اور قوت لاسہ کا اثر باطل ہو جانے کی وجہ سے انسان سحر کے لپیٹ میں نہیں آتا۔

اکثر پاؤں تلے کی مٹی حاصل کر کے بھی اس پر جادو کر کے ایسی جگہ دبا دیا جاتا ہے۔ جہاں سے مسحور کو روزانہ گزرنا ہوتا ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ رفتہ رفتہ جادو کا اثر مسحور کے بدن پر پڑتا ہے اور صحت روز بروز خراب ہوتی چلی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ ہزاروں ایسی چیزیں ہیں جس کے ذریعے یا جس کے اوپر جادو ہو جاتا ہے اور عام آدمی کو اس کا پتہ جلد نہیں چلتا۔

علامات کے بعد اب پھر اس کے توڑ کی طرف آتے ہیں۔ جادو نوری ہو یا سفلی اس تحریر کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور کنوئیں کے پانی پر 21 مرتبہ اسی عزیمت کو پڑھ کر دم کر کے پلا دیں۔ صبح شام 21 روز تک ایسا ہی کریں اور 21 مرتبہ اسی عزیمت کو سرسوں کے تیل پر دم کر کے رات کو مریض کے پورے بدن پر مالش کریں انشاء اللہ مریض کو شفا ہو گی۔

موسیٰ و ہارون کی لاٹھی ٹوٹکا کرنے والے کی ٹوٹے پائی ساحر پڑے موت کی کھائی۔ کعبہ کی نظر بیکار ہو جادو کا اثر **بسم اللہ الہ اکبر لاحول و لا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔**

اگر جادو کے ذریعہ کسی عورت کا دل اس کے شوہر کی طرف سے پھیر دیا گیا ہو اور عورت کو اپنے شوہر سے نفرت ہو گئی ہو تو اس صورت میں سورہ یوسف کے ذریعے علاج کریں اس کے تین عمل ہیں۔

1. عورت کو سورہ یوسف کا دم کیا ہوا پانی پلائیں بوتل میں پانی رکھ لیں روزانہ رات کو سوتے وقت تین گھونٹ پلائیں۔
2. سورہ یوسف عورت پر دم کریں۔
3. جب عورت سو جائے تو سورۃ یوسف پڑھ کر دم کریں۔

کیسا بھی جادو ہو اولاد بند کر دی ہو یا شادی نہ ہوتی ہو۔ سات کنوؤں کا پانی لے کر اس پر چاروں قل 21 مرتبہ پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں 11 روز تک سحر زدہ کو پلائیں۔ سات کنوؤں سے مراد یہ بھی لی گئی ہے مختلف علاقوں سے سات جگہوں سے پانی لینا ہے۔ فاصلہ کم از کم ایک فرلانگ ہونا ضروری ہے۔

چار سو چالیس چنے کے دانے لیں ہر ایک چنے پر ایک مرتبہ آیت کریمہ پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں پھر چالیس چنے ابال کر ایک دن میں کھلائیں اور لگاتار 11 روز تک اس عمل کو جاری رکھیں۔

اسم **یا قھار** کا ورد بھی جادو کے اثرات کو زائل کرنے میں بے حد موثر ثابت ہوتا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ گیارہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھیں اس کے بعد 1836 مرتبہ **یا قھار** پڑھیں۔ اخیر میں گیارہ مرتبہ قرآن حکیم کی آخری دونوں سورتیں پڑھیں اور پانی پر دم کر کے پلا دیں اس عمل کو بدھ کے دن شروع کریں گیارہ دن تک لگاتار جاری رکھیں۔ انشاء اللہ کیسا بھی سخت سے سخت اور مضر سے مضر جادو ہو گا۔ رفع ہو جائے گا اور مریض کو اللہ تعالیٰ کے فضل سے صحت حاصل ہو گی۔

آج کل یہ خباثت عام ہو گئی ہے کہ فتنہ پرور اور حاسد قسم کے لوگ چلتے چلاتے کاروبار کو سفلی عمل کے ذریعے باندھ دیتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اچھا خاصا کاروبار تباہ و برباد ہو جاتا ہے اور انسان کا ہاتھ تنگ ہو جاتا ہے، قرض بڑھنے لگتا ہے، گھر میں معاشی تنگی شروع ہو جاتی ہے اور انسان اپنی عزت داؤ پر لگا دیتا ہے۔ جو شخص یہ محسوس کرے کہ اس کی اور اس کے کاروبار کی بندش کر دی گئی ہے وہ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد **یا منتقم** 640 مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھے اور روزگار کا نقش کسی عامل سے بنوا کر اپنی دوکان پر لٹکائے۔ انشاء اللہ 21 دن کے اندر اندر بندش کھل جائے گی اور برے اثرات سے نجات ملے گی۔

اگر کسی شخص کی مردانہ صلاحیت سلب کر دی گئی ہو تو اس تجربہ شدہ عمل کو جاری کر دیں صنوبر کی چھال یا عود کی لکڑی پر تین سو مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر دم کر دیں۔ اسکے بعد اس کو جلا کر اس کی راکھ کو اصلی شہد میں ملا لیں اور ملانے سے پہلے اس شہد پر ایک سو مرتبہ قرآن پاک کی آخری دونوں سورتیں پڑھ کر دم کر دیں۔ 21 روز تک راکھ شہد صبح شام ایک چمچہ کھانی ہے۔ انشاء اللہ بندش ختم ہو جائے گی اور کھوئی ہوئی صلاحیت واپس لوٹ آئے گی۔

☆☆☆

طبی مشورے

جگر کی بیماریاں

صفراء کی زیادتی، شراب کا کثرت سے استعمال، مرطوب غذاؤں کی زیادتی سے بلغم پیدا ہو کر اس میں ضعف پیدا ہو جاتا ہے۔ کثرت مباشرت یا شدید محنت اور دھوپ میں چل کر آنے کے فوراً بعد پانی پی لینا، برف کا کثرت سے استعمال وغیرہ اس کی وجاہات ہیں۔

علاج

1۔ سیب کھانے سے جگر کو تقویت پہنچتی ہے۔ جگر کے امراض میں سیب زیادہ استعمال کریں۔

2۔ جگر کے مریضوں کو گاجر زیادہ استعمال کرنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

3۔ لوکی کو آگ پر سینک کر بھرتہ بنا کر اس کا رس نکالیں۔ اس میں مصری ملا کر پینا جگر کے امراض میں بہت مفید ہے۔

4۔ خربوزے کھاتے رہنے سے جگر کی سوجن ختم ہو جاتی ہے۔

5۔ اجوائن 15 گرام مٹی کے کورے برتن میں پانی ڈال کر بھگو دیں۔ دن بھر کمرے میں اور رات کو گھر کے صحن میں ایسی جگہ رکھیں جہاں اوس پڑتی رہے۔ اگلی صبح چھان کر پانی پی لیں۔ یہ نسخہ پندرہ دن متواتر استعمال کریں۔ اس سے مریض کو بھوک بھی لگے گی اور بڑھا ہوا جگر بھی ٹھیک ہو جائے گا۔

6۔ چھوٹے بچے جن کا جگر خراب ہو، انہیں پپیتا کھلائیں۔ اس سے ان کا پیٹ صاف رہے گا اور جگر کو طاقت ملے گی۔

7۔ کریلا کا رس آدھا چمچ روزانہ دینے سے تین سے آٹھ برس کے بچوں کا جگر ٹھیک ہو جاتا ہے۔

8۔ انگور، جامن، آم، ٹماٹر کے استعمال سے جگر کی بے قاعدگیاں ختم ہو جاتی ہیں جبکہ جگر کے سکڑنے میں پپیتا بہت مفید ہے۔ اس کے علاوہ لوکی، چقندر، بتھوا اور لسی (چھاچھ) جگر کی امراض کو درست کرتے ہیں۔

احتیاط:

جگر کے مریضوں کو گھی اور چینی بہت کم استعمال کرنا چاہیے۔ تیل یا گھی میں تلی ہوئی اشیاء چائے، کافی، تیز مصالحے اور تمباکو نوشی سے جس قدر پرہیز ہو سکے بہتر ہے جبکہ پھلوں کا رس سبزیاں، ترش پھل نارنگی، مسمی، اروی، گاجر، کشمش، کھجور، آم، شہد اور چقندر زیادہ استعمال کرنی چاہیے۔

پرقان (پیلیا)

1۔ گنڈیریاں کثرت کے ساتھ چوسیں۔

2۔ مولی کے پتے لے کر عرق نکالیں۔ جوان آدمی کے لیے آدھ سیر عرق روزانہ کافی ہے اور اس میں موٹی شکر کے دانے اس قدر ملائیں کہ میٹھا ہو جائے۔ اب اس کو باریک ململ کے کپڑے سے چھان لیں۔ بس پلاتے ہی مریض کو اس قدر فرحت ہوگی کہ وہ خود کہہ اٹھے گا کہ مجھے فائدہ ہو گیا۔ بھوک اچھی طرح لگے گی، دست بھی آئیں گے یہاں تک کہ سات روز میں بفضلہٖ مرض کا نام ونشان باقی نہ رہے گا۔

3۔ مولی کے پتوں کو سونگھانے سے بھی آرام آنا شروع ہو جاتا ہے۔

4۔ املی اور آلو بخارا اور زرشک کا چوشاندہ بھی اس مرض میں مفید ہے۔

تلی کا بڑھ جانا

1۔ مولی کے سبز پتوں کا پانی بقدر آدھ پاؤ نکال کر روزانہ صبح کے وقت پلایا کریں۔ روزانہ ایک دست آیا کرے گا اور چند روز میں تلی کا ورم دور ہو جائے گا۔

2۔ انجیر پانچ عدد روزانہ کھلائیں۔ بہتر یہ ہے کہ رات سرکہ میں بھگو کر

روزانہ دو یا تین انجیر کھالیا کریں۔

3۔ عمدہ مولی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے ان میں سرکہ دو حصہ اور رائی ونمک و مرچ ڈال کر بدستور اچار تیار کریں اور روزانہ صبح وشام چند ٹکڑے تلی کے بیمار کو کھلایا کریں بڑی ہی مفید دوا ہے۔

4۔ مولی کے بیج 3 گرام سرکہ میں پیس کر ملائیں اور روزانہ چٹایا کریں، چند روز میں فائدہ ہوگا۔

پسلی کا درد

علاج:

1۔ گرم پانی جتنا گرم پی سکیں کھانا کھانے کے بعد پیتے رہنے سے پسلیوں کا درد رفع ہو جاتا ہے۔

2۔ خالص سندور شہد میں ملا کر درد کی جگہ پر چپکا دیں اور سینک کریں۔ درد دور ہو جائے گا۔

3۔ سونٹھ 30 گرام پیس کر آدھے کلو پانی میں ابالیں ٹھنڈا ہونے پر چھان کر کم از کم چار بار پینے سے پسلی کا درد دور ہو جاتا ہے۔

4۔ 100 گرام میتھی تولے پر آدھا بھونا ہوا کرلیں۔ اس میں 25 گرام کالا نمک دو چمچ گرم پانی کے ساتھ دن میں دو مرتبہ پھانکتے رہنے سے کئی قسم کے درد دور ہو جاتے ہیں۔ ان کو پھانکنے سے پیٹ میں ہوا بھی پیدا نہیں ہوتی۔

گھٹنوں کا درد

علاج:

1۔ گھٹنوں کا درد نیا ہو یا پرانا مونٹھ کے لڈو بنا کر کھائیں درد دور ہو جائے گا۔

2۔ لہسن ایک پوتھیاں چھیل کر صاف کریں اور گائے کے دو سیر دودھ میں پکائیں جب دودھ اچھی طرح جذب ہو جائے تب گھی میں اس قدر بھونیں کہ سرخ ہو جائے پھر دو سیر چینی ملا کر حلوہ بنالیں تیار ہے۔

3۔ لہسن کو سرسوں کے تیل میں پکا کر صاف کریں اور اس کی مالش کریں یہ بھی اس مرض میں مفید ہے۔

4۔ گھٹنوں کی بلغمی سوجن ہو تو کچے آلو پیس کر لیپ کرتے رہنے سے دور ہو جاتا ہے۔

کمر کا درد

1۔ چھوہارے کھانے سے کمر کا درد دور ہو جاتا ہے۔

2۔ ادرک کا رس اور گھی ملا کر پینے سے کمر درد ٹھیک ہو جاتا ہے۔

3۔ میتھی کی سبزی بنا کر پکائیں کمر کا درد جاتا رہے گا۔

4۔ لیموں کا رس ایک چمچہ لہسن کا رس ایک چمچہ پانی دو چمچ لے کر آپس میں ملا دیں۔ یہ ایک خوراک ہے صبح وشام استعمال کریں۔

پھلبہری کا مرض

علاج:

1۔ روزانہ چھاچھ (لسی) پینا سفید داغوں میں فائدہ مند ہے۔

2۔ اخروٹ کھاتے رہنے سے سفید داغ ختم ہو جاتے ہیں۔

3۔ چنے کی روٹی بغیر نمک ملائے کھانے سے اس مرض میں فائدہ مند ہے۔

4۔ لہسن کا رس نکال کر اس میں ہڑ پیس کر ملا دیں سفید داغوں پر لیپ کرنے سے داغ دور ہو جاتے ہیں۔

5۔ تلسی کا تیل سفید داغوں پر لگانا مفید ہے۔

6۔ نیم کے پتے نمولی اور پھول ہموزن پیس کر روزانہ ایک چمچہ پھانک لینے سے سفید داغ دور ہو جاتے ہیں۔

7۔ اڑد پانی میں پیس کر متواتر چار ماہ تک داغوں پر لگاتے رہنے سے داغ مٹ جاتے ہیں۔

8۔ ہلدی 125 گرام، سپرٹ 500 گرام ملا کر کسی شیشی میں بھر کر کارک لگا کر دھوپ میں رکھ لیں روزانہ تین چار بار شیشی کو ہلاتے رہیں پھر چھان کر یہ مکسچر دن میں تین بار داغوں پر لگانا مفید ہے۔

خارش

علاج:

1۔ خارش والی جگہ پر جوائن پیس کر لیپ کرتے رہیں چند دنوں میں خارش بند ہو جاتی ہے۔

2۔ لہسن کا تیل میں ابال کر مالش کریں خارش ختم ہو جائے گی۔

3۔ چنبیلی کے تیل میں ہموزن لیموں کا رس ملا کر مالش کرنا خشک خارش میں مفید ہے۔

4۔ ناریل کے تیل دو چمچ میں ایک چمچہ ٹماٹر کا رس ملا کر مالش کرنے کے بعد گرم پانی سے غسل کرنا مفید ہے۔

5۔ زیرہ پانی میں ابال کر اس پانی سے غسل کرنے سے پت اور خارش

دور ہو جاتی ہے۔

6۔ نیم کے پتے کا رس بقدر 25 گرام صبح نہار پینے سے خون صاف ہو جاتا ہے۔

7۔ اڑد کی دال دہی میں پیس کر لگانے سے خارش ختم ہو جاتی ہے۔

8۔ خارش اگر تولیدی اعضاء پر ہو تو گرم پانی میں پھٹکڑی ملا کر دھونا فائدہ مند ہے۔

9۔ کافور 10 گرام، ناریل کا تیل 100 گرام ملا کر متاثرہ حصوں پر لگانا مفید ہے۔

10۔ جن مریضوں کے خون میں خرابی ہو انہیں چینی کے بجائے گڑ کی چائے، دودھ، لسی پلائیں گڑ کے استعمال سے خون صاف ہوتا ہے اور خارش دور ہو جاتی ہے۔

پیشاب کے امراض

پیشاب میں جلن:

1۔ جو ایک پیالی ایک کلو پانی میں ابالیں۔ چھان کر یہ پانی پینے سے جلن میں فائدہ ہوتا ہے۔

2۔ مکئی کے تازہ بھٹوں کو پانی میں ابال لیں پھر اس میں مصری ملا کر پی لیں۔ جلن کا نام و نشان مٹ جائے گا۔

3۔ تلسی کے پتے چباتے رہنے سے پیشاب کی جلن دور ہو جاتی ہے۔

4۔ اسبغول پانی میں بھگو کر اس میں دیسی چینی ڈال کر پینے سے پیشاب کی جلن دور ہو جاتی ہے۔

5۔ دھنیا خشک اور آملہ کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح پیس کر مصری ملائیں اور پی لیں بہت فائدہ مند ہے۔

6۔ کچے دودھ میں پانی ملا کر (لسی بنا کر) پینے سے پیشاب میں جلن ختم ہو جاتی ہے۔

7۔ بھنڈی اور کدو کی سبزی پکا کر کھانے سے پیشاب کھل کر آتا ہے اور جلن بھی دور ہو جاتی ہے۔

8۔ تربوز کا گودا رات کو اوس میں رکھ دیں۔ صبح اس کا رس نکال کر چینی ملائیں اور پی لیں، فائدہ ہوگا۔

9۔ پیشاب میں جلن ہونے کی صورت میں پھول گو بھی استعمال کرنا مفید ہے۔

10۔ کتیرا گوند رات کو پانی میں بھگو کر رکھ دیں صبح شکر یا چینی ملا کر پی لیں، جلن دور ہو جائے گی۔

پیشاب کا زیادہ آنا

1۔ تل اور گڑ ہموزن لے کر چھوٹے چھوٹے لڈو بنا لیں روزانہ ایک دو لڈو کھانا مفید ہے۔

2۔ تل اور اجوائن ملا کر کھانے سے زیادہ پیشاب آنا ٹھیک ہو جاتا ہے۔

3۔ سیب رات کو کھانے بار بار پیشاب آنا بند ہو جاتا ہے۔

4۔ جن بوڑھوں کو بار بار پیشاب آتا ہو انہیں چاہیے کہ وہ دن میں دو بار چھوہارے کھائیں اور رات کو چھوہارے کھا کر دودھ پی لیں۔

5۔ مسور کی دال پکا کر کھائیں فائدہ ہوگا۔

6۔ پالک کا ساگ پکا کر کھانے سے رات کو بار بار پیشاب آنا بند ہو جاتا ہے۔

7۔ انار کے چھلکے پانچ گرام پانی سے پھانک لینے سے بار بار پیشاب آنا یا زیادہ پیشاب آنا بند ہو جاتا ہے۔

8۔ چائے کا زیادہ استعمال کرنے سے پیشاب بار بار آتا ہے لہٰذا جن کو پیشاب زیادہ آتا ہو وہ چائے کا استعمال بند کر دیں۔

پیشاب کا رک جانا

1۔ دو اونس مولی کا رس (ایک خوراک) پلانے سے گردوں کی خرابی کی وجہ سے نہ بننے والا پیشاب بننا شروع ہو جاتا ہے۔

2۔ ایک شلغم اور ایک مولی ملا کر کچی کھانے سے پیشاب کا رک رک کر آنا ٹھیک ہو جاتا ہے۔

3۔ گرم گرم دودھ میں گڑ ملا کر روزانہ دو بار پینے سے جہاں مثانے کے امراض کا خاتمہ ہوتا ہے وہاں پیشاب صاف اور کھل کر آنے کے ساتھ ساتھ پیشاب کی رکاوٹ بھی دور ہو جاتی ہے۔

4۔ زیرہ اور چینی برابر برابر لے کر پیس لیں دو چمچ کی خوراک روزانہ تین بار پانی سے پھانک لینے سے رکا ہوا پیشاب ٹھیک ہو جاتا ہے۔

5۔ خربوزہ کے بیج کو باریک کوٹ کر رکھ لیں دو گرام پانی کے ساتھ استعمال کرنے سے پیشاب کھل کر آ جاتا ہے۔

گردوں کے امراض

علاج:

1۔ آلو ایسی سبزی ہے جس میں سوڈیم کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔ گردوں سے متعلق بیماریاں آلو کھانے سے دور ہو جاتی ہیں۔

2۔ پیشاب کرتے ہوئے جلن یا درد ہوتا ہو تو مولی کا رس آدھ گلاس پینا مفید ہے۔

3۔ گردوں کی بیماریاں شہد کے استعمال سے ٹھیک ہو جاتی ہیں۔

4۔ صبح خالی پیٹ پھلوں کا رس پینے سے گردے تندرست رہتے ہیں۔

5۔ گاجر کے بیج دو چمچ ایک گلاس پانی میں ابال کر پینے سے پیشاب زیادہ آتا ہے۔

6۔ ایک یا دو نارنگیوں کا رس صبح ناشتے سے پہلے پینا مفید ہے۔

7۔ انگور یا سیب کا رس گردوں کو بہت فائدہ پہنچاتے ہیں۔

8۔ گردوں پر سوجن ہو تو تربوز کھائیں سوجن ختم ہو جائے گی۔

9۔ اروی کھانے سے گردوں کی کمزوری اور گردوں کی بیماری دور ہو جاتی ہے۔

10۔ گاجر اور ککڑی یا گاجر اور شلغم کا رس ملا کر پینا گردوں کے امراض کو ٹھیک کرتا ہے۔

11۔ گردوں کی سوزش پالک، جو اور گنے کا استعمال کرنے سے ٹھیک ہو جاتی ہے۔

12۔ گردوں کی بے قاعدگی کو کیلا اور چقندر کھانے سے باقاعدہ بنایا جا سکتا ہے۔

13۔ گردے ناکارہ ہوں تو کیلا کا استعمال کرنا مفید ہے۔

گردوں کی پتھریاں

وجوہات:

روزمرہ غذا میں آکسلیٹ، کیلشیم، فاسفیٹ اور پیورین کا کثرت سے استعمال پتھری کا باعث بنتا ہے۔ یہ عناصر چھلکوں والے اناجوں، ساگ، سبزیوں اور دودھ میں زیادہ پائے جاتے ہیں۔ گردوں کے مریضوں کو ان چیزوں کا استعمال کم سے کم کرنا چاہیے۔

علامات:

گردوں میں پتھری ہو تو گردوں اور کمر میں شدید درد رہتا ہے۔ درد اتنا شدید ہوتا ہے کہ مریض تڑپنے لگ جاتا ہے۔ پیشاب رک رک کر جلن کے ساتھ آتا ہے۔ کبھی کبھی پیشاب میں خون بھی آتا ہے۔

علاج:

1۔ کریلا استعمال کرنے سے گردے اور مثانہ کی پتھری ٹوٹ ٹوٹ کر پیشاب کے ساتھ باہر آجاتی ہے۔

2۔ چولائی کا ساگ ہر روز کھانے سے پتھری پگھل جاتی ہے۔

3۔ پیاز کے رس میں چینی ملا کر شربت بنالیں۔ اسے استعمال کرنے سے پتھری ٹوٹ جاتی ہے۔

4۔ خربوزے زیادہ استعمال کریں۔

5۔ گاجر، چقندر، کھیرے کا رس 50,50 گرام ملا کر پینا مفید ہے۔

6۔ مولی کے بیج 35 گرام آدھے کلو پانی میں خوب ابالیں۔ جب نصف پانی رہ جائے تو چھان کر پئیں۔ چند دن یہ پانی پیتے رہنے سے پتھری خواہ گردوں میں ہو یا مثانے میں گھل کر باہر نکل آتی ہے۔

7۔ چنے کی دال رات کو پانی سے بھگو دیں صبح دال میں شہد ملا کر کھالیں۔

8۔ جو کے آٹے کی روٹی اور اس کے ستو استعمال کرنے سے پتھری پگھلنے لگ جاتی ہے۔

9۔ سیب کا رس پیتے رہنے سے پتھریاں بننا بند ہو جاتی ہیں۔

10۔ مکئی کے بھٹے اور الگ الگ جلا کر راکھ کر لیں۔ دونوں کو پیس کر الگ الگ شیشوں میں بھر کر نشان لگالیں تاکہ پتہ چلے کہ مکئی کی راکھ کون سی ہے اور جو کی راکھ کون سی ہے۔ صبح کے وقت مکئی کی راکھ دو چمچ ایک پیالہ پانی میں حل کر کے چھان لیں۔ یہ پانی پینے سے پتھری گھل گھل کر ختم ہو جاتی ہے۔ پیشاب صاف ہو کر آتا ہے۔ شام کے وقت دو چمچ جو کی راکھ ایک کپ پانی میں حل کر کے چھان لیں یہ پانی پینے سے بہت فائدہ ہوگا۔

☆☆☆☆

اعمال چشتیہ

فقیر محمد افضل چشتی، ڈی جی خان

محترم قارئین کرام ماہنامہ رہنمائے عملیات اسلام علیکم!
عملیات برائے اعمال چشتیہ کے عنوان سے آج اپنے دادا حاجی اللہ بخش زوار چشتی کے عطا کردہ عملیات لے کر خدمت میں حاضر ہوں عملیات کے شائقین حضرات کو یقیناً میری کاوش ضرور پسند آئے گی۔ جائز کاموں میں ان اعمال کی اجازت دیتا ہوں اور ناجائز کاموں میں یہ اعمال فائدہ نہ دیں گے۔

نقش برائے حاجت

یہ نقش ہر حاجت کے لئے رزق، سفر، نکاح، شادی، اور امتحان میں کامیابی جیسی ہر حاجت کے لئے ہے۔ یہ نقش جمعہ کے دن مشک و زعفران سے نماز جمعہ کے بعد لکھ کر اپنے پاس رکھیں / یا گلے میں ڈالیں انشاءاللہ ہر حاجت پوری ہوگی اپنے مقصد میں کامیاب ہوگئے۔

۷۸۶

ال	ع	ز	ی
۸	۱۴	۳۲	۶۹
۱۵	۵	۷۲	۲۳
۷۱	۳۴	۱۴	۶

نقش برائے حُب شرف قمر

یہ نقش حُب کے لئے ہے مطلوب کو تابع وفرمابردار کرنے کے لئے یہ نقش شرف قمر میں لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ مشک وزعفران سے لکھیں۔ انشاءاللہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے اور دلی خواہش پوری ہوگی۔ مطلوب تابع وفرمانبردار ہوگا/ گلے میں بھی پہن سکتے ہے۔

۷۸۶

مہ	ی	م	ن
۱۴	۴۹	۴۶	۹
۴۷	۳۸	۱۲	۴۷
۱۱	۴۸	۴۷	۳۹

نقش برائے رزق عزت شہرت

یہ نقش رزق، عزت، شہرت کے لئے نوچندی جمعرات کو صبح کی نماز کے بعد مشک وزعفران سے لکھ اپنی جیب میں رکھے رزق وسیع ہوگا ہر جگہ عزت شہرت ہوگی۔ اس کے بعد مغرب اور عصر کے دوران انگوٹھی پر کندا کروا کر پہنے انشاءاللہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے۔

۷۸۶

ا	ل	م	ق	ت	د	ر
ل	م	ق	ت	د	ل	ا
م	ق	ت	د	ل	ا	ل
ق	ت	د	ل	ا	ل	م
ت	د	ل	ا	ل	م	ق
د	ل	ا	ل	م	ق	ت
ل	ا	ل	م	ق	ت	د

نقش برائے رزق وبرکت

یہ نقش رزق وبرکت کے لئے ہے جس گھر میں رزق کی کمی ہو۔ بے برکتی ہو تو یہ نقش سوموار کے دن لکھ کر اپنے داہنے بازو میں پہنے انشاء

اللہ مال میں برکت ہوگی حاجت پوری ہوگی اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے۔ یہ نقش گلے میں پہننے سے پہلے غسل کر کے پاک صاف ہو کر نہائیں / گلے میں بھی پہن سکتے ہے۔



نقش برائے حُب

یہ نقش حب کے لئے مطلوب کو تابع وفرمانبردار کرنے کے لئے یہ نقش نوچندی جمعرات کو مشک وزعفران سے لکھ کر ایک نقش گلے میں پہنے ایک نقش پھلدار درخت پر لٹکائیں ایک نقش گھر میں رکھیں انشاءاللہ مطلوب تابع وفرمانبردار ہوگا قدموں میں ہوگا انشاءاللہ حاجت پوری ہوگی۔

نقش برائے نظر بد

یہ نقش نظر بد سے نجات کے لئے ہے۔ اگر کوئی شخص یا بچہ بدنظر کا شکار ہو تو یہ نقش گلے میں ڈالے بدنظر سے نجات مل جائے گی اور جو بڑا شخص بدنظر کا شکار ہوں نجات نہ مل رہی ہو تو یہ نقش بازو میں باندھیں انشاءاللہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے۔

۷۸۶

الحمد الله	رب العلمين	الرحمن الرحيم	مالک	يوم الدين
ايا ک نعبد	وايا ک نستعين	اهدنا الصراط	المستقيم	صراط الذين
انعمت	عليهم	غير المغضوب	عليهم	ولا
الضا	آمين	بسم الله	الرحمن	الرحيم

نقش برائے حُب قمر

یہ نقش حُب مطلوب کو تابع وفرمانبردار کرنے کے لئے ہے۔ اس نقش کو شرف قمر میں ریشمی کپڑے پر لکھ کر اپنے پاس رکھیں انشاءاللہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گئے مطلوب تابع وفرمانبردار ہوگا اور جھگڑا ختم ہو جائے گا۔

۷۸۶

ال	و	دو	د
۱۱	۳	۳۲	۵
۲	۸	۸	۳۳
۷	۳۴	۱	۹

☆☆☆☆☆

خاتم سلیمان

خاتم سلیمان ایک ایسی متفرق خواص کی لوح ہے جو اِن امور کے لیے موثر مانی جاتی ہے۔ جن میں جادوٹونہ، حصول محبت، عشق، خاتمہ دشمنی، غلبہ محبت، قرض سے نجات، تحفظ دھوکہ، کامیاب سفر، حفاظت شر، خاتمہ خفیہ دشمن، حصول محبوب، تکمیل حاجت، منگنی نکاح، خاتمہ غربت، ترقی، تحفظ بدنظری، اچانک حادثہ، حفاظت حاسدین، دلوں میں محبت، مسافر و غائب کو حاضر کرنا، جھگڑالو سے حفاظت، لوگوں کو مطیع کرنا، حصول مراد، خیر و برکت، خاتمہ دشمن، صحت، خاتمہ بیماری جیسے اُمور شامل ہیں۔

برج عقرب

تحریر: سید عرفان، اسلام آباد۔

مختصر منسوبات

جنسی خواص	عنصری خواص	جسدی خواص
مونث	آبی	ثابت
حاکم کوکب	مخصوص دن	مخصوص حروف
مریخ	منگل، اتوار، پیر، جمعرات	ذ، ر، ن
جسم کا حصہ	مخصوص رنگ	مخصوص پتھر
نسوانی اعضاء	لال، سفید، کریم	مرجان، روبی

موزوں کھانے:۔

آلو بخارہ۔

موزوں کھیل اشوق:۔

کھانا، سائیکالوجی، کراٹے، فٹ بال، کرکٹ یا دیگر فزیکل کھیل پوشیدہ علوم۔

موزوں جڑی بوٹیاں اور پودے:۔

لہسن، ادرک، ہری مرچ، مولی، تمباکو، ہری پیاز۔

پیشہ:۔

فوج اور پولیس وغیرہ کی ملازمت، جاسوسی، سائنسی تحقیق، جراح، ڈاکٹر، سرجن، دانتوں کے ڈاکٹر، انجینیر نگ، کان کنی، آثار قدیمہ، شراب کا کام، نرسنگ، دوا سازی، کیمیا، تجارت، صحافت، کرائم رپورٹنگ، بروکر، تعمیرات، فلاسفر، ماہر نجوم وعلم مخفی، لائف انشورنس۔

عام خصوصیات

عقرب افراد کی شخصیت میں شدت پسندی ہوتی ہے۔ ان میں خدا کی طرف سے ایسی بصیرت اور خواہش دی گئی ہے۔ جس سے وہ مشکل میں پھنسے افراد کو سمجھ سکتے ہیں۔ یہ جذباتی ہوتے ہیں۔ اپنی بات منوانے کے عادی اور اپنی بات اپنے آپ تک رکھتے ہیں (دل میں بات رکھتے ہیں) غصے کے تیز ہوتے ہیں۔

منسوبات:۔

موت، ترکہ، جنسی خواہشات، جنسی اڈے، گندی اور غیر آباد جگہیں مثلاً بیت الخلا، نالیاں، کیچڑ، ڈاکخانے، خفیہ معاملات، خفیہ بات چیت، تباہی پھیلانے والے ہتھیار، خفیہ محکمے کے لوگ، جاسوس وغیرہ بھاپ بن جانے والے، سیال، دلال، دندان ساز، گورکن وغیرہ۔

موزوں اشیاء:۔

شطرنج، پرانی گاڑیاں، صندوق، عام زیورات، ٹیرٹ کارڈ۔

صحت:۔

عقرب افراد بہت جوشیلے ہوتے ہیں۔ اگر تھک جائیں تو بہت جلد ٹھیک ہوجاتے ہیں۔

محبت کے معاملات:۔

شدت پسند ہونے کی وجہ سے یہ اچھے ساتھی ثابت ہوتے ہیں۔ محبت کے معاملات کو بہت اہمیت دیتے ہیں۔

اُصول وقواعد عملیات

کیا آپ عملیات ونقوش کے میدان میں مہارت حاصل کرنے کے خواہش مند ہیں؟ عامل بننے کے خواہش مندوں اور عملیات کے مختلف شعبوں اور لاتعداد سوالات کے جوابات لیے ایک لاجواب کتاب اس کتاب کے موضوعات کے بارے میں مکمل تفصیل کے لیے کئی ایک صفحات درکار ہوں گے۔ اس لیے اِن کا یہاں ذکر ممکن نہیں۔ مختصر طور پر یہ سمجھ لیں یہ کتاب اُن تمام سوالات کے جوابات لیے ہوئے ہے۔ جو روحانی اور عملیاتی علوم کے کسی بھی طالب کے ذہن میں پیدا ہو سکتے ہیں۔ عملیات کے اُصول وقواعد پر ایک ایسی لاجواب کتاب جو اس سے قبل آپ کی نظروں سے نہ گزری ہوگی۔ مصنف خالد اسحاق راٹھور کے خاص عملیات اور راہنمائی اس کتاب کا خاص خاصہ ہے۔ وہ جو عامل بننا چاہتے ہیں یا علم عملیات کو سمجھنا چاہتے ہیں یا وہ جو عملیات میں مہارت حاصل کرنا چاہتے ہیں سب کے لیے اس کتاب کا مطالعہ ہر درجہ اہم ہے۔ دائرۃ البروج کے 360 درجات کے حوالے سے ہر ہر درجے کے خصوصی اعمال اس کتاب کا خاص حصہ ہیں۔ اس کتاب میں چھوٹے بڑے قریباً سات سو ((700 عنوانات قائم کیے گئے ہیں۔ علم عملیات، نقوش، تعویذات اور علوم مخفی کے شعبے سے تعلق رکھنے والے ہر طالب علم اور ماہر فن کے لیے راہنما کتاب۔

مثبت خصوصیات

یہ افراد بات کو سمجھنے کی صلاحیت اور کسی بھی الجھن کی جڑ تک پہنچنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اس لیے کامیاب تھراپسٹ (Therapist) ڈاکٹر اور سرجن بنتے ہیں۔ مقناطیسی شخصیت کے حامل ہوتے ہیں۔ مخلص اور وفادار شریک حیات یا ساتھی ثابت ہوتے ہیں۔ جذبات میں شدت ہوتی ہے۔ پرعزم ہوتے ہیں۔ وفادار ہوتے ہیں۔ تخلیاتی ذہن رکھتے ہیں۔ دانش مند ہوتے ہیں۔ ہوشیاری سے کام لینا جانتے ہیں، مستقل مزاج ہوتے ہیں اور ارادے کے پکے ہوتے ہیں۔

منفی خصوصیات

عقرب افراد اپنے دل کی بات اور مقصد دوسروں سے چھپا کر رکھتے ہیں۔ ان کی منزل اکثر طاقت یا مقام کا حصول ہوتا ہے۔ جس کے لیے وہ دوسروں کی پروا نہیں کرتے۔ ان کو طاقت کا حصول اور اس کا استعمال خصوصاً دوسرے افراد پر بہت پسند ہوتا ہے۔ بعض اوقات یہ شوق ظلم کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ یہ دل میں بغض رکھتے ہیں اور بدلا لیے بغیر نہیں چھوڑتے۔ حاسد ہوتے ہیں، دوسروں کی باتوں کا برا مان جاتے ہیں۔ ضدی ہوتے ہیں، معاف نہیں کرتے اپنے روپے میں کبھی لچک نہیں لاتے، باتوں کو دوسروں سے چھپاتے ہیں، شکی مزاج ہوتے ہیں اور کینہ پرور ہوتے ہیں۔

یہ بہت شکی مزاج ہوتے ہیں۔ اپنے شریک حیات پر بھی شک کرتے ہیں اور کوشش کرتے ہیں کہ ساتھی کے خلاف ثبوت جمع کریں اور غصے میں ایسے کام کرتے ہیں جن کی وجہ سے ان کو پچھتانا پڑتا ہے۔

بیماریاں

نسوانی اعضاء کی بیماریاں، پیشاب کی بیماریاں، بڑی آنت سے متعلق تکالیف۔ ہڈی ٹوٹنے کا خدشہ، حادثاتی اموات۔

ہر چیز میں شہرت (جنسی معاملات، کھانا، پینا وغیرہ) ان کی صحت پر برا اثر ڈالتی ہے اور ان کو جسمانی اور ذہنی دونوں طرح کے مسائل کا سامنا ہو سکتا ہے۔

❁❁❁

لوح آیت الکرسی / رد سحر و تحفظ

لوح آیت الکرسی / رد سحر و تحفظ' جادو' سحر' کالے علم' دھایہ' باندی' آسیب' اثر' حاضرات' جنات' ہمزاد، سایہ، پریوں اور دیگر مرئی و غیر مرئی مخلوقات، عملیاتی اور سحری اعمال سے تحفظ اور ان کے خاتمے کے لیے ہر درجہ موثر ہے۔ لوح آیت الکرسی / رد سحر و تحفظ فرد ذاتی استعمال اور افراد خانہ کے لیے الگ الگ استعمال کے لیے بھی طلب کر سکتا ہے۔ جو فرد اپنے گھر کو ان خرابیوں اور اثرات سے محفوظ رکھنا چاہیں وہ بھی اس کو گھر میں رکھ کر لوح آیت الکرسی / رد سحر و تحفظ سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ کسی بھی قسم کے بد اثرات اور اعمال سے محفوظ رہنے کے لیے لوح آیت الکرسی / رد سحر و تحفظ کا استعمال مطابق حد درجہ موثر ہے۔ کالا جادو ہو یا کالے جادو سے آپ متاثر ہوں لوح آیت الکرسی / رد سحر و تحفظ آپ کو کالے جادو سے نجات دی گئی' کسی بھی قسم کا کالا جادو ہو اس سے تحفظ اور کالے جادو کے اثرات کا خاتمہ ہوتا ہے۔

زعفرانی نقش

زندگی اور موت انسان کے ساتھ اختتام کائنات تک جڑی ہوئی ہے۔لیکن موت سے پہلے مرنا اور صحت کیلئے دوائی علاج کے ساتھ، روحانی علاج اختیار نہ کرنا روحانیت کی توہین ہے۔اسماء الحسنیٰ پر مشتمل یہ زعفرانی نقوش آپ کسی بھی بیماری میں استعمال کر سکتے ہیں۔تین زعفرانی نقوش آپ کو پینے کیلئے دیئے جائیں گے۔ہدیہ 2100 روپے

الواح رفع رجعت ونحوست کواکب

کسی بھی زائچہ میں کسی ایک یا زیادہ کواکب کا حالت رجعت (الٹ چلنا) یا حالت نحوست وکمزور ہونا، صاحب زائچہ کے لیے مسائل لاتے ہیں۔فرد کی تمام صلاحیتیں بے کار اور کوششیں ناکام ہوتی ہیں۔آپ کے زائچہ میں بھی اگر کوئی کوکب حالت رجعت ونحوست میں ہے تو اس کے روحانی وعملیاتی حل کیلئے آپ اس کوکب کی لوح رفع نحوست ورجعت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں

	کاغذ	تانبا	چاندی
عمومی	1800	2500	5500
ذاتی	3000	7000	12000

لوح سبعہ کواکب

علم نجوم میں سات بنیادی کواکب قمر، شمس، عطارد، مریخ، زہرہ، مشتری اور زحل ہیں۔ زائچہ کی عمومی نحوست کے خاتمہ اور اس کو طاقت دینے اور اس کو منفی اثرات سے محفوظ رکھنے کیلئے تمام کواکب کی ایک خاص لوح بنائی جاتی ہے جس پر ساتوں کواکب کے نقوش درج ہوتے ہیں۔

دھات	عمومی	ذاتی
تانبا	8000	15000
چاندی	16000	30000

الواح بروج

دائرۃ البروج کل بارہ بروج پر مشتمل ہے۔ ہر برج اپنے اندر کچھ مثبت اور کچھ منفی اثرات رکھتا ہے۔ یہ الواح بروج دراصل ان بروج کے ذاتی خواص کے مدنظر بنائی گئی ہیں۔ان کی تیاری میں خاص اوقات کار کے ساتھ مناسب ساعت، نظرات کواکب، زائچہ کی خصوصی حالت، بخورات اور پڑھائی کا خاص اہتمام کیا گیا ہے۔ سو آپ بھی اپنے برج کے مطابق اپنی لوح حاصل کر سکتے ہیں۔

دھات	عمومی	ذاتی
تانبا	2100	4500
چاندی	7000	11000

روحانی انگوٹھیاں

بہت سے لوگ انگوٹھی استعمال کرنا پسند کرتے ہیں۔ کیونکہ یہ ہمہ وقت انسان کے ساتھ بلا کسی اضافی توجہ یا محنت کے موجود رہتی ہے۔ درج ذیل انگوٹھیاں آپ کی سہولت کے لئے دستیاب ہیں۔ان کو خاص اوقات میں تیار کیا گیا ہے اور بعد از تیاری ضروری ذکر اذکار اور بخورات کا استعمال کیا گیا ہے۔

نام انگوٹھی	فوائد
برکاتی	کاروبار، تجارت میں اضافہ، رزق میں برکت، حصول روزگار، حصول اولاد، تسخیر ورجوع خلقت، شادی، محبت، صحت، ردسحر، جادو، مقدمے میں کامیابی وغیرہ کے لیے
مریخ	جنسی قوت، صحت، توانائی، تحفظ جادو اور نظر بد وغیرہ میں موثر
عددی	یہ تاریخ پیدائش کے مفرد عدد کے حوالے سے زیادہ موثر ہیں۔ نام کے حساب سے بھی مفید
عدد9	معاملات زندگی میں عمومی تکمیلیت اور متفرق مسائل کے حل کے لیے مختلف کاموں اور معاملات میں عمومی کامیابی کے لیے
خاتم سلیمان	متفرق معاملات و مسائل کے حل کیلئے موثر ہے

دھات	عمومی	ذاتی
تانبا	2500	5000
چاندی	3000	5000

دفتری اوقات کار

صبح 11:00 تا شام 06:00 تک

تعطیل اتوار و دیگر حکومتی اعلانات کے مطابق

مکمل اعتماد سے رجوع کریں

اعتماد کا نام ادارہ راہنمائے عملیات

عمومی وذاتی لوح میں فرق: ذاتی لوح میں فرد کا نام، نام والدہ وغیرہ شامل ہوتا ہے اور یہ صرف ایک خاص فرد کے لیے موثر ہوتی ہے۔

قسط نمبر 2

دشمن کی ہلاکت

از تحریر: قیصر احمد بی اے، کراچی

دشمن کو ہلاک کرنا

مندرجہ ذیل نقش منگل یا سنیچر دن کے 12 بجے لکھیں اور 108 بار سورہ نحل (سپارہ 14) بغیر بسم اللہ کے پڑھ کر نقش پر دم کریں اور کہیں کہ فلاں بن فلاں ہلاک ہو اور نقش کو کسی پرانی قبر میں دفنا دیں۔ دشمن کی چند ہی دنوں میں موت واقع ہو جائے گی۔ نقش یہ ہے۔

۱۷۳۳۹۷	۱۷۳۳۹۲	۱۷۳۳۹۹
۱۷۳۳۹۸	۱۷۳۳۹۶	۱۷۳۳۹۴
۱۷۳۳۹۳	۱۷۳۴۵۵	۱۷۳۳۹۵

فلاں بن فلاں کی موت واقع ہو

دشمن کو بیمار کرنا یا بستر مرگ پر ڈالنا

رات بعد نماز عشاء باوضو ہو کر ایک وقت مقرر کر کے ہر روز بلا ناغہ بسم اللہ شریف پڑھ کر 500 بار پڑھے۔ دشمن بیمار ہو جائے گا یا مرنے کے قریب ہو جائے گا۔ لیکن دشمن کا تصور کر کے پڑھے عمل یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اللھم انا جعلک فی نحورھم ونعوذبک من شرور ھم۔ 500 بار پڑھے۔

دشمن کا پیشاب بند کرنا

سورہ کوثر پیشاب بند کرنے کیلئے زود اثر ہے۔ منحوس ساعت میں دن 12 بجے انڈہ کے چھلکے پر سورہ کوثر بغیر بسم اللہ لکھ کر جس کا پیشاب بند کرنا ہو تو اس کا نام معہ والدہ کے لکھے۔ فلاں بن فلاں کا پیشاب بند ہو پھر ایک سرخ کپڑے میں لپیٹ کر آگ کے قریب دفن کر دے۔ پیشاب بند ہو جائے گا۔ ساتویں روز آ کر انڈہ نکالا نہ گیا تو دشمن مر جائے گا۔ بخور اس کا نوشادر، جائفل، سیاہ مرچ اور ہینگ ہے۔

بندش حواس خمسہ

دشمن کے قدر کے برابر اندازاً ایک کالی ڈوری لیں اور اس ڈوری پر ایک بار آیت الکرسی بغیر بسم اللہ کے پڑھیں۔ کل 13 عدد گرہیں لگائیں۔ ہر گرہ پر ایک بار آیت الکرسی پڑھیں اور کہیں کہ فلاں بن فلاں کے حواس خمسہ بندھ جائیں۔ پھر اس ڈوری کو لوہے کی ڈبیہ میں بند کر دیں اور ساتھ ہی ہینگ یا افیون کا چھوٹا سا ٹکڑا رکھ دیں۔ اور اس ڈبیہ کو زمین میں دفن کر دیں۔ جب تک ڈبیہ زمین میں دفن رہے گی۔ دشمن کو نیند نہیں آئے گی۔ عمل کو باطل کرنا ہو تو اس ڈوری کو نکال کر پانی میں بہا دیں عمل باطل ہو جائے گا۔

دشمن کا پیشاب بند کرنا

ایک رسی سوت کی لیں سوا ہاتھ لمبی سات گرہ لگائیں اور ہر گرہ پر 100 مرتبہ یا قابض یا قھار پڑھیں اور ہر مرتبہ کہیں کہ فلاں بن فلاں کا پیشاب بند ہو اور رسی پر دم کر کے رسی کو کسی پرانی قبر میں مردہ کے سینہ کے پاس دبا دیں۔ پھر دوسرے روز بھی یہی عمل کریں۔ عمل منگل، بدھ کو ٹھیک دن کے بارہ بجے کریں اور ساتھ ہی ہینگ کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا رکھ دیں۔ دشمن کا پیشاب بند ہو جائے گا۔

اصلاح کھولنا:

جب پیشاب جاری کرنا ہو تو رسی کو قبر سے نکال کر ہر گرہ پر 100 مرتبہ یا باسط یا فتاح پڑھ کر دم کریں اور گرہ کھول دیں۔ دشمن کا پیشاب جاری ہو جائے گا اور وہ اچھا ہو جائے گا۔

دشمن کو ہلاک کرنے کا وظیفہ

علم ان سیکون منکم مرضی واخرون یضربون فی الارض یبتغون من فضل اللہ واخرون یقاتلون فی سبیل اللہ فاقرئو اما یسر منہ واقمیو الصلوۃ واتوالزکوۃ واقرضو اللہ قرضا حسنا وما

تقدموالا نفسکم من خیر تجدوہ عنداللہ. ھوخیراو اعظم اجراو استغفروا اللہ ان اللہ غفورالرحیم۔

طریقہ:

آٹے کا پتلا بنائے اور یہ آیت ایک کاغذ پر لکھ کر اس پتلہ کے پیٹ میں داخل کردے اور فلاں بن فلاں ہلاک شو لکھے۔ پھر اسے کفن پہنائے اور قبر میں دفن کرے۔ یہ عمل اتوار کے دن کرنا چاہیے۔ ایک ہفتہ بھی نہیں گزرے گا کہ دشمن ہلاک ہو جائے گا۔ پھر اس کے بعد جس گڑھے یا جس قبر میں دفن کیا تھا وہاں سے پتلا نکالے اور اس کو کاٹ دے۔ اس کا لڑکا مقہور ہو جائے۔ دونوں ہاتھ کاٹ ڈالے۔ اُس کے بھائی مصیبت میں پھنس جائیں گے۔ اس کے پاؤں کاٹ ڈالے۔ اس کی بیوی پریشانیوں میں مبتلا ہو جائے گی۔

انسان کو ہلاک کرنا

بکرے کا دل سالم بغیر چھری لگائے سامنے رکھو اور ایک چھری نئی اسٹیل کی لے کر اپنے پاس رکھو اور چاروں طرف پھولوں کی چوکی گلاب کی لگائیں اور چوکی کے بیچ میں خود بیٹھو اور مشرق کی طرف منہ کر کے منتر درج ذیل 313 مرتبہ پڑھیں اور چھری پر دم کریں۔ (غیر مسلموں کے لیے۔)

منتر یہ ہے۔ لال لالی ہے۔ کالا کالی ہے۔ ہاتھ میں چمکتی ہوئی سہانی دھرمٹ کالی ہے۔ کلیجہ پھاڑوں چتواری پھاڑوں۔ پھاڑوں دھرم شواڑی۔ ماروں خنجر دل کے اندر فلاں بن فلاں چلتا پھرتا سوتا جاگتا جب گھسے دل کے اندر جب گھسے خنجر وہیں دھرواڑی ماردوں۔

چھری دل میں پیوست کرے دشمن فوراً ہلاک ہو۔

تباہی بربادی موت برائے دشمن

سورہ نمل اور سورہ العصر لکھ کر مکان میں ڈال دے یا کسی پرانے سوراخ میں رکھ دے۔ مکان میں تباہی آجائے گی۔ بلاضرورت نہ کریں۔ ورنہ آخرت کا خود ذمہ دار ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

٦٦ ٦٦

٨٦٧٦٤	٨٦٧٧٧	٨٦٧٧٤	٨٦٧٧١
٨٦٧٧٥	٨٦٧٧٥	٨٦٧٦٥	٨٦٧٧٦
٨٦٧٦٩	٨٦٧٧٢	٨٦٧٧٩	٨٦٧٦٦
٨٦٧٧٨	٨٦٧٦٧	٨٦٧٦٨	٨٦٧٧٣

٦٦ ٦٦

دشمن کے گھر میں پتھر برسانا (سچا و نایاب عمل)

عمل:

دوپہر 12 بجے منگل یا ہفتہ کے دن خالی کمرہ میں بیٹھیں اور دروازہ کو تالا لگائیں حصار کی ضرورت نہیں۔ اپنا منہ شمال کی طرف رکھیں اور دن کے 1:00 بجے تک لاتعداد پڑھیں۔ یعنی ایک گھنٹہ عمل پڑھیں۔ تیسرے دن ایک عورت حاضر ہوگی۔ اس کے پاس بچہ تقریباً 6 سال کا ہوگا۔ بچہ روئے گا اماں مجھے بھوک لگ رہی ہے۔ اس کی والدہ اس کو روٹی پکا کر دے گی۔ وہ کھائے گا۔ اس کی والدہ کم از کم 40 یا 50 روٹیاں پکائے گی۔ وہ کھائے گا۔ اتنے میں بچہ پھر روئے گا۔ پھر بچہ کا والد آئے گا۔ بچہ کو روتا دیکھ کر پوچھے گا۔ کیوں روتا ہے؟ بچے کی والدہ بتائے گی کہ بچہ کو بھوک لگ رہی ہے۔ میں نے 40 یا 50 روٹیاں پکا کر دی ہیں۔ سب کھا گیا ہے۔ مگر پھر بھی بھوک لگی ہے۔ بچہ کا والد کہے گا کہ اس کو کچھ کھانے کو نہیں ہے۔ اگر زیادہ بھوک ہے۔ تو مجھے کھالے بچہ بولے گا میں والد کو کھالیا تو باپ کہاں سے لاؤں گا۔ بچہ کی والدہ کلہاڑی لے کر عامل کے پاس آئے گی اور عامل پر وار کر کے کہے گی کہ اس کو پکا کر دیتی ہوں۔ آپ گھبرائیں نہیں آپ کو کچھ بھی نہ ہوگا۔ صرف دل گردے کا کام ہے۔ اگر ثابت قدم رہ گئے تو عمل کامیاب ہو جائے گا۔ عمل جب کرنا ہو اور دشمن کے گھر میں پتھر برسانے ہوں تو آپ باہر کسی کھیت یا میدان میں چلے جائیں اور اپنے تمام کپڑے اتار دیں اور پڑھائی شروع کر دیں۔ ساتھ یہ کہیں کہ فلاں بن فلاں کے گھر جا کر پتھر پھینک آ۔

جب تک آپ ننگے رہیں گے پتھر برستے رہیں گے اور جب آپ کپڑے پہن لیں گے۔ پتھر بھی برسنا بند ہو جائیں گے۔ یہ پتھر روکنا کسی عامل یا کامل کے بس کا روگ نہیں۔ جب آپ کپڑے پہن لیں گے تو پتھر بھی برسنا بند ہو جائیں گے۔ عمل یہ ہے۔ آبدوح جابدوح آپدی دھوڑ دھابدوح۔

دشمن کی ہلاکت

جس قبرستان میں زیادہ قبریں ہوں وہاں جا کر ایک قبر پر 12 مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھیں اور ذرا سی خاک اٹھالیں۔ اس طرح 12 قبروں پر 12 مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھیں اور خاک اٹھالیں۔ پھر مجموعی خاک پر 12 مرتبہ مندرجہ ذیل آیت پڑھ کر دم کریں۔ اور ذہن میں ہلاک اعداد کا تصور کریں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ کل من علیھا فان ولا یبقی وجہ ربک ذوالجلال والاکرام۔

خصوصی نوٹ:

راقم الحروف کی نیک رائے و نیک مشورہ یہ ہے کہ ایسے معاملات میں نہ پڑیں تو بہتر ہے کیونکہ ایسے اعمالوں سے لوگوں کی جانیں ضائع ہوتی ہیں اور مختلف فتنوں کا اندیشہ ہوتا ہے۔ لہٰذا احتیاط برتیں تو بہتر ہے اور پہلو بچائیں تو افضل ہے۔

(ختم شد)

☆☆☆☆☆

اعمال عشق و محبت

از تحریر: بابا رحمانی، فیصل آباد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محترم قائین کرام پہلی مرتبہ آپ کی خدمت میں محبت کا ایک خوب صورت عمل لیکر حاضر ہوں امید ہے آپ لوگوں کو پسند آئے گے ناظرین محبت ایک پاکیزہ چیز ہے خواہش پرستوں نے اس کا بیڑا غرق کر دیا ہے۔

وارث شاہ نے کیا خوب لکھا ہے

اول حمد خدا دا ورد کیجیے عشق کیتا سو جگ دا مول میاں

پہلے آپ ہی رب نے عشق کیتا معشوق ہے نبی رسول میاں

انسان کو اپنے رب سے اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بھی محبت ہونی چاہیے یہ بھی اصل حقیقت ہے جب بندہ اس منزل پر پہنچ جاتا ہے تو تب کہیں جا کر گوہر نایاب ہاتھ آتا ہے یہ عمل میاں بیوی کی محبت میں اپنا ثانی نہیں رکھتا عمل ایک زبردست جلالی ہے ادارہ کی اجازت کے بغیر شروع نہ کریں۔

انشاءاللہ عمل بھی مایوس نہیں کرے گا۔ عمل کے لئے بہترین جگہ قبرستان یا کوئی اور ویران مقام ہے مگر اس کو گھر پر بھی کیا جا سکتا ہے جب گھر میں کوئی علیحدہ کمرہ ہو کالا لباس زیب تن کریں بڑا گوشت ہرگز نہیں کھائیں پرہیز جلال و جمالی لازمی کریں یعنی گوشت ہر قسم کا منع ہے۔ جھوٹ ہرگز نہ بولیں پڑھائی کے درمیان جمائی نہ لیں ورنہ عمل خراب ہو جائے گا جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ ہمیں اب تک کامیابی نہیں ہوئی محبت کے بے شمار عملیات ہم نے کئے وہ لوگ ایک بار اس عمل کو آزما کر دیکھیں تجربہ شرط ہے۔ انشاءاللہ عمل سو فیصد کام کرے گا اس کلام کو سخت سے سخت مطلوب کو یا میاں بیوی کہ درمیان ناراضگی ہو اُس وقت آزمائیں مقصد جائز ہو کامیابی یقینی ہے۔ اس عمل کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے میں پھر کہہ رہا ہوں عمل کو بغیر اجازت ہرگز ہرگز نہ کریں نقصان کا سخت اندیشہ ہے۔ کلام کو بعد عشاء شروع کریں پاک صاف لباس کالے رنگ کا اگر کالا لباس نہ ہو تو کالی چادر سر پر باندھ کر کلام پڑھا جا سکتا ہے کالا کپڑا شرط ہے اس کہ علاوہ اور جو پرہیز بتایا ہے اس پر عمل لازمی ہے۔ اب آتے ہیں عمل کی طرف کلام کو 303 مرتبہ پڑھنا ہے۔ کلام کو بعد عشاء پڑھیں اور اپنا کوئی ساتھی حصار لگا کر کلام بالا شروع کریں کلام کے اوّل و آخر کچھ نہیں پڑھنا ہے مطلوب کا تصور اوّل سے آخر تک رکھیں جتنا تصور قوی ہوگا اتنا ہی کام جلد ہوگا عمل کو کم از کم گیارہ دن تک پڑھیں۔

نوٹ کلام شروع کرنے سے پہلے 3 دن بڑا گوشت سوا دو کلو پھینکیں پھر جب 3 دن تک پڑھائی ہو جائے تو پھر سوا دو کلو گوشت قبرستان میں پھینکیں۔ اس دوران سو کلو مٹھائی بچوں میں ۷ دن تقسیم کریں اور آخری دن یعنی گیارہویں دن پھر سوا دو کلو گوشت قبرستان میں پھینکیں یہ ضروری ہے۔ اگر یہ نہ کر سکیں تو ایک عدد کالی مرغی لیکر زندہ قبرستان میں چھوڑیں کلام یہ ہے۔

یا اللہ یا ودود عطفت قلب فلاں بن فلاں علی فلاں بنت فلاں بحق یا اللہ یا ودود والقیت بینھما المودۃ والمحبۃ بحق یا اللہ یا ودود۔

تعداد 303 مرتبہ

دن نوچندی اتوار یا منگل

پڑھائی کے دن گیارہ دن چلہ

☆☆☆☆☆☆

تازہ ترین معلومات کے لیے
دیکھیں ہماری ویب سائٹ
www.khalidrathore.com

قسط نمبر 1

تحریر: صوفی اقبال احمد

حب کے سربستہ راز

مغربی علوم کے تعلیم طبعیات اور سائنس کے تجربوں نے لوگوں سے کلاموں اور منتروں کی تاثیر بالکل اڑا دی وہ زمانہ جاتا رہا کہ آدمی کو دنبہ بنا دیا کرتے تھے۔ وہ لوگ قبروں میں جا سوئے جو اپنی روح دوسرے کے قالب میں ڈال دیا کرتے تھے۔ اب وہ بات بالکل نہیں ہے کہ مکھی بنا کر دیوار سے چپکا دیں یا گھوڑا بیل وغیرہ بنا کے باندھ دیں۔ نہ یورپ میں ایسے گوالے ہیں کہ دہی کھلا کر اپنا کر لیں۔ یہ باتیں اب سب پورانی داستانیں ہیں۔ وجہ یہ کہ زمانہ علوم ظاہری کی طرف مائل ہے اور اہل زمانہ سائنس کے دلدادہ ہیں۔ میں بھی تعلیم کا حامی اور سائنس کا گرویدہ ہوں اور اس لیے بہت مدت تک منتروں کی تاثیروں سے متنفر رہا ہوں لیکن ایک روز ایک قلمی کتاب کا مطالعہ کر رہا تھا اور یہ قلمی کتاب کسی شخص نے طب اور روحانی کشش کے بارے میں بہت سے مختلف کتب کے مضامین سے فراہم کر کے بنائی تھی۔ اس میں کئی عجیب وغریب علاج اور ایسی باتیں میری نظر سے گزریں جنہوں نے حیرت میں ڈال دیا اور جب تجربہ کر کے ان کو صحیح پایا تو اور بھی حیران ہوا۔ کیونکہ اس تجربوں کا صحیح ہونا اور ان کی تاثیر کا پورا ہونا بظاہر سائنس کے خلاف تھا۔ مثلاً اس میں لکھا تھا کہ بچوں پر چارپائیوں کا سایہ نہ پڑنے دو ورنہ وہ بیمار ہو جائیں گے۔ باہر سے چل کر لمبا سفر کر کے آؤ تو شیر خوار بچوں کی چارپائی پر نہ بیٹھ جاؤ۔ ورنہ ان کو بوجھ ہو جائے گا۔ بچوں کو رات کے وقت شیشہ نہ دکھاؤ۔ بیمار ہو جائیں گے۔ اگر بچوں کو نظر لگ جائے تو تین چار مرچیں سرخ اس کی سر کے گرد 3 بار پھیر کے آگ میں ڈال دو۔ مرچوں کی دھانس ہرگز نہ اٹھے گی۔ اسی طرح ہر روز مرچیں وار کر آگ میں ڈالتے جاؤ۔ جس روز دھانس اٹھے۔ اسی روز اسے آرام ہو جائے گا۔ عود صلیب اگر گلے میں لٹکا دیں تو مرگی کو افاقہ ہو جائے گا۔ پانی کو مت الا ہنکو۔ کیونکہ اس کے پینے سے باچھیں پک جائیں گی سر پر سے آگ نہ لیجاؤ۔ اس سے اکثر گنج نکل آتا ہے۔ اگر بھڑ کاٹے تو اسے فوراً مار دو۔ درد نہیں ہوگی نہ مہر چڑھے گی۔ اگر دیوانہ کتا کاٹے تو اسے فوراً مار کر جلا کر راکھ کر دو اور راکھ کو ہوا میں اڑا دو۔ زہر نہیں چڑھے گا۔ غرضیکہ اس طرح کی عجیب عجیب باتیں عجیب عجیب عمل لکھے ہوئے دیکھے۔ تو ان میں سے چند ایک کو جو آزمایا تو صحیح پایا اور جب متواتر آزمانے پر صحیح نکلے تو میرا وہ خیال کہ منتر اور تنتر کوئی شے نہیں بدل گیا۔ اور میں اس امر کا قائل ہو گیا کہ عملوں میں ضرور تاثیر ہے۔ مگر چونکہ صحیح عملوں اور منتروں کا ملنا مشکل ہے اور بتانے والے سکھانے میں بخل کرتے ہیں اور اگر بتاتے ہیں تو صحیح نہیں بتاتے ہیں۔ اس لیے یہ علم بھی اور کئی ایک مشرقی علوم کی طرح لوگوں کے سینوں ہی میں قبروں میں چلا گیا۔ مثلاً رسائین بدیا یعنی کیمیا بنانا۔ بوان بدیا اڑن کھٹولا کا علم۔ جوتش بدیا یعنی دل کا حال معلوم کرنے کا علم وغیرہ۔ چونکہ میں روحانی تاثیروں کا معتقد ہو گیا تھا۔ اس لیے اب مجھ کو اس فن کی تلاش ہوئی۔ جس کو جھاڑ پھونک کرنے والا سنتا۔ اس کے پاس دوڑا جاتا۔ اور جس کو منتر باز پاتا اسی کی خدمت کرنے لگتا۔ غرضکہ اسی طرح تگ ودو اور جستجو سے میں نے بہت اچھی اور مفید باتیں جمع کر لیں۔ مثلاً سر درد کا جھاڑ، بچوں کی پسلی کا جھاڑ، بچھو کاٹنے کا منتر وغیرہ وغیرہ۔ انہیں ایام میں ایک روز ایک شخص نے مجھ سے ذکر کیا کہ میرے ایک دوست کو ایسی ترکیبیں یاد ہیں

یہ مضمون قدیم کتاب ''حب کے سربستہ راز'' سے لیا گیا ہے۔ جس کے مصنف صوفی اقبال احمد نے اپنے تجرباتی اعمال عوام الناس کے لیے عام کیے ہیں۔

کہ غیر شخص اپنا ہو جاوے اور جو کچھ ہم اس سے کہیں وہ مانے۔ میرا پہلے حب کے بارہ میں یہ عقیدہ رہا کہ حب سوا اس کے اور کچھ نہیں کہ ہم اپنی حکمت عملی سے دوسرے کو اپنے رخ پر کرلیں۔ اس امر کے لئے سلوک چاہے کسی طرح سے کیا جاوے۔ سب سے بڑھ کر مؤثر شے ہے۔ سلوک کئی طرح سے ہوسکتا ہے زبانی، مالی، جانی۔ چنانچہ زبانی سلوک تو زبان شیریں ملک گیریں میں داخل ہے۔ یعنی ہم میٹھا بولیں۔ عزت سے بلائیں۔ اس کی تعریف کریں۔ بقولیکہ ع خوش آمد ہر کرا کردی خوشامدہ کسی ہندو شاعر کا قول ہے کہ ع بسے کرن اک منتر ہے جو سنج دی بچن کٹھور۔ یعنی حب جس کا نام ہے وہ شیریں زبانی ہے۔ پس ایک حب تو یہ ہوتی کہ شیریں زبانی سے ایک شخص خواہ مخواہ اپنا ہو جاتا ہے۔ دوم حب مالی وہ یہ کہ روپیہ پیسہ کھلا کر دوسرے کو اپنا کرلیں۔ سو یہ عمل صریح ہے اور عام لوگ اس حب سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ تیسری حب جانی ہے۔ وہ یہ کہ بدنی محنت سے دوسرے کو خوش کریں۔ مثلاً کسی کا بدن دبانا، کوئی بوجھ اوٹھانا، جہاں بھیجے وہاں جانا، گھر کے کام دھندے کر دینا وغیرہ وغیرہ۔ اس حب سے بھی اکثر لوگ فائدہ اٹھاتے ہیں۔ الغرض پہلے میں مغربی تعلیم کی اثر سے اسی قسم کی تسخیر اور حب کا قائل تھا اور چونکہ میرا خیال اب بالکل بدل گیا تھا اور میں روحانی کشش اور تاثیر کا معتقد ہو گیا تھا۔ اس لئے میں نے اس امر کے سیکھنے کا مہم ارادہ کرلیا کہ جس سے بظاہر بہت سے فائدے بنی نوع انسان کو پہنچ سکتے ہیں۔ الغرض مجھ سے جس طرح بن پڑا۔ لوگوں کی خدمت کر کے چند ایک حب کے عمل سیکھے اور اس سے بہت جائز فائدے لوگوں کو پہنچائے۔ مثلاً کئی بھائیوں میں صلح کرائی، کئی جانی دشمنوں کو ایک دوسرے کے گلے ملایا، اور دل بغض دور کرایا، کئی گھروں کی خانہ جنگلی دور کرا کر، مرد اور عورت میں سلوک کریا وغیرہ۔ میں نے اس حب کے عمل کو چونکہ بنی نوع کے حق میں بہت ہی مفید پایا۔ اس لئے اس کا نام میں نے عمل سلوک رکھ دیا اور دل میں خیال کیا کہ۔

کسے نیکی بیند بہر دو سرا کہ نیکی رسانہ بخلق خدا

یہ مفید اور صلح کرانے والا علم ضرور لوگوں پر ظاہر کرنا چاہیے۔ گو اس کا دوسرا پہلو بھی اس وقت میرے خیال میں گزر گیا کہ بعض بد خیال اور مغلوب الخواہش اس کے بیجا استعمال سے ناجائز کام بھی کر بیٹھیں گے۔ مگر عقل سلیم بولی کہ اس میں تیرا کوئی قصور نہیں۔ تجھ پر کوئی الزام عائد ہوگا کیونکہ ایک شخص نے تیزاب ایجاد کیا۔ چاندی سونے اور دیگر دیہاتوں کو سودھنے کیلئے۔ مگر ایک شریر آدمی نے اس سے لوگوں کے کپڑے جلانے شروع کر دیئے۔ اہل مغرب نے کلورافارم ایجاد کی عمل جراحی کی تکلیف دفع کرنے کے لئے۔ مگر لٹیروں اور مسافروں کو بہانے سے سنگھا کہ بیہوش کرنا اور مال لوٹ لینا شروع کر دیا۔ اہل یورپ نے کوکین نکالی۔ آنکھ کے عمل کے لیے۔ مگر عیاشوں نے اس کو لذات خط کیلئے کھانا شروع کر دیا تو اس میں ایجاد کرنے والوں کا کوئی قصور نہیں۔ ہر ایک شخص کو اس کی نیت اور عمل کا پھل بھوگتنا پڑھتا ہے تو اپنی نیک نیتی سے اس کتاب کو اس غرض سے شائع کر کے دشمن کو دوست بنایا جاوے۔ روٹھے کو منایا جاوے، حاکم کو اپنے اوپر مہربان کیا جاوے۔ اگر کسی کے متعلق کوئی کام ہو تو اس سے وہ کام کروالیا جاوے۔ غرضیکہ آپس میں اتفاق و اتحاد سلوک پیدا ہو۔ کوئی غرض نہیں کہ کوئی واہیات خیالات سے اس سے بیہودہ حرکات کرے گا۔ اگر کرے گا تو اس کا خمیازہ خود اٹھائے گا۔ الغرض اس نیک خیال سے جو صلہ دلائے جا کر میں نے اپنی مدت العمر کے حب کے عملوں کو ایک جا جمع کیا ان میں علوی اور سفلی مجرب اور دیگر مجرب سبھی قسم کے نسخے ہیں۔ کیونکہ جتنے نسخے اس فن کے مجھ کو دستیاب ہوئے۔ وہ سب اس میں آگاہی کیلئے درج کر دیئے۔ بعض سینہ بسینہ کے اسرار اور مجرب میں بعض قلمی کتابوں اور لوگوں کی بیاضوں سے نقل کی ہوئی ہیں۔ استادوں کے بنائے ہوئے ہیں۔ بعض ایسے بھی ہیں کہ استخارہ کرنے پر عالم رویا میں مجھ کو بتائے گے ہیں اور چونکہ میں نے حضرت پیران پیر کا ختم کئی روز تک پڑھا تھا اور ان دنوں کے اندر مجھے ایک بزرگ کی زیارت خواب میں ہوئی اور کئی ایک اسرار اور نقطے اور مخفی راز تلقین کئے۔ اسی لئے میرا اپنا خیال اور عقیدہ ہے کہ وہ سربستہ راز جناب پیران پیر سے مجھ کو پہنچے ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

میں نے اس کتاب کے دو باب مقرر کئے ہیں پہلا باب علم نجوم میں جس سے نیک اور بد ساعات معلوم کرنے، نقش بھرنے، چلہ کشی میں پرہیز رکھنے، طالب اور مطلوب کے سیارے دیکھنے غالب مغلوب راس معلوم کرنے کے قواعد ہیں۔ اگر ان قواعد کی پابندی اور پوری ترکیب سے کوئی عمل کیا جائے گا تو اُمید ہے کہ انشاء اللہ پورا اترے گا۔ دوسرے باب میں مختلف عملیات علوی اور سفلی ہیں عملیات میں خود پسند نہیں کرتا۔ کیونکہ یہ شرع شریف کے خلاف اور گندے یا مکروہ عمل ہیں۔ مگر چونکہ سب کے عمل میں اور اکثر لوگ ان کو بھی کرتے ہیں اس لئے واقفیت کیلئے نمونہ کے طور چند ایک عملوں کو لکھ دیا ہے۔ (صوفی اقبال احمد)

عامل کے لیے چند ضروری باتوں کی پابندی

(۱) اکل حلال صدق مقال یعنی حلال کھائے اور سچ بولے۔ تب زبان میں تاثیر پیدا ہوتی ہے۔

(۲) پابند صوم وصلوۃ رہے یعنی روزے رکھے تاکہ نفس امارہ زیر ہو اور

لوحِ تسخیر ہمزاد

ہمزاد کے موضوع پر قدیم زمانہ کی کتابوں میں سے ایک معتبر کتاب ہے۔ صاحب کتاب نے موضوع کو ابتداء سے انتہا تک مکمل تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے۔ ہمزاد کیا ہے؟ اس کی خوبی، اس کے اوصاف، اس کے فوائد، کیا کام کرسکتا ہے، اس کے نقصان، ہمزاد کی خرابیوں کا مداوا وغیرہ جیسے اُمور زیر بحث لیے گئے ہیں۔ ہمزاد کو سدھ کرنے کے منتر، عامل کے لیے ضروری ہدایات، احتیاطیں، عمل اور دیگر اُمور کا مکمل بیان، متفرق قواعد، ہمزاد کے ساتھ مردہ فرد کے ہمزاد کو سدھ کرنے کا طریقہ، مختلف عملی معلومات اور مثالیں اس کتاب کا خاص خزانہ ہیں۔ کتاب کے آخر میں روزمرہ زندگی میں درپیش مسائل کے حوالے سے مختلف منتر، اعمال اور نقوش وغیرہ پیش کرنے کے بعد پھر چند خاص اعمال تسخیر ہمزاد کے حوالے سے دیئے گئے ہیں۔ ہمزاد اور اس طرح کی دیگر مخلوقات کی تسخیر میں دلچسپی رکھنے والوں کو اس قدیم اور مستند کتاب کا مطالعہ ضرور کرنا چاہیے۔ علم اور دانش میں اضافہ کا باعث بننے والی معتبر کتاب۔

حوالہ نمبر:220 قیمت:350

قوت بہامیہ شریر دبی رہے اور اپنے مذہب کے موافق یادِ الٰہی میں مشغول رہے تاکہ طبیعت ہر وقت نیک خیال کی طرف متوجہ رہے۔

(۳) پاک رہے پاک کپڑے پہنے۔ پاک جگہ میں بیٹھے۔

(۴) کوئی ایسی شئے استعمال نہ کرے جس میں بدبو آتی ہو مثلاً لہسن، پیاز، بھنگ، حقہ وغیرہ۔ وجہ یہ ہے کہ ایسی بدبودار اشیاء کے استعمال سے ملائکہ جو کلاموں پر موکل ہوتے ہیں۔ متنفر ہوتے ہیں اور عامل کو برا سمجھ کر اس کے پاس نہیں آتے اور اس سے کلاموں کی تاثیر نہیں ہونے پاتی۔

(۵) بعض عملوں میں ترک حیوانات جلالی و جمالی کی ہو جس سے مطلب یہ ہے کہ حیوانات جلالی انڈہ، گوشت، ہر قسم کی مچھلی، پیاز لہسن، ہینگ وغیرہ۔ حیوانات جمالی دودھ، دہی، مکھن، گھی، چھاچھ وغیرہ۔ بس اس عملوں میں صرف مونگ کی دال اور خشک روٹی کھانا پڑھتی ہے۔ اور بعض عملوں میں جو کی روٹی صرف نمک ڈال کر کھانی پڑتی ہے۔ بعض میں تو یہاں تک پابندی ہوتی ہے کہ اپنے ہاتھ سے روٹی پکانی پڑتی ہے اور وہ بھی باوضو پکانی پڑتی ہے۔

(۶) بعض عملوں میں لکڑی کے تخت پوش پر سونا پڑتا ہے اور بعض میں صرف فرش زمین پر بسیرا کرنا پڑتا ہے۔

(۷) جو عملیات جنات کی دعوت کے ہوا کرتے ہیں ان میں اپنے گرد حصار کرنی پڑتی ہے جس کا ذکر آئندہ لکھا جائے گا اور عامل کو اپنے پاس چھری رکھنی پڑتی ہے اور بعض عمل چھری کے ساتھ پانی کا بھرا ہوا لوٹا بھی رکھنا پڑتا ہے۔

(۸) جب تک چلہ ختم نہ ہو کل پرہیزوں کی پابندی لازمی ہوا کرتی ہے۔ چلہ فتح ہونے کے بعد اس میں عمل کو ہر روز بلاناغہ ایک دفعہ پڑھ لینا ضروری ہوا کرتا ہے۔ تاکہ ورد اور عمل پر پورا قبضہ حاصل رہے۔ اور اس کی تاثیر گھٹنے نہ پائے۔ ورنہ چھوڑ دینے سے عمل کی تاثیر میں نقص آنے کا اندیشہ ہوا کرتا ہے۔

(۹) حب کے لئے جو عمل شروع کرے تو جن دنوں میں چاند بڑھتا ہو اُن دنوں میں شروع کرے۔ یعنی پہلے یا دوسرے ہفتہ میں شروع کرے اماوس کام کیلئے ذیل کے دن اور وقت اچھے گنے گئے ہیں۔ دن پیر، بدھ، جمعہ، وقت صبح، شام، رات۔

(۱۰) بعض عملوں میں بخور یعنی خوشبو بھی جلانی پڑتی ہے۔ پس تسخیر اور حب کے لئے صندل سفید، صندل سرخ، الائچی سفید، کافور، عود، اگر عطریات پتاشہ، بڑا خوشبو کی بتی جسے دھوپ کہتے ہیں۔ اگر کپڑوں کو معطر کرنا ہو تو کسی سفید رنگ کا عطر لگاوے۔ مثلاً موتیا، چنبیلی، رویل، مولسری، کیوڑہ، کرنا، صندل سفید وغیرہ۔ بعض میں پوشاک کی پابندی لازمی ہوا کرتی ہے۔ تسخیر کے بعض عملوں میں صرف ایک ہی چادر اوڑھنی پڑتی ہے۔ سوچھ گز لمبی چادر لے کر آدمی تلے باندھے اور آدھی اوپر اوڑھے۔ مگر سر کھلا رہنے دے۔

(۱۱) تسخیر یا حب کا نقش لکھنے کے لیے شاخ انار شیریں کی قلم بنانے اور زعفران یا خالص دوا کی سیاہی بنا کر اس میں پانی کے عوض گلاب یا عرق کیوڑہ ڈال کر خوشبودار کرلے۔ ایسی سیاہی کے تعویذ لکھے ہوئے عموماً یا تو دریا میں ڈالے جاتے ہیں یا ہوا میں اڑائے جاتے ہیں۔ بعض عملوں میں ایک پاکیزہ رکابی میں پاکیزہ ریت بھر کر شاخ انار شیریں سے نقش لکھ کر مٹاتے جاتے ہیں۔ یعنی پہلے ایک نقش لکھا پھر اُسے مٹادیا۔ پھر دوسرا نقش لکھا اُسے بھی مٹا دیا۔ پھر تیسرا لکھا پھر اُسے بھی علی ہذا القیاس لکھتے اور مٹاتے جاتے ہیں۔ حتی کہ تعداد معینہ پوری ہو جاتی ہے ایسے نقش عموماً صبح کے وقت قبل از طلوع آفتاب سے شروع کئے جاتے ہیں اور سب سے بہتر جگہ ایسے کام کیلئے دریا کا پاکیزہ کنارہ ہے۔

(۱۲) بعض چلوں میں جہاں رات کو عمل پڑھنا پڑتا ہے۔ وہیں سونا پڑتا

ہے۔ایسے عمل اپنے گھر کسی پاکیزہ حجرہ میں کرنے چاہیں۔

(۱۳) بعض عملوں میں اپنا اور مطلوب کا ستارہ دیکھنا پڑتا ہے اگر دونوں ستاروں میں موافقت ہوئی تو کام ہو جاتا ہے ورنہ نہیں بعض ستارے غالب اور مغلوب ہوتے ہیں۔پس اگر مطلوب کا ستارہ مغلوب ہوا تو کام نہیں ہوتا۔ ستاروں کو نکالنے کا طریقہ ہم آگے درج کریں گے۔

(۱۴) بعض جفر کے قاعدوں سے عمل کرنے کے لئے حرفوں کے موکل اور جن اور اسم ذات نکال کر دعا بنانی پڑتی ہے۔اس لئے ہم آئندہ ایک ایسا قاعدہ (نقشہ، درج کریں گے۔جس سے اس کام میں بڑی مدد ملے اور حرف کے موکل جن اور اسم ذات نکل آویں۔

(۱۵) جب تک مطلب حاصل نہ ہو اپنا بھید کسی کو نہ دے۔

(۱۶) اثنائے عمل میں مطلوب کا تصور اور اپنی مراد کا خیال پیش نظر رکھے۔

(۱۷) عملیات میں وقت اور جگہ کا تعلق ضروری ہے یعنی جس جگہ پہلے دن وظیفہ شروع کرے۔اسی جگہ تا اختتام پڑھا کرے۔اور اس طرح جس وقت پہلے دن پڑھے۔اس وقت ہر روز پڑھا کرے۔اور جس مصلی یا چٹان پر پہلے روز پڑھے اسی پر آخر تک پڑھے۔ایسا نہ کرے آج نہر میں عمل پڑھا ہے تو کل دریا کے کنارے چلا گیا پرسوں کسی باغ میں اور اس سے اگلے روز کسی میدان میں یا اگر آج صبح کے وقت پڑھا ہے تو کل شام کو شروع کر دیا اور پرسوں رات کو ایسا کرنے سے عمل درست نہیں ہوا کرتا۔

(۱۸) کسی صاحب اجازت سے اجازت لے کر عمل پڑھے۔یونہی شنیدہ بات کو لے دوڑنا اچھا نہیں ہوتا اور نہ فائدہ کرتا ہے۔

(۱۹) تسخیر اور حب کے لئے قلم بنانی ہو تو ساعات قمر میں بنائے۔ہر ایک مطلب کے لئے جداگانہ ساعت ہیں۔مگر ہم صرف حب کے لئے مخصوص باتیں لکھتے ہیں۔

(۲۰) جفر کے قاعدے کے رو سے حب طالب اور مطلوب کے نام لکھنے ہوں تو پہلے طالب کا نام لکھے پھر مطلوب کا اگر اس کے برعکس لکھے گا تو تاثیر بھی الٹی ہوگی یعنی بجائے محبت کے عداوت ہوگی اور بعض عملیات میں طالب اور مطلوب دونوں کی والدہ کا نام لینا پڑتا ہے۔پس اگر والدہ کا نام معلوم ہو تو اس کی جگہ اماں حوا کا نام لے یا لکھ دے۔

(۲۱) حب کے لئے مشتری کی ساعت سعد ہے۔ساعتوں کا نقشہ ذیل میں درج ہے۔

نیک اور بد ساعتوں کا جدول نامہ جن کو دیکھ کر عمل کیا جاتا ہے

ساعات

نام دن	پہلی	دوسری	تیسری	چوتھی	پانچویں	چھٹی	ساتویں	آٹھویں	نویں	دسویں	گیارہویں	بارہویں
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	شمس	مریخ	زہرہ	عطارد	قمر
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل

رات کی بارہ گھڑیوں کا نقشہ

ساعات

نام رات	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
پیر کی رات	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل کی رات	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ کی رات	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات کی رات	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ کی رات	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ کی رات	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
اتوار کی رات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد

واضح ہو کہ علی الصباح سورج نکلتے ہی ساعات شروع ہو جاتی ہیں اور غروب آفتاب تک یکے بعد دیگرے علی التواتر ہوتی رہتی ہیں۔ایک ساعات ایک گھنٹہ یا اڑھائی گھڑی کی ہوتی ہے کیونکہ ایک گھنٹہ میں اڑھائی گھڑی ہوتی ہیں۔رات کی ساعات غروب آفتاب سے لے کر صبح صادق تک رہتی ہیں۔مگر چونکہ موسموں کے لحاظ سے آفتاب کے غروب اور طلوع کا وقت بدلتا رہتا ہے۔اس لیے ساعات کے استخراج میں بہت سے خوص وفکر کرنا چاہیے تا کہ غلطی واقع نہ ہو فرض کرو کہ آفتاب ٹھیک 6 بجے نکلتا ہے تو 7 بجے تک پہلی ساعات ہوگی۔8 بجے تک دوسری 9 بجے تک تیسری علیٰ ہذا القیاس اور پر رات ٹھیک 6 بجے پڑی ہو تو پہلی ساعات 7 بجے تک ہوگی۔ دوسری ساعات رات کے 8 بجے تک ہوگی علیٰ ہذا القیاس اس کو بھی سمجھے۔ اب بالفرض پیر کے روز ہم نے کوئی عمل قمر کی ساعات میں شروع کرنا ہو اور موسم ایسا ہے کہ آفتاب 7 بجے نکلتا ہے۔تو 7 بجے تک پہلی ساعت قمر کی ہے۔ یا پھر 3 بجے بعد زوال یعنی 3 بجے شام پھر ساعت قمر ہے لیکن ہم پہلے یہ بتا رہے ہیں کہ حب اور تسخیر کے عمل زوال میں پڑھنے نہیں چاہیے۔اس لیے پیر کے روز سب سے بہتر ساعت قمر کی صبح 8 بجے تک ہے اسی طرح بالفرض اس لیے بدھ کی رات کو قمر کی ساعت میں کوئی عمل پڑھنا ہے اور موسم ایسا ہے کہ

8 بجے سورج غروب ہوتا ہے تو اس حساب سے 11 سے 12 بجے رات تک قمر کی ساعت ہے۔ ہذا القیاس۔

حروف ابجد سے موکل جن اور اسم ذات وغیرہ معلوم کرنے کا جدول

حرف معہ اعداد		اعداد اسم ذات	اسم ھٹے	موکل	جن	کواکب	جلالی یا جمالی	بخور
ا	۱	۶۶	اللہ	اسرافیل	نیلوش	زحل	جلالی	عود سیاہ
ب	۲	۱۱۳	باقی	جبرائیل	دنوش	مشتری	جمالی	شکر
ج	۳	۱۱۴	جامع	کنکائیل	نولوش	مریخ	مشترک	دار چینی
د	۴	۶۵	دیان	دردائیل	طیوش	شمس	جلالی	صندل سرخ
ہ	۵	۴۰	حادی	دودائیل	ہوش	زہرہ	جمالی	صندل سفید
و	۶	۴۶	ولی	افتخائیل	پویوش	عطارد	جمالی	کافور
ز	۷	۳۷	زکی	شکائیل	کاپوش	قمر	مشترک	شہد
ح	۸	۱۲۸	حق	تنکفیل	عبوش	زحل	مشترک	زعفران
ط	۹	۲۱۵	کاہر	اسمائیل	پدیوش	مشتری	جلالی	مشک
ی	۱۰	۱۳۰	یٰسین	سراکیکائیل	ھبوش	مریخ	جمالی	گل سرخ
ک	۲۰	۱۱۱	کافی	فرزائیل	قدیوش	شمس	جمالی	گل سفید
ل	۳۰	۱۲۹	لطیف	کاکائیل	عدیوش	زہرہ	جمالی	پوست سیب
م	۴۰	۹۰	ملک	رویائیل	عبوش	عطارد	جلالی	ریبی
ن	۵۰	۵۶	نور	حوائیل	دلیوش	قمر	جمالی	چنبیلی
س	۶۰	۱۸۰	سمیع	سمواکیل	لغیوش	زحل	مشترک	خوشبو مرکب
ع	۷۰	۱۱۰	علی	لوماکیل	قلیوش	مشتری	جلالی	قاقلی سفید
ف	۸۰	۴۸۹	فتاح	سرحائیل	یطلیوش	مریخ	جمالی	جوز
ص	۹۰	۱۳۴	احد	اسیائیل	قلابوش	شمس	جلالی	جلوتری
ق	۱۰۰	۳۰۵	قادر	عطرائیل	سمیوش	زہرہ	مشترک	ترنج
ر	۲۰۰	۳۰۲	رب	اسواکیل	رہوش	عطارد	جلالی	گلاب
ش	۳۰۰	۳۶۰	شفیع	ہمرائیل	تشویش	قمر	جلالی	عود
ت	۴۰۰	۴۰۹	تواب	عزرائیل	رطیوش	زحل	جمالی	عنبر
ث	۵۰۰	۹۰۳	ثابت	میکائیل	طیبوش	مشتری	جلالی	عود
خ	۶۰۰	۷۳۱	خالق	مہکائیل	والاپوش	مریخ	مشترک	بنفشہ
ذ	۷۰۰	۹۲۱	ذاکر	ہرطائیل	ططاپوش	شمس	مشترک	ریحان موتیا
ض	۸۰۰	۱۰۰۱	ضار	خکائیل	لماپوش	زہرہ	جلالی	گل نار
ظ	۹۰۰	۱۱۰۶	ظاہر	نورائیل	عفورلوش	زہرہ	جلالی	گل نسرین
غ	۱۰۰۰	۱۱۸۶	غفور	نوحائیل	عرتوپوش	قمر	جمالی	لونگ

فرض کرو کہ اب اسم خوشی محمد کی ہم نے عزیمت نکالنی اور پڑھنی ہے تو پہلے اس کے کل حروف الگ الگ کرلیں۔ خ و ش ی م ح م د۔ اب ان کو خالص کریں۔ یعنی جو ایک دفعہ آجاوے پھر اُسے دوبارہ نہ لکھیں۔ تو ان کی تخلیص اس طرح ہوگی۔ خ و ش ی م ح د۔ اب ان کی اسم ذات اور موکل نکالیں۔ تو اس طرح نکلیں گی۔ خ و ش ی م ح د۔ اسم ذات خالق، ولی، شفیع، یٰسین، ملک، دیان۔ اسمائے موکل مہکائیل، افتخائیل، ہمرائیل، سراکیکائیل، رویائیل، تنکفیل، دردائیل۔ پس اسم ذات اور موکل نکال کر اب اس کی عزیمت اس طرح بنائی جاتی ہے۔ یا مہکائیل، یا افتخائیل، یا ہمرائیل، یا سراکیکائیل، یا رویائیل، یا تنکفیل، یا دردائیل بحق یا خالق، یا ولی، یا شفیع، یا یٰسین، یا ملک، یا حق، یا دیان اس قدر عزیمت پڑھ کر آگے اپنا مطلب بیان کر کے اپنا اور مطلوب کا نام لیوے۔ اور انہیں حروف کے موافق بخور جلاوے۔ یعنی بنفشہ، کافور، عود، گلاب کا پھول بھی زعفران، صندل سرخ، یہ سب اشیا ملا کر آگ پر ڈالنا ہے۔ اس تمام قاعدہ کو خوب غور سے پڑھو اور سمجھو یہ کہ قاعدہ دراصل کل عملوں کی جان ہے۔ خصوصاً علم جفر کے عمل کیلئے تو از حد ضروری ہے اور ایک عمل علم جفر کا جو ہم اسی کتاب میں آئندہ درج کریں گے۔ اس کا بہت بڑا اور اسی قاعدہ پر ہے۔ پس اگر یہ قاعدہ تم کو اچھی طرح یاد ہوگا تو تم ضرور کامیاب ہو جاؤ گے اور اگر یاد نہ ہو یا اس کے موافق عمل نہ کر سکے تو ممکن ہے کہ تم رہ جاؤ گے۔ ایک اور بات یاد رکھنے کے لائق ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ اگر بکری کے شانہ پر کوئی نقش تعویذ یا عزیمت لکھ کر آگ میں دفن کرنی ہو تو شانہ ایسا ہو جو نقص دار نہ ہو۔ بلکہ بلکل سالم ہو۔ کیونکہ قصائی جب شانہ کی ہڈی نکالتے ہیں تو اس میں چھری مار کہ سوراخ کر دیتے ہیں۔ یا اس کا ایک سرا اور اوپر والا حصہ توڑ ڈالتے ہیں۔ اس لئے تم ہڈی ایسی لاؤ جو ان سب نقصوں سے مبرا ہو۔ اگر میسر نہ آوے۔ تو خود ایک بکرا ذبح کر کے اس میں سے نکال

لوح نورانی

روحانیات میں حروف مقطعات و نورانی کو غیر معمولی مانا جاتا ہے۔ اِن کے اسرار ہر کسی پر الگ طریقے سے منکشف ہوتے ہیں اور ہر ایک کا مکاشفہ و مشاہدہ اِن کی روحانیت کے حوالے سے الگ ہے۔ قرآن عظیم کی متعدد سورتوں کی ابتداء اِن سے ہوتی ہے۔ یہ اپنے اسرار کے ساتھ ہر سعد و نیک کام کے حوالے سے عملیاتی و روحانی موثریت کے حامل ہیں۔ کوئی بھی امر ہو اس کے لیے اِن کو مجرب و موثر پایا گیا ہے۔ صحت، نوکری، اولاد، شادی، سفر، بزنس، خوبصورتی، لطافت، ذہانت، یاداشت، اولاد، شہرت، رد سحر و بندش جیسے لاتعداد امور کے لیے اس لوح سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔

لو۔ اگر کوئی عمل اسی طرح نعل پر کرنا ہو تو وہ نعل لاؤ جو سیاہ رنگ گھوڑے کے پاؤں سے گرا ہو۔ اور وہ ثابت اور سالم ہو۔ اور اگر کوئی عمل پان پر کرنا ہو تو حتی المقدور کپور یا پان یا خوشبودار استعمال کیلئے لاؤ۔

سعد نیک ستاروں کا حال

عطارد، مشتری، قمر، زہرہ سعد میں نیک ستارے ہیں۔ شمس، مریخ، ذنب نحس ہیں۔ راس اور زحل کبھی نیک اور کبھی برے ہوتے ہیں۔ لیکن کوئی عمل قمر در عقرب میں ہرگز شروع نہ کرے۔

جن مہینوں اور تاریخوں میں قمر در عقرب ہوتا ہے اس کا جدول یہ ہے

ایام ماہ	تاریخ	نام ماہ	تاریخ	نام ماہ	تاریخ	نام ماہ	تاریخ
چیت	۱۷	بیساکھ	۱۶	جیٹھ	۱۳	انساڑھ	۱۱
ساون	۸	بھادوں	۶	اسوج	۳	کاتک	۱
مگھر	۲۸	پوہ	۲۶	ماگھ	۲۳	پھاگن	۲۱

واضح رہے کہ ہر مہینے اڑھائی روز رہتا ہے یعنی جس تاریخ کو شروع ہوتا ہے اس سے اڑھائی روز تک شمار ہوتا ہے۔ مثلاً بیساکھ میں ۱۶ ہے تو ۱۶ تاریخ سے شروع ہو کر ۱۶، ۱۷ اور نصف ۱۸ کا رہے گا اور اگر یکم کاتک سے شروع ہوگا۔ پہلی، دوسری اور نصف تاریخ تیسری تک رہے گا۔ کیونکہ اڑھائی دن پورے کرنے ہیں۔ اسی طرح باقی کل مہینوں کا حال سمجھو۔ پس لازم ہے کہ اگر کوئی نیا کام کرنا ہو تو ان تاریخوں میں شروع نہ کرے، ورنہ نقصان اٹھائے گا۔ ہاں اگر کوئی عمل شروع کر رکھا ہو۔ اور اس کے چلہ میں قمر در عقرب آجاوے تو کچھ مضایقہ نہیں ہے۔

طالع کی موافقت اور ناموافقت

اگر طالب اور مطلوب کے طالعوں میں قدرتی نفاق ہے تو عمل سے مطلب کا حاصل ہونا محال ہے۔ کیونکہ قدرتی تاثیر کبھی نہیں پھر سکتی ہاں اگر قدرتی نفاق نہ ہو تو ضرور اثر ہو جاتا ہے۔ ذیل میں ہم پہلے درج کرتے ہیں۔ جس سے ہر ایک شخص کا طالع معلوم ہو سکتا ہے۔ پھر طالع کی دوستی دشمنی کا حال درج کریں گے۔

